DELHI UNIVERSITY LIBRARY SYSTEM

Cl No. 0168,1w2 N2 N4

Ac. No. E10862 Date of release of loan

This book should be returned on or before the date last stamped below. An overdue charge of 10 np. will be charged for each day the book is kept overtime.

DELHI UNIVERSITY
LIBRARY

مقدمہ

تذکرۂ شعرا مؤلفہ میر حسن دہلوی

"بدرِ منیر" نے میر حسن دہلوی کے نام کو آسمانِ شہرت پر مہرِ منیر بنا کر روشن کیا۔ روشنی طبع نے میر صاحب کو یہ مضمون پہلے ہی سمجھا دیا تھا۔ مثنوی کی نسبت کہتے ہیں ؎

رہے گا جہاں میں مرا اس سے نام
کہ ہے یادگارِ جہاں یہ کلام

"مثنوی میر حسن" کو جو قبول عام نصیب ہؤا شاید ہی اُردو کی کسی کتاب کو نصیب ہؤا ہو۔ جو پڑھ سکتے تھے، اُنھوں نے پڑھی۔ جو نہیں پڑھ سکتے تھے، اُنھوں نے پڑھوا کر سُنی۔ جاہلوں کا بھی یہ عالم رہا کہ جو دو چار شعر یاد تھے، اُن کو پڑھتے تھے اور سر دُھنتے تھے۔ چاندنی رات میں ماہِ کامل کی روشنی بہت سے ستاروں کو نگاہ سے اوجھل کر دیتی ہے یہی حال "بدرِ منیر" کی آب و تاب کے سامنے میر حسن کے باقی کلام کا ہؤا۔ آبِ حیات میں آزاد نے لکھا ہے کہ دیوان اب نہیں ملتا "تذکرہ" بھی طاقِ نسیان کی نذر ہو چکا تھا۔ بالآخر وقت آیا کہ کلامِ حسن کا حُسنِ سادہ رونمائے عالم ہو۔ اہلِ ادب کو مژدہ کہ "انجمن ترقیِ اُردو" کلیات اور تذکرہ دونوں کی اشاعت پر آمادہ ہے۔ اوّل تذکرے کی یاد ہوئی ہے۔

تذکرۂ شعرا یہ تذکرہ میر حسن نے اُس زمانہ میں لکھا ہے جب کہ دلّی کو خیرباد کہہ کر فیض آباد میں سکونت پذیر تھے، چنانچہ خود اپنے حال میں لکھتے ہیں۔ "شروعِ جوانی

خانصاحب عبداللطیف نے "لطیفی پریس لیمٹڈ" دہلی میں چھاپا
اور
منیجر انجمن ترقی اردو (ہند) نے دہلی سے شائع کیا

خوبی خاص یہ ہے کہ ایک پاکیزہ مذاق اُستاد کا قلم نکتہ سنجی کے ساتھ انصاف کی داد دے رہا ہے۔
اسی لیے اہلِ کمال کے خط و خال اس آئینہ میں ہو بہو ہویدا ہیں۔

اگرچہ عبارت کا معتد بہ حصہ رنگ آمیزی کی نذر ہو جاتا ہے تاہم ہمعصرانہ قیمتی معلومات بھی قلم سے نکلتی جاتی ہیں جس سے شاعر کے اندازِ کلام، طرزِ زندگی اور صورت و شکل پر معنی آفریں روشنی پڑجاتی ہے۔ مثلاً میر تقی کے حسب ذیل ضروری حالات زیر نظر آجاتے ہیں۔
اُن کا "خان آرزو" کا بھتیجا اور شاگرد ہونا۔ وطن اکبر آباد۔ اس تذکرہ کی تحریر کے وقت میر تقی کا سن ساٹھ برس کا تھا اور دلّی میں مقیم تھے۔ جوان محمد شاہی تھے۔ میر تقی کا "تذکرۂ متقدمین و معاصرین" یادگارِ زمانہ تھا۔ رباعی، غزل، قصیدہ، ہجو، مدح سب پر قدرت ہے۔ گرم بازاری کمال غزل کی وجہ سے تھی، جس کی شان یہ تھی کہ "بسیار باندازہ و طرز ازو می تراود" میر صاحب کا صاحبِ دماغ ہونا "بسیار صاحب دماغ ست و دماغِ او می زیبد" عبارت آرائی میں یہ فقرہ بھی ہے۔ "شعرش چوں دُرِ خوشاب و اندازِ سخنش بے حساب"

سودا۔ حالات و صفات۔ مولد شاہجہاں آباد۔ تحریر تذکرہ کے وقت سن کا اندازہ ستّر برس کا تھا۔ نوکری پیشہ۔ سرکار نواب شجاع الدولہ میں بسلسلۂ شاعری سرفراز تھے۔ علم موسیقی میں مہارت تھی۔ میر حسن اکثر اُن کی خدمت میں جاتے تھے اور وہ بہت کرم فرماتے تھے۔ خوش خلق، نیک خو، یار باش تھے۔ شاعری کی زندگی اُن کی ذات سے وابستہ تھی۔ طرزِ سخن؛ "میدانِ بیانش وسیع۔ طرزِ معانی او بدیع ۔۔۔ در قصیدہ و ہجو ید بیضا دارد۔ قصائد عذب دلاویز و بیانِ ہجو بلند نظمش طرب انگیز"

سوز۔ حالات و صفات۔ سیّد ضیاء الدین بخاری کے بیٹے۔ قطب عالم گجراتی کے خاندان سے۔ فقیہ، درویش منش، خوشنویس، دانشمند، فطرت نہایت بلند، علوم تیراندازی میں ایک رسالہ زوردار لکھا تھا۔ رنگِ زمانہ سے بد دل ہو کر گوشہ نشین تھے۔ اشعار اس خوبی سے پڑھتے تھے کہ بیان میں نہیں آسکتے۔ طرزِ سخن "در عہدِ خود از جملہ ادا بنداں ممتاز۔ طرزِ ادائیہ ملک اوست"

از گردشِ روزگار ..... بطرف لکھنؤ فیض آباد رسیدم" تذکرہ ہذا میں میر صاحب نے جو فہرست اپنی تصانیف کی لکھی ہے اُس میں "مثنوی رموز العارفین" ہے "گلزارِ ارم" نہیں ہے۔ رموز العارفین کا سال تصنیف ۱۱۸۸ھ ہے اور گلزارِ ارم کا ۱۱۹۲ھ۔ رموز العارفین کی نسبت لکھا ہے کہ وہ مشہور ہو چکی ہے اس سے واضح ہے کہ تذکرہ ۱۱۸۸ھ اور ۱۱۹۲ھ کے مابین لکھا گیا اور آج اُس کی تالیف کو ڈیڑھ سو برس کا زمانہ گزر چکا۔ رسمِ قدیم کے مطابق یہ تذکرہ فارسی زبان میں بہ رعایت حروفِ تہجی لکھا گیا ہے۔ ہر ردیف میں تین دوَر قائم کیے ہیں۔ متقدمین، متوسطین، متاخرین۔ "دوَرِ متقدمین" فرخ سیر سے پہلے۔ اس دوَر میں زبانِ ریختہ کا رواج زبانِ دکن سے ہوا۔ "دوَرِ متوسطین" آخر عہدِ فرخ سیر سے ابتدا عہد محمد شاہ تک "متاخرین" اس کے بعد سے زمانۂ تالیف تذکرہ تک اب سب متقدمین ہیں۔ رہے نام اللہ کا۔

یہ تذکرہ شاہد ہے کہ مؤلف کو عبارت آرائی و رنگیں بیانی میں عمدہ دستگاہ حاصل تھی۔ وہ سادہ و پُرکار طرز عبارت جو میر تقی میر کے تذکرہ کی ہے اس میں نہیں۔ میر کی یہ ادبی قوت خانِ آرزو کی تربیت کا ثمرہ تھی۔ ایک مثال سُن لو۔ میر تقی ایک موقع پر لکھتے ہیں۔ "خوش تقریر بمرتبہ ایست کہ در تحریر نگنجد" میر حسن اسی موقع پر کہتے ہیں "خوش تقریر بمرتبۂ ایست کہ در تحریر و تقریر نگنجد"۔ ارباب ذوقِ سلیم نے محسوس کیا ہوگا کہ ایک لفظ کے اضافے نے زورِ کلام کم کر دیا۔

اس تذکرہ کے زمانۂ تصنیف کی ایک خاص خوبی ہے اور وہ یہ کہ وہ ایسے زمانہ میں تصنیف ہوا ہے کہ دوَرِ سوم ختم اور دوَرِ چہارم شروع ہو رہا تھا۔ اس طرح مؤلف نے دونوں دور کے شعرا کے چشم دید حالات قلمبند کیے ہیں۔ میر، سودا، خواجہ میر درد اور حضرت میرزا مظہر کو دیکھا، اسی کے ساتھ مصحفی، انشا اور جرأت کو۔ دوَرِ سوم اور دوَرِ چہارم کے طرزِ کلام کا ڈانڈا جہاں ملا ہے وہ اس تذکرہ کے انتخابی اشعار سے بخوبی واضح ہے۔

آمدم برسرِ مطلب۔ میرحسن کا نام غلام حسن تھا۔ اُن کے والد میر غلام حسین ضاحک نے دلّی میں نشوونما پایا۔ آخر زمانہ میں فیض آباد میں جاکر سکونت اختیار کی۔ تحریر تذکرہ کے وقت زندہ تھے اور تیس برس سے ترک روزگار کرکے آزادانہ زندگی بسر کر رہے تھے۔ عالم و فاضل تھے، ناظم و ناثر، ہزل دوست، مزاح پسند۔ غزل چالیس[4] پچاس[5] شعر سے کم نہ ہوتی تھی۔ فنِ موسیقی میں بھی دخل تھا۔ قد میانہ، رنگ بھورا، ڈاڑھی اوسط، ریش بچہ منڈا ہوا۔ سبز عمامہ بطرز عرب باندھتے تھے۔ بڑا سا جبّہ پہنتے تھے۔ فارسی اور ریختہ دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے۔ قصائدِ فارسی کی تعریف تذکرۂ شعرائے ہند کے مؤلف نے کی ہے۔ متین کلام کا نمونہ یہ ہے ؎

در پیش اگر روزِ اجل آہ نہ ہوتا — قصہ تھا محبت کا یہ کوتاہ نہ ہوتا
اُس آن تھمے آنسو جس آن کہ دل ڈوبا — تب جان سے ہم اُٹھے جب دیدۂ نم بیٹھے

رباعی در منقبت

کشّافِ حقائق و نکاتِ توحید — آں راکبِ دوشِ احمدی شاہ شہید
خود معنیِ آیاتِ کلامِ الٰہی ست — تفسیرِ حسینی ست بقرآن مجید

تذکرۂ میرحسن میں یہ رباعی اُن کے نام سے درج ہے حالانکہ وہ مولانا لطف اللہ شیرازی کی مشہور رباعی ہے اور فارسی تذکروں میں اُن کے نام سے درج ہے۔

رباعی

افسوس دلا کہ غمگساراں رفتند — سیمیں بدناں و گلعذاراں رفتند
چوں بوئے گُل آمدند بر باد سوار — در خاک چو قطرہائے باراں رفتند

میرحسن دہلی میں پیدا ہوئے۔ فارسی کی تعلیم پائی۔ عربی سے واقف نہ تھے۔ ابتدا سے شعر و سخن کا شوق تھا۔ اس سلسلے میں حضرت خواجہ میر درد کی خدمت میں رہ کر پختگی حاصل کی۔ میر ضیا کے شاگرد تھے، مگر خود لکھتے ہیں کہ مجھ سے اُن کی طرز کا نباہ نہ ہو سکا۔ اس لیے

جرأت - حالات وصفات - وطنِ اصلی شاہجہاں آباد - مقامِ نشو ونما فیض آباد - میاں حسرت کے شاگرد جوان چیچک رُو - خوش خلق - نیک "دریں نوجوانی بسیار بحلم وحیا بسر می برد" فنِ موسیقی اور ستار نوازی میں ایک حد تک قدرت طبیعت بہت دردمند اور گداز - شوقِ شعر حدِ جنوں تک پہنچا ہوا کہ کسی وقت فکرِ سخن سے خالی نہیں - طرزِ سخن "کلامِ نمکین بیانِ شیریں - گلزارِ معانیش چوں میوۂ آرزو شاخ در شاخ" اس تذکرہ کا نام مؤلف نے نہیں لکھا -

مؤلف تذکرہ کے حالات | مسلمانوں کے عہدِ حکومت نے جن شہروں کو نازونعمت کا مخزن اور علم وکمال کا معدن بنایا تھا، اُن میں خراسان کا دارالسلطنت ہرات بھی تھا یہی مردم خیز شہر میر حسن کے خاندان کا بھی وطن تھا - میر امامی وہاں سے ہندوستان میں آئے جو میر حسن کے پرداد تھے، ہفت قلم تھے اور فاضل متبحر - بلحاظ علم وفضل دلّی میں آکر ہمسروں میں امتیاز حاصل کیا شعر بھی کہتے تھے - یہ لکھکر میر حسن کہتے ہیں کہ میری شاعری آبائی ہے نہ آج کی ہرچند کہ میر انیس نے اپنے لیے پانچویں پشت مدّاحی کا دعویٰ کیا ہے ع

پانچویں پشت ہے شبّیر کی مدّاحی میں

مگر میر حسن کی شہادت کی بنیاد پر چھٹی پشت تھی - میر نفیس نے کس نفاست سے اس مسئلہ کو صاف کر دیا ہے ع

شمشیرِ فصاحت پہ ہے یہ ساتواں صیقل

سات پشتیں ملاحظہ ہوں -

۱ - میر امامی
۲ - خواجہ عزیز اللہ
۳ - میر ضاحک
۴ - میر حسن
۵ - میر خلیق
۶ - میر انیس
۷ - میر نفیس

میر حسن کے اخلاق کی بابت "تذکرۂ شعرائے ہند" میں لکھا ہے۔ "وہ ظریف اور خوش خلق آدمی تھا، مگر بیہودہ اور کلام معیوب کبھی زبان سے نہیں نکلتا تھا۔ سوا ازیں شیریں مزاج، خوش خلق پسندیدہ تعلیم یافتہ تھا۔ کسی شخص نے اُس کو بُرا نہیں لکھا۔ اور نہ کچھ الزام لگایا ہے"

آخر ماہ ذی الحجہ میں علیل ہوئے۔ عشرۂ محرم ۱۲۰۱ھ میں انتقال کیا (یعنی مثنوی "سحرالبیان" کے ختم ہونے کے دو سال بعد) مرزا قاسم علی خاں کے باغچہ کی پشت پر مدفون ہوئے۔ مصحفی نے تاریخ وفات کہی۔

چوں حسن آں بلبلِ خوش داستاں ۔۔۔ رُو ازیں گلزارِ رنگ و بو بتافت
بسکہ شیریں بود نطقش مصحفی ۔۔۔ شاعرِ شیریں بیاں تاریخ یافت ۱۲۰۱ھ

چار بیٹے تھے اُن میں سے تین محسن، خلیق اور خلق شاعر ہوئے شاید ہی اس کی نظیر تاریخ عالم میں ملے کہ شاعری ایک خاندان میں آٹھ پشت تک مسلسل رہی ہو۔ یہ طرۂ امتیاز میر حسن کے خاندان کی دستار پر کھلا۔ کسبی علوم سات آٹھ پشت تک شاذ و نادر چلے ہیں چہ جائیکہ شاعری جو وہبی ہے۔ پھر قدرت نے اس فراوانی سے یہ نعمت اس خاندان کو بخشی کہ میر حسن کے تین صاحبزادے شاعر ہوئے اور تین پوتے۔ میر انیس، مونس، اُنس ایک میر انیس تنہا ایک ملک کے فخر کے لیے کافی ہیں۔

میر حسن کا کلام میر حسن اپنے تذکرہ میں لکھتے ہیں۔ اب تک فقیر نے قریب سات آٹھ ہزار کے شعر کہے ہیں۔ ایک ترکیب بند کہا ہے اور ایک مثنوی رموز العارفین جو قبول خاطر و شہرت عام حاصل کر چکی ہے۔

آبحیات میں آزاد لکھتے ہیں " دیوان اب نہیں ملتا" اسی کے ساتھ قدرت اللہ خاں قاسم کا یہ قول دیوان کی نسبت نقل کیا ہے۔ " انواع سخن سے لبریز ہے" ایک اور موقع پر لکھتے ہیں " آج یہ نوبت ہے کہ پانچ غزلیں بھی پوری نہ ملیں جو کتاب میں درج کرتا"

میر درد کی طرز کی پیروی کی۔ تلمذ کی بابت آبِ حیات میں لکھا ہے "میرزا رفیع کو بھی غزل دکھائی۔" میر حسن کے بیان سے اُس کی تائید نہیں ہوتی۔ وہ اپنا تلمذ صرف میر ضیا سے ظاہر کرتے ہیں۔ البتہ یہ لکھتے ہیں کہ چوں کہ میں اُن کی طرز نباہ نہ سکا، اس لیے میر، درد، اور سودا کی طرز کی پیروی کی۔ یہاں بھی سودا کی تخصیص نہیں۔ آزاد نے جو خط میر حسن کا قدرت اللہ خاں قاسم کے نام نقل کیا ہے اُس میں بھی یہی لکھا ہے "اصلاح سخن از میر ضیا گرفتہ ام۔" سودا کا نام نہیں۔ آغاز شباب میں دلی کی تباہی سے پریشان ہو کر اپنے والد کے ساتھ فیض آباد گئے۔ وہاں سے بالآخر لکھنؤ جا کر بود و باش اختیار کر لی۔ اس سفر میں دلی سے چل کر اول چند مہینے ڈیگ میں رہے، وہاں سے حضرت شاہ مدار کی چھڑیوں کے ساتھ مکن پور گئے۔ اسی منزل کی کیفیت نے مثنوی گلزار ارم کی بہاریں دکھائیں۔ فیض آباد اور لکھنؤ میں نواب سالار جنگ اور اُن کے بیٹے میرزا نوازش علی خاں کی مصاحبت میں رہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ گزر یہاں بھی تنگی سے ہوتی رہی۔ خود لکھتے ہیں۔ "چنانچہ تا حال بہر نوع گزراں می نمایم۔"

حُلیہ ۔ ڈاڑھی منڈی ہوئی، رنگ بھورا، قد اچھا بڑا (میر نفیس تک یہ قد و قامت قائم تھا) پُرانی وضع کی پگڑی سر پر (اب سرے سے پگڑی ہی ندارد ہے، پُرانی وضع کون سمجھے گا) اپنے والد کی طرح بڑا سا جُبّہ پہنتے تھے، یہ حلیہ "تذکرۂ شعرائے ہند" میں لکھا ہے۔ آبِ حیات میں اس کے خلاف یوں لکھا ہے "میانہ قد، خوش اندام، گورا رنگ جملہ قوانین شرافت و آئین خاندان میں اپنے والد کے پابند تھے، اتنا تھا کہ داڑھی منڈاتے تھے، سر پر بانکی ٹوپی۔ تن زیب کا انگرکھا، پھنسی ہوئی آستینیں، کمر سے دوپٹہ بندھا۔" اہلِ نظر فیصلہ کریں کہ کون سا بیان قابلِ قبول ہے۔ "تذکرۂ شعرائے ہند" کی قدامت اور تحقیقات کے موقع کا زیادہ حاصل ہونا غالباً تذکرۂ شعرائے ہند کو زیادہ مستند قرار دے۔

خدا کا شکر ہے کہ جو نعمت مؤلف آبحیات کے لیے پردۂ ظلمات میں رہی وہ مجھ کو مل گئی۔ لکھنؤ سے کلیاتِ میرحسن کا نسخہ ہاتھ آیا جو ۱۲۵۶ھ کا لکھا ہوا ہے مطلا اور مُذہب ہے اور اس اہتمام سے لکھا گیا ہے جس اہتمام سے فارسی شعرا کے دواوین لکھے جاتے تھے نعمت بالائے نعمت یہ ہے کہ صحیح ہے۔ قدرت اللہ خاں قاسم کا قول بھی اس پر صادق ہے۔ انواعِ سخن سے لبریز ہے۔ چار سو صفحہ کا حجم ہے۔ تقریباً سات ہزار شعر ہیں۔ غزل کے اشعار قریباً چار ہزار ہیں۔ چھوٹی بڑی گیارہ مثنویاں ہیں۔ سات قصیدے ہیں۔ مخمس۔ مسدس۔ مثلث رباعی بھی ہیں۔ وہ ترکیب بند بھی (واسوخت کے نام سے) موجود ہے جس کا ذکر تذکرہ میں میرحسن نے کیا ہے۔ مرثیے نہیں ہیں حالانکہ میرحسن نے مرثیوں کا لکھنا تذکرہ میں لکھا ہے۔ اس مجموعے کی دستیابی سے آزاد کا وہ تاسف آمیز شکوہ رفع ہو جاتا ہے جو ان کو اخلاف میرحسن سے کلیات مرتب نہ کرنے کی بابت تھا۔

جوشِ عقیدت | سب سے اول شاہ عالم بادشاہ کا ذکر لکھا ہے۔ اس ادب کے ساتھ "ذکر اول بادشاہ جمجاہ سکندر سپاہ ظل اللہ شاہ عالم بادشاہ ۔ ۔ ۔ خلد اللہ ملکہٗ و افاض اللہ برہ و احسانہٗ" اس ذکر کے بعد تذکرہ شروع ہوتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر چند اُس عہد میں سلاطین مغلیہ کے ہاتھ سے سلطنت ظاہری جا چکی تھی مگر دلوں پر حکومت قائم تھی۔

ادبی نکتے | جس طرح میر صاحب نے "نکات الشعرا" کو ضمناً جا بجا ادبی نکتے اور فائدے بیان کر کے زینت دی ہے اسی طرح میرحسن نے اپنے تذکرہ کو آراستہ کیا ہے۔ ریختہ کی تعریف "ریختہ اول از زبان دکن رواج یافتہ" اس لحاظ سے یہ گرانبہا جنس، شاہجہانی اُردو بازار کی دکانوں کی ملکیت تھی (میرحسن اور میر تقی میر دونوں نے اپنے تذکرہ میں اس زبان کا نام یا ہندی لکھا ہے یا ریختہ۔ اُردو جہاں تک میرا خیال ہے کہیں نہیں لکھا۔ منشی کریم الدین نے اُردو کے ساتھ ہندوستانی بھی لکھا ہے طرز متقدمین

مثنوی گلزار ارم کی نسبت لکھتے ہیں "۔ میں نے یہ مثنوی دلّی کی تباہی سے پہلے دیکھی تھی"۔ تذکرۂ آبحیات سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ " آزاد " کو مثنوی رموز العارفین کی خبر نہ تھی۔ تذکرۂ شعراے ہند میں منشی کریم الدّین نے میرحسن کی تصانیف کی نسبت عجب خلط مبحث کردیا ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں " حسن مذکور کی تصنیفات یہ ہیں۔ ایک دیوان اقسام سخن کا جس میں تخمیناً آٹھ ہزار شعر ہیں۔ دوسرا تذکرہ ہندی مصنّفوں کا ریختہ میں لکھا ہے۔ تیسری مثنوی بدرِ منیر۔ اس مثنوی کی برابر کسی سے آج تک اچھی مثنوی نہیں ہوئی۔ چوتھی سحرالبیان۔ یہ سب سے بڑی کتاب میرحسن کی ہے۔ اس میں عورتوں کی پوشاکِ عجیبہ کا حال بیان کیا گیا ہے اور طوائف کا بھی اُس میں ذکر ہے اور مسلمانوں کی رسماتِ شادی کا بھی حال اُس میں مندرج ہے "۔ ظاہر ہے کہ " سحرالبیان " مثنوی بدرمنیر کا نام ہے۔ چنانچہ میرحسن نے مثنوی مذکور کے خاتمہ میں لکھا ہے۔ ع

نئی مثنوی ہے یہ سحرالبیاں

منشی صاحب جس مثنوی کو سحرالبیان کہتے ہیں وہ گلزار ارم ہے لیکن وہ مثنوی بدرِ منیر سے بڑی نہیں " تذکرہ " ریختہ میں نہیں لکھا بلکہ فارسی میں لکھا ہے۔ رموز العارفین کا پتہ منشی کریم الدّین کو بھی نہیں لگا۔ اور چونکہ ان کا تذکرہ ڈی ٹاسی کے تذکرہ سے ماخوذ ہے اس لیے ماننا چاہیے کہ ڈی ٹاسی بھی اُس سے بے خبر تھا۔ تذکرہ بھی دیکھا نہیں سماعی خبر لکھ دی، ورنہ اُس کی زبان کی بابت ایسی فاحش غلطی نہ ہوتی۔ یہاں ایک دقّت اور ہے۔ آزاد نے آبحیات میں جو خط خود میرحسن کا قدرت اللہ خاں قاسم کے نام کا نقل کیا ہے اُس میں یہ عبارت ہے۔ " تذکرہ در ریختہ ہم نوشتہ " اس عبارت کے معنی خلاف ظاہر یہ لینے ہوں گے۔ " دربیان شعرائے ریختہ نوشتہ "۔ ورنہ یہ تو بعید از قیاس ہے کہ شعراے ریختہ کے دو تذکرے میرحسن نے لکھے ہوں۔ ایک زبانِ ریختہ میں دوسرا فارسی میں۔ غالباً اسی خط کی عبارت سے منشی کریم الدّین کو لغزش ہوئی۔

صوبہ دار تھے۔ شیخ علی کے شاگرد "آشنا پرست" سیاہ دوست فارسی کا ذوق تھا۔ ریختہ کا صرف ایک شعر کہا جو مشہور ہوگیا۔ اس کا واقعہ خود میر حسن کے الفاظ میں سنو۔ "شعر ریختہ کم گفتہ بلکہ نگفتہ۔ مگر وقتیکہ خبر شہید شدن سراج الدولہ در شہر افتاد ہماں وقت فی البدیہہ ایں شعر میخواند و از خبر داراں خبر می پرسید و گریست ؎

غزالاں۔ تم تو واقف ہو کہو مجنوں کے مرنے کی
دوانہ مرگیا آخر کو ویرانہ پہ کیا گزری ؟

ہمیں شعر از و یادگار ماند۔" ذرا اس شعر کو مکرر پڑھو اور اس کے درد کا اندازہ کرو اور یہ بھی غور کرو کہ ایک "آشنا پرست" ماتحت کے دل کے واردات کا سچا نقشہ ہے۔ کیا اس کے بعد مجھکو یہ کہنے کی اجازت ملے گی کہ تاریخ کے سیاہ کار ہیں یا ہول کے داغدار سراج الدولہ! تیرے دل میں تو محبّت و ہمدردی کا چراغ روشن نظر آتا ہے! اُن کے اُستاد میر ضیا نے اپنے یہ شعر اُن کو سنائے تھے ؎

تربت ضیا کی دیکھی کل رات ڈیرے میں
آئے نظر مجھے واں شمع و چراغ کتنے

جاکر جو آج دن کو دیکھا میں کر تفحص
اک دل جلے ہیں اُس میں حسرت کے داغ کتنے

سلام اللہ خاں تسلیم ایک فارسی گو شاعر نے ترجمہ کرکے یہی مضمون اپنے نام مشہور کردیا ؎

دوشں رفتم بر مزارِ کشتۂ تسلیم خویش
می نمود از دور صد شمع و چراغِ حسرتے

چوں شدم نزدیک۔ دیدم از تفحص ہا بسے
یک دلے میسوخت با صد چند داغِ حسرتے

میر حسن خفا ہیں (اور خفگی بجا ہے) "تسلیم در فارسی ترجمہ کردہ بنامِ خود شہرت داد۔ ایں ندانست کہ در نظرِ صورت شناسانِ معانی تبنّیٰ و فرزندِ پوشیدہ نمی ماند مثل ہندی مشہور ست "ہاتھی پھرے گاؤں گاؤں۔ جس کا ہاتھی اُس کا ناؤں۔" پھر بھی یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ تسلیم کے شعر زبان فارسی کی قوّت و صفائی کی بدولت ضیا کے اشعار سے زیادہ تابدار ہیں خصوصاً اس صورت میں کہ ضیا کی زبان بوجہ قدامت ماند پڑگئی ہے مصرع اوّل میں "کشتۂ تسلیم" نے جان ڈال دی ہے۔

ومتاخرین کا فرق۔ "طرزِ متقدمین بطور ایہام۔ طرزِ متاخرین بزبان حال ادائیے"

میر تقی نے خاکسار کے اس شعر میں ؎

خاکسار اُس کی تو آنکھوں سے گہے مت لگیو

مجھکو ان خانہ خرابوں ہی نے بیمار کیا

یہ اصلاح دی تھی "بر متتبع ایں فن پوشیدہ نیست کہ بجائے "بیمار کیا" گرفتار کیا، می بایست"

میر حسن کہتے ہیں "درعقل فقیر چنیں گزرد کہ اگر چشم خودی بود گرفتار مناسب بود۔ چوں اینجا چشم معشوق ست بیماری صحت دارد" دیکھو کیسی بات سُجھا گئے۔ راقم کا ایک شعر نقل کیا ہے

کام عاشقوں کا کچھ تجھے منظور ہی نہیں

کہنے کو ہے یہ بات کہ مقدور ہی نہیں

لکھتے ہیں کہ اس شعر میں "عین" (عاشقوں) تقطیع سے گرتا ہے اور یہ عینِ خطا ہے۔ مصرع یوں ہوتا تو بہتر تھا ع

میرا تو کام کچھ تجھے منظور ہی نہیں

مَعین بداؤنی کا ایک شعر ہے ؎

خوش ہم عریانی سے اتنے ہیں برنگِ بوئے گل　　نکلے جاتے ہیں ٹھہرتے نہیں پوشاک سے ہم

میر حسن کہتے ہیں۔ "خوش ہم عریانی ناموزون ست چراکہ "میم" با "را" چناں چسپیدہ است کہ "عین" چوں چشم غزال از میاں رم کردہ و ایں سخت عیب ست"

سجّاد کا شعر ہے ؎

تجھے غیر سے صحبت اب آئنی

اسی دوستی ہم سے ہے دشمنی

میر حسن کہتے ہیں "اسی دوستی۔ زبانِ قدیم ست یعنی برائے ہمیں"۔

راجہ رام نراین موزوں تخلص۔ نوّاب سراج الدولہ کی طرف سے عظیم آباد کے

مطالعہ سے صاف واضح ہو کہ ریختہ کہو، اُردو کہو، ہندی کہو جو نام چاہو رکھو مگر واقعہ یہ ہو کہ ہندوستان کی عام رائج زبان ہندو اور مسلمان اہلِ ادب کی محنتِ مشترکہ کا ثمرہ ہو ابتدائے شاعری سے لے کر انتہا تک یہ اشتراکِ محنت عیاں ہو۔ نکات الشعرا میں جہاں متقدمین شعرا میں خان آرزو اور قزلباش اُمید ہیں وہاں رائے انند رام مخلص اور ٹیک چند بہار بھی ہیں۔ متوسطین میں بندرابن راقم ہیں۔ میر حسن کے تذکرہ میں بھی بہت سے ہندو شعرا کا ذکر ہو۔ جن میں سے بعض جگت اُستاد تھے۔ مثلاً رائے سرب سنگھ دیوانہ تخلص۔ اُن کی نسبت لکھا ہو "شاعرِ زبردست فارسی ست۔ شعر بسیار گفتہ است۔ اُستادِ ریختہ گویانِ لکھنؤ۔ چنانچہ میاں حسرت و میر حیدر علی حیران و اکثر دیگر شاگردِ اویند۔ در آنجا مشہور و معروف است" حسرتِ مذکور اساتذہ لکھنؤ میں سے ہیں۔ جرأت کے اُستاد تھے۔ اُن کے شاگردوں کی یہ کثرت تھی کہ پہچان نہیں سکتے تھے۔ ایک اور معتبر شہادت منشی کریم الدین نے تذکرۂ شعرائے ہند میں (جو ڈی ٹاسی کے تذکرہ سے ماخوذ ہو) طبقۂ دوم۔ اُن شعرا کے ذکر میں لکھا ہو جو مصلحِ اُردو اور مروج اس زبان کے تھے۔ اور اُنھوں نے الفاظِ کریہہ کا استعمال یک قلم زبانِ ریختہ سے موقوف کر دیا۔ اس طبقے میں سب سے اوّل راجہ جسونت سنگھ متخلص بہ پروانہ کا ذکر ہو یہ نواب شجاع الدولہ بہادر کے نائب راجہ بنی بہادر کے بیٹے اور رائے سرب سنگھ دیوانہ کے شاگرد تھے۔ جرأت کی تاریخ کیا خوب کہی ہو ع

"کہو جنّت نصیب جرأت ہو"

پروانہ کے دیوان کی بابت یہ رائے ظاہر کی ہو "دیوان اس شاعر کا دیکھنے میں آیا بہت اچھا۔ پاکیزہ اشعار اُس کے ہیں ...." اشپرنگر بہادر کے پاس وہ دیوان موجود تھا۔ میر حسن نے اپنے تذکرہ میں حسب ذیل ہندو شعرا کا ذکر لکھا ہو۔ رائے پریم ناتھ۔ ٹیک چند بہار۔ سنتوکھ رائے بیتوا۔ سیانا تھ سنگھ۔ لالہ سرب سنگھ دیوانہ۔ گھاسی رام خوشدل۔ بندرابن راقم۔ لالہ بلاس رائے رنگین۔ لالہ خوشوقت رائے شاداب۔ رائے بھکاری داس

میر حسن صرف ادب اردو کے نقاد نہیں ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ فارسی شعرا کے کلام کی نقادی پر بھی پوری قوت تھی اور ہر ایک کے طرز کا جدا جدا اندازہ حاصل تھا چنانچہ اساتذۂ اردو کے کلام کی طرز کو اساتذۂ فارسی کی طرز سے تشبیہ دیتے جاتے ہیں میر ضیا "طرزش ما نا بطرز مولانا نسبتی"۔ میر تقی "طرزش ما نا بطرز شفائی"۔ خواجہ میر درد "دیوانش اگرچہ مختصر ست لیکن چوں کلام حافظ سراپا انتخاب"۔ میر درد کا ایک شعر سن لو حافظ کے بہت سے شعر یاد آجائیں گے ؎

ساقیا یاں لگ رہا ہے چل چلاؤ
جب تلک بس چل سکے ساغر چلے

قائم چاندپوری "طرزش بہ طرز طالب آملی می ماند"۔ زبان کی ٹکسال دلی تھی۔ قائم مذکور کے حال میں "متوطن چاندپور ندینہ۔ چوں از ابتدائے جوانی در شاہجہان آباد آمدہ بسر برد بنا براں محاورۂ او درست گشت۔ معین بداؤنی کا ایک مصرع ہے۔ ع

نہ آیا یار دوپہری بھی اب ڈھلی افسوس

میر صاحب لکھتے ہیں "ایں محاورہ درست نیست۔ مردم شاہجہان آباد دوپہر ڈھلی میگویند۔ دوپہری مگر مردم بیرونجات" ایک شعر میں شاعر موصوف نے "بت خانگی" باندھا ہے۔ میر حسن کہتے ہیں "بت خانگی نا مانوس ست۔ فقیر در ہیچ جا نشنیدہ"

سرمایۂ مشترک یہ زمانہ صنعت و حرفت کی ترقی کا ہے۔ گوناگوں مصنوعات سے نہ صرف بازار بلکہ گھروں کے در و دیوار بھی معمور ہیں۔ اسی سلسلے میں بہت سے مصنوعی مسائل کا انبار ہے جو ہماری زندگی پر مؤثر ہیں۔ انھیں مسئلوں میں سے ایک مسئلہ ملکی زبان کا ہے۔ ایک زبان صرف مسلمانوں کی ہے اس کا نام اردو ہے۔ دوسری ہندوؤں کی ہے اس کو ہندی کہتے ہیں۔ ہندوستان کے چاروں گوشوں کو دیکھا۔ شہر، دیہات، پہاڑ اور جنگل دیکھے مگر زبان کی یہ تقسیم کہیں عمل پذیر نہ دیکھی۔ تذکرۂ میر تقی میر اور تذکرۂ میر حسن کے

صحبت میں تھے۔ میر سوز اور سودا کے شاگرد تھے۔ موسیقی میں بہت سے راگ تصنیف کیے تھے۔ فن تیر اندازی میں بھی میر سوز کے شاگرد تھے اور اس فن میں امتیاز حاصل کیا تھا۔ شمشیر شناسی، ادب شناسی اور مردم شناسی بھی میر موصوف کی صحبت میں حاصل کی تھی۔ دیکھو ادب شناسی اور انسان کی قدردانی بھی اُس زمانہ میں فن تھے جو اُستادوں سے حاصل کیے جاتے تھے۔ اس بیان سے خود میر سوز کے کمالات کی نیرنگی معلوم ہوتی ہے۔ میر مظہر علی ”پاکیزہ سرشت و نیک شعار۔ جوانے ست بعلم و عمل آراستہ و بصلاح و تقویٰ پیراستہ“ سجّاد ”موصوف باوصافِ حمیدہ، مخلوق باخلاقِ سنجیدہ ۔۔ ۔۔ ۔۔ در لطیفہ گویاں .... طاق۔ در ہر امور کہ دخل کردہ بکمال رسانیدہ۔ علم طب ہم حاصل نمودہ ..... طلسمات و انشا و خوشنویسی و شعر فہمی بمراتب اعلیٰ رسانیدہ۔“ شوق ”مرد سپاہی پیشہ۔ صاحب دیوان۔ از شاگردان سراج الدین علی خاں آرزو۔ مدتے در سرکارِ نواب عماد الملک غازی الدین خاں بوسیلۂ سپہ گری بسر بردہ۔“ شاعر ”جوانے ست بجمالِ صلاحیت آراستہ و بہ علم و عمل پیراستہ۔ اہل دل منصف متواضع مؤدب۔ بزرگ و بزرگ زادہ۔“ نواب عماد الملک غازی الدین خاں (دیکھو اورامیر) ”بر جمیع علوم قادر و در فنون سخن ماہر۔ از وزرائے ہندوستان ۔۔ ۔۔ بود ۔۔ .... ہفت قلم و ہفت زبان۔“ فغاں ”خان ظریف طبع و خوش اختلاط۔ باہر کس خوش طبعی داشت .... لطائف و ظرائف او مشہور است۔“ گریاں ”جوانے ست شائستہ ..... سپاہی پیشہ۔“ وحشت ”سید زادہ خوش اوقات و نیک صفات۔ جوانِ وضع دار و در فن سپہ گری اُستوار۔“ لالہ نول رائے وفا ”از تذکرہ محمد قائم چناں ظاہر ست کہ جوانے ست نوخاستہ۔ بزیور علم و عمل آراستہ ۔۔ ۔۔ ۔۔ صاحب علم و حیا۔ لطافت مزاج از گل زیادہ ۔۔ ۔۔ ۔۔ برادرِ خوردش راجہ گلاب رائے دیوان مدار المہام امیر الدولہ نواب نجیب خاں مرحوم بود۔ لیکن ایں عزیز مصروف اکتساب و غریق مطالعۂ کتاب۔

عزیز۔ فارغ[11]۔ بدھ سنگھ قلندر[12]۔ لالہ کاشی ناتھ[13]۔ انند رام مخلص[14]۔ راجہ رام نراین موزوں[15] عجائب رام منشی[16]۔ لالہ نول رائے وفا[17]۔ ان حالات کے ہوتے ہوئے مذکورۂ بالا مصنوعی تفریق کو دیکھکر چارۂ کار یہی ہے کہ ملک اور اہل ملک کے حال پر افسوس کیا جائے۔

اس عہد کی معاشرت عموماً شعرا کی نسبت یہ خیال ہے کہ وہ ایک بےکار فرقہ ہے جو خیالی دنیا کی سیر میں مصروف ہے۔ کلام کی شوخی و رندی سے قیاس کیا جاتا ہے کہ قائل اپنی حالت کا مرقع کھینچ رہا ہے۔ واقعات اس خیال کا ساتھ نہیں دیتے۔ طبقہ شعرا میں کثیر حصہ ایسے کاروباری آدمیوں کا تھا جن کا معیار اخلاق بلند تھا اور جو شعر گوئی کو زندہ دلی کا سامان اور ادب کی خدمت تصور کرتے تھے۔ اسی کے ساتھ اور کمالات انسانی میں قدرت و کمال پیدا کرتے تھے۔ ذیل کے شعرا کے اخلاق و مشاغل پر نظر ڈالیے۔ امید ہے کہ آپ بھی میرے ہمنوا ہوں گے۔ میر اثر "خوش اوقات و نیک سیرت درویشے ست موقر و صاحب سخنے ست موثر۔ عالم۔ فاضل" عاصی "در علم تاریخ و شمشیر شناسی و لطیفہ گوئی دستے بہم رسانده"۔ رائے پریم ناتھ۔ "خطاط بے نظیر کماں دار دل پذیر۔ غزل فارسی خوب می گوید" آگاہ "بوسیلۂ قصہ خوانی بسر می برد۔ دریں فن شاگرد میر احمد مرحوم ست کہ بقصہ خوانی مشہور بود"۔ میر اعلیٰ علی "خلیق و متواضع"۔ میر شیر علی افسوس "داروغہ توپ خانۂ عالیجاہ جوانے ست ظاہر و باطن آراستہ بحلم و حیا پیراستہ"۔ بیدار "بزیور حلم و حیا آراستہ"۔ حشمت "سپاہی پیشہ ... فہمیدہ و سنجیدہ۔ متواضع و مؤدب"۔ رنگین "سپاہی پیشہ۔ خوش اوقات و نیک ذات۔ جوان محمد شاہی۔ خط نستعلیق خوب می نویسد"۔ مہربان خاں رند (اس عہد کے امرا کا ایک نمونہ) نواب غالب جنگ بہادر والی فرخ آباد کے وزیر "مجلسے رنگین و بزمے ارم تزئین داشت"۔ ہر صادر و وارد کی فراخ حوصلگی سے خدمت کرتے تھے۔ اہل سخن اور ہر فن کے اہل کمال سے ربط تھا۔ موسیقی اور ہندی شاعری میں (جو کبتوں سے عبارت ہے) مشاق تھے۔ مرتبۂ امارت اتنا بلند تھا کہ خود امرا ان کی

بزرگ ہیں جن کی تعلیم سے ہزاروں انسان زندگی کے مقصد سے واقف اور شاہدِ مقصود کے حصول میں کامیاب ہوئے یعنی حضرت خواجہ میر دؔرد اور حضرت میرزا مظہر جان جاناں قدس سرہما۔ یہ حسن اتفاق ہے کہ یہ تینوں حضرات نقشبندی سلسلے کے ہیں۔ اس طرح اُردو ادب کا نقش اوّل و ثالث حضرات نقشبندیہ کی توجہ کا منت پذیر ہے۔ آزاد آبِ حیات میں لکھتے ہیں:

"اپنے اُستادوں اور بزرگوں سے یہی سُنا کہ مرزا جانِ جاناں، سوؔدا، میرؔ، خواجہ میر دؔرد۔ یہ چار شخص تھے جنھوں نے زبانِ اُردو کو خراط اُتارا ہے" آخر الذکر دونوں حضرات نے گوناگوں اسلوبوں سے ادب اُردو کو ترقی بخشی۔ خود اُستادانہ کلام کہا۔ اپنے فیض اثر سے اُس کو مقبول بنایا۔ شاگردوں کی تربیت کی۔ حضرت خواجہ میر دؔرد کو دیکھو۔ خود قادر الکلام اُستاد ہیں۔ چھوٹے بھائی اثؔر ہیں۔ صاحبزادہ الؔم قائمؔ چاند پوری اور بھکاری داس عزیزؔ زمرۂ تلامذہ میں ہیں۔ میر حسؔن نے حضرت ہی کی خدمت میں ذوقِ سخن کی پختگی حاصل کی۔ حضرت میرزا صاحب خود اُستادِ فن۔ یقیؔن و حزیؔں۔ زمرۂ تلامذہ میں۔ ان حضرات کے علاوہ الٰہ آباد کے دائرے بھی اس ذوق سے پُر صدا تھے۔ حضرت شاہ اجمل سجادہ نشین حضرت شاہ خوب اللہ اور اُن کے برادر بزرگوار شاہ غلام الدین مصیبتؔ بھی شاعرانِ اُردو میں شامل ہیں۔

ایک لطیف بحث | میر تقی میرؔ نے اپنے کلام کا انتخاب نکات الشعراء میں درج کیا ہے۔ میر صاحب کا کلام۔ اُس پر اُن کا انتخاب، سونے پر سہاگہ۔ مگر آفریں میر حسؔن کے انتخاب کو کہ میر کے کلام کا انتخاب خود میر سے بہتر کیا۔ مشتے نمونہ از خروارے۔ اشعار ذیل میر حسؔن کے انتخاب میں ہیں۔ میر صاحب کے انتخاب میں نہیں ؎

کہا میں نے کتنا ہے گُل کا ثبات ۔۔۔ کلی نے یہ سُن کر تبسم کیا
بیتاب جی کو دیکھا دل کو کباب دیکھا ۔۔۔ جیتے رہے تھے کیوں ہم جو یہ عذاب دیکھا
لیتے ہی نام اُس کا سوتے سے چونک اُٹھے ۔۔۔ ہے خیر میر صاحب۔ کچھ تم نے خواب دیکھا

طلب ہر کمال دامن گیر حال۔ طبع دردمند داشت"

یہ نہ خیال کرنا کہ میرحسن کے یہاں حسنِ بیان و حسنِ ظن کا دفتر کھلا ہوا ہے اور ہر شخص سندِ تعریف سے سرفراز ہوتا ہے۔ اصل یہ ہے کہ وہی لکھا ہے جو خود دیکھا یا دوستانِ حقیقت داں سے سنا۔ چنانچہ دیباچہ میں لکھ دیا ہے" پس از دریافتِ حالِ خیر مآلِ صاحب سخن، شمۂ کہ از دوستانِ حقیقت داں مسموع نمودہ در ذیلِ اشعار ہر یک نوشت" ایسے شعرا بھی ہیں جن کی اخلاقی حالت معلوم نہ ہوئی اُن کی نسبت کچھ نہیں لکھا۔ مثلاً مصحفی اُن کے کلام کی فصاحت اور بلاغت کی تعریف کی ہے۔ مگر اخلاقی حالت چوں کہ معلوم نہ تھی، اس لیے صرف اس قدر لکھا ہے" از تخلّص معلوم می شود مرد صالح ست"

مذکورۂ بالا اقتباس اہلِ انصاف کو اس امر کا معترف کرنے میں کامیاب ہوگا کہ شعرائے ماضی نکوہیدہ حال نہ تھے۔ بلکہ علم و اخلاق سے آراستہ انسان تھے۔ کیا اس سوال کا موقع ہے کہ آج کل کے مدعیانِ کمال کہاں تک علم و ادب کی خدمت کر رہے ہیں؟

بزرگانِ دین کی توجہ ادبِ اُردو پر

عام خیال یہ ہے کہ بزرگانِ دین و علما نے ادب اُردو کی جانب توجہ نہیں فرمائی۔ اس خیال کو واقعات سے مطابق کیجیے۔ واقعہ یہ ہے کہ اُردو ادب نے شروع سے حضرات اولیائے کرام کی آغوشِ شفقت میں تربیت پائی ہے۔ ریختہ کے استادِ اوّل (بقول میرحسن) ولی دکنی ہیں۔ میر تقی میر اور میرحسن دونوں کی شہادت ہے کہ دلّی میں آ کر حضرت شاہ گلشن قدس سرہ کی خدمت میں حاضر رہے اور فیض حاصل کیا۔ ریختہ میں فارسی کے مضامین رنگین استعمال کرنے کا مشورہ حضرت ہی نے دیا۔ میرحسن کی اصل عبارت" ولی ..... از خاکِ گجرات ..... در وقتِ عالمگیر بہ ہندوستانِ جنّت نشان آمدہ۔ در خدمت شاہ گلشن قدس سرہ استفادہ حاصل نمود۔ از توجّہ آں بزرگوار مقبولِ اعلیٰ و ادنیٰ گردید"

اُردو شاعری کے تیسرے دور کے ارکانِ چہارگانہ میں سے دو رُکن وہ عالی مرتبہ

میر حسن کے انتخاب میں یہ شعر ہے ؎

ہیں وہ رونے والا چلا ہوں جہاں سے | جیسے ابر ہر سال روتا رہے گا

ایک تیسری طرح ہے- یار افسوس- ہزار افسوس- انتخاب میر ؎

مر گیا میں ملا نہ یار افسوس | آہ افسوس- صد ہزار افسوس
یوں گنواتا ہے دل کوئی مجھ کو | گہے آتا ہے بار بار افسوس

انتخاب میر حسن ؎

رخصتِ سیر باغ ہمیں نہ ہوئی | یوں ہی جاتی رہی بہار افسوس

ایک چوتھی طرح ہے وفائے بلبل- جائے بلبل- انتخاب میر ؎

گل کی جفا بھی دیکھی- دیکھی وفائے بلبل | یک مشت پر پڑے ہیں گلشن میں جائے بلبل

انتخاب میر حسن ؎

کی سیر جذبِ الفت گلچیں نے کل چمن میں | توڑا تھا شاخ گل کو نکلی صدائے بلبل

یہ شعر ایک دیوان پر بھاری ہے- میر صاحب کا اس کو منتخب نہ کرنا سراپا حیرت ہے-
میر حسن کے اِس حسنِ انتخاب نے یقین ہے کہ طبائع کو اُن کے انتخاب کا مشتاق کر دیا ہوگا- اس لیے دل چاہتا ہے کہ اور انتخاب بھی ناظرینِ مقدمہ کی ضیافتِ طبع کے لیے یہاں لکھ دوں-

میر حسن نے اپنے تذکرہ میں زندہ و مُردہ دونوں کو غایتِ شفقت کے ساتھ دعائے خیر سے یاد کیا ہے اور دیباچہ میں غرض تالیفِ تذکرہ بھی یہی لکھی ہے کہ اس کو پڑھ کر شاید کوئی مجھ کو دعائے خیر سے یاد کرے- لہذا خاتمۂ مقدمہ پر دعا کرتا ہوں- ناظرین آمین کہیں-

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَہٗ وَجَاوِزْ عَنْ سَیِّاٰتِہٖ

وصل میں رنگ اُڑگیا میرا   کیا جدائی کو منہ دکھاؤں گا

ان اشعار کی بابت یہ کہا جاسکتا ہے کہ چوں کہ ان اشعار کے ہم طرح اشعار میرؔ کے تذکرہ میں نہیں ہیں اس لیے ممکن ہے کہ ترتیب تذکرہ کے بعد کہے ہوں اس لیے انتخاب میں نہ آئے ہوں۔ معرکہ یہ ہے کہ جن غزلوں کے اشعار منتخب کرکے خود میرؔ صاحب نے لکھے ہیں اُن ہی غزلوں سے بعض ایسے نادر اشعار میرؔ حسن نے انتخاب کرلیے ہیں جو خود میر کے انتخاب سے زیادہ نادر ہیں۔ اور یہ ایک انسانی کمزوری کا پہلو ہے کہ بعض اوقات خود اپنے کمال پر وہ قلم پھیرتا ہے تذکروں میں لکھا ہے کہ زلالیؔ خوانساری کی معرکۃ الآرا مثنوی "محمود ایاز" کا مسودہ دیکھا گیا تو اس میں بعض ایسے نادر اشعار زلالیؔ نے کاٹ دیے تھے جو فارسی ادب کے لیے مایۂ ناز ہیں مثلاً۔ شب تاریک کی تشبیہ میں یہ بے نظیر شعر ؎

ستارہ می نمودے درمیانہ
چو چشمِ گربہ در تاریک خانہ

ایسے متعدد اشعار اہلِ نظر احباب نے مثنوی مذکور میں بعد کو اضافہ کردیے ہیں۔
خلاصۂ کلام نمونۂ کلامِ مذکور ملاحظہ ہو۔ ایک غزل ہے۔ دیدار دیکھنا۔ گلزار دیکھنا اِس غزل کے یہ اشعار میرؔ نے انتخاب کیے ہیں ؎

آنکھوں میں جی مرا ہے ادھر یار دیکھنا   عاشق کا اپنے آخری دیدار دیکھنا
ہوتا نہ چار چشم دل اُس ظلم پیشہ سے   ہشیار۔ زینہار۔ خبردار دیکھنا

میر حسن اسی غزل کا یہ شعر انتخاب کرتے ہیں ؎

صیاد، دل ہے داغِ جدائی سے رشکِ باغ   تجھ کو بھی ہو نصیب۔ یہ گلزار دیکھنا

دوسری طرح۔ روتا رہے گا۔ سوتا رہے گا۔ اس غزل کے یہ شعر انتخاب میرؔ میں ہیں ؎

جو اس شور سے میرؔ روتا رہے گا   تو ہمسایہ کاہے کو سوتا رہے گا
تو یوں گالیاں غیر کو شوق سے دے   ہمیں کچھ کہے گا تو ہوتا رہے گا

قیامت کی عقوبت ساری ہجرِ یار میں گزری   وہاں تھا دیکھنا جو کچھ سو سب ہم نے یہاں دیکھا

انشا

ہوئے ہیں خاکِ سرِ راہ اُس کے ہم انشا   بڑا غضب ہے جو یہ بھی فلک نہ دیکھ سکے

افسوس

اُس کے اُٹھتے ہی جی پہ آن بنی   دیکھیے آگے آگے کیا ہوگا

بیاں

اب ہجر میں کہتا ہے کہ تھا وصل میں آرام   نالاں ہی بیاں میں نے تو دیکھا تجھے جب بھی
پیو شراب جوانو کہ موسمِ گل ہے   ہمیں بھی یاد وہ عہدِ شباب آتا ہے
جاتا ہے یار کچھ تو بیاں منہ سے بول لے   اے بے نصیب، مانعِ گفتار کون ہے
ہوویگا ذوقِ حسرتِ دیدار میں خلل   شیریں گزر نہ کیجیو فرہاد کی طرف

رباعی

سو طرح سے یہ عشق لبھاتا ہے مجھے   ہر چیز میں آ جلوہ دکھاتا ہے مجھے
کس ماہ کا یہ عکس پڑا ہے یارب   ہر ماہ میں یوسف نظر آتا ہے مجھے

رباعی

دنیا سے بیاں چلا ہوں روتے روتے   گزری شبِ عمر اپنی سوتے سوتے
ظلمات میں تھا آبِ بقا۔ پر افسوس   روشن یہ ہوا صبح کے ہوتے ہوتے

شاہ علیم اللہ بیتاب

دل چھین لیا میرا بنارس کے بتوں نے   اِس وقت میں تو اے مرے اللہ کہاں ہے

بسمل

ان کی مسند کی کیا کروں تقریر   نقش ہے روئے خاک پر تحریر

تاباں

عجب احوال ہے تاباں کا تیرے   کہ رونا رات دن اور کچھ نہ کہنا

انتخابِ اشعار

آبرو

دور خاموش بیٹھ رہتا ہوں   اِس طرح حال دل کا کہتا ہوں
دل کب آوارگی کو بھولا ہے   خاک گر ہو گیا بگولا ہے
شوق سے جس گھر میں ہو تو جلوہ گر   آئینے ہو جائیں دیواروں میں در

اثر

بس رفع اب خیالِ مے و جام ہو گیا   ساقی۔ بیک نگاہ مِرا کام ہو گیا
دردِ دل چھوڑ جائیے سو کہاں   اپنے باہر تو یاں گزر ہی نہیں
کر دیا کچھ سے کچھ ترے غم نے   اب جو دیکھا تو وہ اثر ہی نہیں
اثر کیجے کیا۔ کدھر جائیے   مگر آپ ہی سے گزر جائیے
بے وفا تیری کچھ نہیں تقصیر   مجھ کو میری وفا ہی راس نہیں
یوں خدا کی خدائی برحق ہے   پر اثر کی ہمیں تو آس نہیں
عاشقی اور عشق کی باتیں   سب جہاں سے اثر کے ساتھ گئیں

اسد

جوں توں اسد کو لائے تھے اُس کی گلی سے ہم   خانہ خراب۔ راہ میں پر پھر مچل گیا

آزاد

پوچھتے کیا ہو کہ بیداد کروں یا نہ کروں   یہ تو فرماؤ کہ فریاد کروں یا نہ کروں
وعدۂ وصل تو کرتے ہو مگر سچ کہیو   دل کو اس وعدہ سے میں شاد کروں یا نہ کروں

آثمی

مثالِ آئینہ ہم نے سبھی نقشِ جہاں دیکھا   جہاں دیکھا بہر صورت تجھے قالب میں جاں دیکھا

قطعہ

تم جو کہتے ہو کہ دو حسرت کو — آہ و فریادیاں کیا نہ کرے
آپ کا اس میں کیا بگڑتا ہے — دردِ دل کی کوئی دوا نہ کرے

مؤلف تذکرہ ۔ میر حسن متخلص بہ حسن

عشق کب تک آگ سینے میں مرے بھڑکائے گا — راکھ تو میں ہو چکا کیا خاک اب سلگائے گا
تو گرفتاری کے باعث مضطرب صیاد ہوں — لگتے لگتے جی قفس میں بھی مرا لگ جائے گا
قیامت مجھ پہ شب اس کا ترحم اور تظلم تھا — کبھی تھیں گالیاں منہ پر کبھی لب پر تبسم تھا
ایسی ہی آہ باتیں اس بے وفا نے چھیڑیں — روتے ہی روتے جس میں روزِ وصال گزرا
اس شوخ کے جانے سے عجب حال ہے میرا — جیسے کوئی بھولے ہوئے پھرتا ہے کچھ اپنا
چھوڑ دے کوئی کسی کے لیے جس طرح سے کچھ — ہم نے منت میں تری کون و مکاں چھوڑ دیا
کرتے تو قتل مجھ کو کیا ہے پر اب حسن — کیا کیا نہ اپنے جی سے وہ باتیں بنائے گا
جز اشکِ بلبل اب نہیں گل شاخسار پر — کیا اوس پڑ گئی ہے چمن میں بہار پر
اب جو چھوٹے بھی ہم قفس سے تو کیا — ہو چکی واں بہار ہی آخر
مردمِ چشم نے پلکوں کی چڑھا سنگینیں — ایک عالم کو نظر بند کیا پہرے میں
ہزار حیف کچھ اپنی ہمیں خبر نہ ہوئی — تمام عمر گئی پر مہم یہ سر نہ ہوئی
شبِ فراق میں رو رو کے مر گئے آخر — یہ رات جیسی تھی ویسی رہی سحر نہ ہوئی
جان و دل ہیں اداس سے میرے — اٹھ گیا کون پاس سے میرے
جب قفس میں تھے تو تھی یادِ چمن ہم کو حسن — اب چمن میں ہیں تو پھر یادِ قفس آتی ہے
کیا ہنسے اب کوئی اور کیا رو سکے — دل ٹھکانے ہو تو سب کچھ ہو سکے
کہنے کی ہیں یہ باتیں کس بن نہیں گزرتی — پر ایک جان تو ہی جس بن نہیں گزرتی
کچھ ہو نہ ہو دلے ہو تیرا خیال ہر دم — اس بن نہیں گزرتی اس بن نہیں گزرتی

سیّد محمد تقی (عرف میر گھاسی)

تو ہوا اور باغ ہوا اور زمزمہ کرنا بلبل — تری فریاد سے جیتا ہوں نہ مرنا بلبل

میاں قلندر بخش جرأت

آنے کی خبر ہے اس کے لیکن — آتا نہیں اعتبار دل کو
نالہ و آہ و فغاں میرا ہی دم بھرتے ہیں — آپ کا جان کے سب مجھ پہ کرم کرتے ہیں
ہے مین ہجر ہی میں میسر وصالِ دوست — اب کچھ خیال دل میں نہیں جز خیالِ دوست
بات میں کس کی سنوں آہ کہ اے مرغِ چمن — شور میں اپنے ہی نالوں کے سدا رہتا ہوں
اے ستم ایجاد کب تک یہ ستم دیکھا کریں — تو کرے غیروں سے باتیں اور ہم دیکھا کریں
کچھ تو نکلے آرزو دشنام دے تلوار کھینچ — چشمِ حسرت سے کہاں تک دمبدم دیکھا کریں
چین اس دل کو نہ اک آن تجھے بن آیا — دن گیا رات ہوئی رات گئی دن آیا

حاتم

حاتمِ بیکس کا تجھ بن کون ہے — کون ہوگا جو نہ ہوگا تو مرا

حزیں

ویراں ہوا ہے باغ خزاں سے یہاں تلک — چاہیں کہ جل مریں تو کہیں خار و خس نہیں

حسن

تھی ہمیں سیر کوئی دن اسی میخانے کی — اب خبر ہے نہ صراحی کی نہ پیمانے کی
تیغِ ابرو نے تو مارا ہی تھا جو زلف نہ ہو — غیر زنجیر خبر کون لے دیوانے کی
اے حسن آپ کو سمجھے گا تو کیا بس چپ رہ — سرِ حق ہے یہ نہیں بات تجھے پانے کی

حیراں

دلِ ستم زدہ کا آج پوچھتے ہو حال — غمِ فراق سے کب کا ہوا بہشت نصیب

حسرت

کہے وہ اپنے منہ سے قتل حسرت کو کیا میں نے — مرے مرنے کی عالم میں خبریوں ہو تو کیا ہو

سینہ و دل حسرتوں سے چھا گیا
بس ہجوم یاس دل گھبرا گیا

تجھ سے کچھ دیکھا نہ ہم نے جز جفا
پر وہ کیا کچھ تھا کہ دل کو بھا گیا

کسی سے کیا بیاں کیجے اِس اپنے حال ابتر کا
دل اُس کے ہاتھ دے بیٹھے جسے جانا نہ پہچانا

دردِ دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ کچھ طاعت کی خاطر کم نہ تھے کرّوبیاں

ہم کس ہوس کی تجھ سے فلک جستجو کریں
دل ہی نہیں رہا ہی جو کچھ آرزو کریں

مٹ جائیں ایک دم میں یہ کثرت نمائیاں
گر آئینے کے سامنے ہم ایک ہُو کریں

تیرے سوا نہیں کوئی دونوں جہان میں
موجود ہم جو ہیں بھی تو اپنے گمان میں

کیا فرق داغ و گل میں اگر گل میں بو نہ ہو
کس کام کا وہ دل ہی کہ جس دل میں تو نہ ہو

اپنے بندوں پہ جو کچھ چاہو سو بیداد کرو
پر نہ آجائے کبھی جی میں کہ آزاد کرو

اِس ہستیِ خراب سے کیا کام تھا ہمیں
ای نشّۂ ظہور یہ تیری ترنگ ہی

تمنّا ہی تیری اگر ہی تمنّا
تری آرزو ہی اگر آرزو ہی

روندے ہی نقشِ پا کی طرح خلق یاں مجھے
ای عمرِ رفتہ چھوڑ گئی تو کہاں مجھے

نہ وہ نالوں کی شورش ہی نہ وہ آہوں کی ہی دھونی
ہوا کیا دردؔ کو پیارے گلی کیوں آج ہی سونی

ذکر میرا ہی وہ کرتا تھا صریحاً لیکن
میں نے پوچھا تو کہا خیر یہ مذکور نہ تھا

رباعی

کچھ لائے نہ تھے کہ کھو گئے ہم
تھے آپ ہی ایک سو گئے ہم
جوں آئینہ جس پہ یاں نظر کی
ساتھ اپنے دوچار ہو گئے ہم

رباعی

ای دردؔ یہ درد جی سے کھونا معلوم
جوں لالہ جگر سے داغ دھونا معلوم
گلزارِ جہاں ہزار پھولے لیکن
میرے جی کا شگفتہ ہونا معلوم

بس اے زندگی ایسی ہستی سے گزرے
رہے جس میں خطرہ سدا نیستی کا

رباعی

دنیاداری میں اور نہ دینداری میں
چاہت میں کسی کی ہیں نہ بیزاری میں
حیرت کدۂ دہر میں تصویر کی طرح
سویا کرتے ہیں عین بیداری میں

پہنچے نہ حسن منزلِ مقصود کو ہم۔ اور
آخر ہوئے سب زیست کے ایام سفر میں

کرم اللہ خاں درد

اگر وہ بت کسی صورت سے میرا رام ہو جائے
تو پوجوں اس عقیدت سے کہ کفر اسلام ہو جائے

تری ترچھی نگاہوں نے رکھا ہے نیم بسمل کر
اگر بھر کر نظر دیکھے تو میرا کام ہو جائے

تحمل آتشِ غم میں دلِ بیتاب کیا جانے
ٹھہرنا ایک دم بھی آگ پر سیماب کیا جانے

کنارے سے کنارہ کب ملا ہے بحر کا یارو
پلک لگنے کی لذت دیدۂ پرآب کیا جانے

حضرت خواجہ میر درد

خوابِ عدم سے چونکے تھے ہم تیرے واسطے
آخر کو جاگ جاگ کے ناچار سو گئے

بارے مجھے بتا تو سہی کیا سبب ہوا
پھر مجھ پہ مہربان ہوا تو غضب ہوا

کی تو تھی تاثیرِ آہِ آتشیں نے اس کو بھی
جب تلک پہنچے ہی پہنچے خاک کا یاں ڈھیر تھا

مدرسہ یا دیر یا کعبہ تھا یا بت خانہ تھا
ہم سبھی مہمان تھے واں تو ہی صاحب خانہ تھا

وائے نادانی کہ وقتِ مرگ یہ ثابت ہوا
خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا

ہو گیا مہماں سرائے کثرتِ موہوم آہ
وہ دلِ خانہ کہ تیرا خاص خلوت خانہ تھا

جان سے ہو گئے بدن خالی
جس طرف تو نے آنکھ بھر دیکھا

نالہ فریاد آہ اور زاری
آپ سے ہو سکا سو کر دیکھا

ان لبوں نے نہ کی مسیحائی
ہم نے سو سو طرح سے مر دیکھا

تجھی کو جو یاں جلوہ فرما نہ دیکھا
برابر ہے دنیا کو دیکھا نہ دیکھا

زار

چھوٹ جاویں غم سے ہر دم کے جو نکلے دم کہیں — خاک ہے یہ زندگی جو تم کہیں اور ہم کہیں
ایک دن آگے ہی دنیا سے اٹھانا ہم کو — شب فرقت تو الٰہی نہ دکھانا ہم کو
ہمیں تو فرش سے اور تکیۂ مخمل سے بہتر ہے — گلی میں اس کی پڑ رہنا سرہانے ہاتھ کو دھر کے

سراج

نہیں ہے تاب مجھے تیرے سامنے جانا — کہاں سراج کہاں آفتاب عالم تاب
اُس بن مجھ آنسوؤں کے شراروں کی کیا کمی — جس رات چاند نہیں ہے ستاروں کی کیا کمی
شعلہ خو جب سے نظر آتا نہیں — لوٹتا ہے تب سے انگاروں پہ دل
وہ ظالم مجھکو جلتا دیکھکر اتنا نہیں کہتا — کہ کیا ثابت قدم ہے کیوں نہ ہو آخر سراج اپنا

سعادت

واللہ جو سر لوح ترا نام نہ ہوتا — ہرگز کسی آغاز کا انجام نہ ہوتا

سجاد

جان و دل سب قبول ہے جانا — پر گلی میں تری مجھے آنا
اس فصل گل میں جوش جنوں کا ہوا ہے قہر — جنگل میں آبسا ہے نکل کر تمام شہر
اس زمانے میں دوستی کا رنگ — آن میں کچھ ہے آن میں کچھ ہے

سودا

سودا کا تو نے حال نہ دیکھا کہ کیا ہوا — آئینہ لے کے آپ کو دیکھے ہے تو ہنوز
غیر کے پاس یہ اپنا ہی گماں ہے کہ نہیں — جلوہ گر یار مرا ورنہ کہاں ہے کہ نہیں
فکر معاش ذکر بتاں یاد رفتگاں — اس زندگی میں اب کوئی کیا کیا کیا کرے
گر ہو شراب و خلوت و معشوق خوب رو — زاہد تجھے قسم ہے جو تو ہو تو کیا کرے
عشرت سے دو جہاں کی یہ دل ہاتھ دھو سکے — تیرے قدم کو چھوڑ سکے یہ نہ ہو سکے

رباعی

پیری چلی اور گئی جوانی اپنی — ای درد کہاں ہے زندگانی اپنی
کل اور کوئی بیاں کرے گا اس کو — کہتے ہیں ہم آپ اب کہانی اپنی

درخشاں

تھی درائے ناقۂ لیلیٰ کی یہ پرسوز صدا — آہ مجنوں پاشکستہ رہ گیا محمل سے دور

رسوا

رسوا اگر نہ کرنا تھا عالم میں یوں مجھے — ایسی نگاہ ناز سے دیکھا تھا کیوں مجھے
وصل میں بے خود رہے اور ہجر میں بے تاب ہو — اس دوانے دل کو رسوا کس طرح سمجھائیے
وہ کون سی زمیں ہے جو اشکوں سے نم نہیں — رسوا بھی اس زمانہ میں مجنوں سے کم نہیں
دیگرے را در گرفتاری شریکِ ما مکن — مدعا گر شہرتِ حسن ست یک رسوا بس ست

رند

سینے سے داغِ عشق مٹایا نہ جائے گا — ہم سے تو یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

راقم

پہنچا نہ آہ درد کو میرے کوئی طبیب — یارب عجب طرح کا کچھ آزار ہے مجھے
سنتے ہیں ہم کہ ہوتی ہے جگ میں دوام صبح — ہوگی کبھی ای چرخ ہماری بھی شام صبح

قطعہ

ای باغباں نہیں ترے گلشن سے کچھ غرض — ہم کو قسم جو توڑیں ترے برگ و بر کہیں
اتنا ہی چاہتے ہیں کہ ہم اور عندلیب — آپس میں دردِ دل کہیں ٹک بیٹھکر کہیں
کہے کیا دردِ دل بلبل گلوں سے — اڑا دیتے ہیں اس کی بات ہنسکر

رضا

دنیا میں کوئی تجھ سا ستمگار نہیں ہے — بے رحم و جفا پیشہ و خونخوار نہیں ہے

ہم نہ مثمر نہ ہیم نہال ہوئے — اُگتے ہی ہم تو پائمال ہوئے
دل کے جلنے پر نہ کی رقت کسی نے رحم سے — خود بخود جل بل یہ انگارا دہک کر رہ گیا
کعبہ میں چھپ رہا ہی یا دیر میں نہاں ہی — خانہ خراب جلدی تو بول اُٹھ کہاں ہی
کیا کہا قاصد ضیا سنتے ہی جس کے مرگیا — بات تھی کچھ یاس کی یا ہجر کا پیغام تھا

ظہور

چشم گریاں حسن سے معمور ہی — چاندنی برسات کی مشہور ہی

مرزا عسکری

بات اب امتحان پر آئی — قصہ کوتاہ جان پر آئی

عشق

کہنے کو اِدھر اُدھر گئے ہم — تھے تیری طرف جدھر گئے ہم
تھا کعبہ و دیر سے کسے کام — مقصود تھا وہ جدھر گئے ہم

فراق

اسیروں کی قسم تجکو صبا سچ کہہ کہ گلشن میں — کوئی اُن ہمنواؤں سے ہمیں بھی یاد کرتا ہی

فقیر

زندگی موجِ آب ہی گویا — دم کا آنا حباب ہی گویا

فغاں

دل بستگی قفس سے یہاں تک ہوئی مجھے — گویا کبھی چمن میں مرا آشیاں نہ تھا
یہ امتحاں نہ کر اے میرے مہربان عزیز — جہاں میں کوئی تجھ سے رکھے گا جان عزیز
فغاں کو وصل میں آرام کیا ہو — جدائی کا تصور بندھ رہا ہی

فدوی

فدوی مرا ہی کام ہی روز اُٹھ کے جس طرح — رکھتا ہوں تھام تھام دلِ بے قرار کو

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانے میں — تڑپے ہی مرغ قبلہ نما آشیانے میں
منڈا کر خط تم اپنے حق میں کیوں کانٹوں کو بوتے ہو — یہ عارضِ گل نہ ہووین گے عبث سبزہ بھی کھوتے ہو
صورت ہیں تو کہتا نہیں ایسا کوئی کب ہی — اک وضع ہی کہ وہ قہر ہی آفت ہی غضب ہی
پوچھے ہی پھول پھل کی خبر اب تو عندلیب — ٹوٹے جھڑے خزاں ہوئی پھولے پھلے گئے
گل پھینکے ہی عالم کی طرف بلکہ ثمر بھی — ای خانہ بر اندازِ چمن کچھ تو ادھر بھی
نہ تلطف نہ مروّت نہ محبت نہ وفا — سادگی دیکھ کے اس پر بھی لگا جاتا ہوں

محمد میر سوز

یاریوں دور جا بسے اللہ — کیا زمانے کا انقلاب ہوا
سوز کچھ منہ بنائے آتا ہی — آج مجرے کا پھر جواب ہوا
اہل ایماں سوز کو کہتے ہیں کافر ہو گیا — آہ یارب رازِ دل ان پر بھی ظاہر ہو گیا
بغیر از عاشقی کچھ کام مجھ سے ہو نہیں سکتا — تڑپنے کے سوا آرام مجھ سے ہو نہیں سکتا
مثلِ نی ہر استخواں میں درد کی آواز ہی — کچھ نہیں معلوم یارب سوز ہی یا ساز ہی

شاعر

اپنے مطلب کی کہے جائیں گے ہم — گرچہ تو سو بار نہیں کیجیے گا

ضیا

کل کی رسوائی تجھے کیا کم نہ تھی ای ننگِ خلق — اُس کے کوچہ میں ضیا تو آج پھر جانے لگا
مجھ سا بندہ نہیں خدائی میں — ہاتھ سے ای صنم نہ کھو مجھکو
آہستہ پاؤں رکھیو ای بوئے گل چمن پر — سوتے ہیں اس زمیں میں نازک دماغ کتنے
اک تبسم میں کیا خلق کو ساری تسخیر — مسکرانا ہی ترا یا کہ کوئی افسوں ہی
کون سے زخم کا کھلا ٹانکا — آج پھر دل میں درد ہوتا ہی
کبھی جا گل کو دیکھے ہیں کبھی دیکھے ہیں نرگس کو — خدا جانے یہ شبنم اپنے پھیرے میں ڈھونڈتے کس کو

نازو ادا کہیں، کہیں عجز و نیاز ہی
کس کس طرح سے یار مرا جلوہ ساز ہی

حسرتِ دل کو مری سمجھے وہی خستہ جسے
یار نے آکے دم باز پسیں دیکھا ہی

گو کہیں یار - بلاتا ہی وہ اب آتا ہی
پر اُسے میں تو سمجھتا ہوں وہ کب آتا ہی

شام ہوتی نہیں اک دل پہ بلا ہوتی ہی
صبح ہوتی نہیں اک جی پہ غضب آتا ہی

مر جایئے کسی سے پر الفت نہ کیجیے
جی دیجیے تو دیجیے، پر دل نہ دیجیے

شب گریہ سے وابستہ مری دل شکنی تھی
جو بوند تھی آنسو کی سو ہیرے کی کنی تھی

مردنِ دشوار میں یہ جان بے تقصیر ہی
حسرتِ دل سو طرف سے اس کی دامنگیر ہی

فلک گر لائے تو ہی ہم کو لیک یہ ڈر ہی
کہ بُلبلا سا کہیں آپ ہی بہا نہ پھرے

مجھ سا کوئی جہان میں آشفتہ سر نہیں
ہی یوں تو زلفِ یار بھی پر اس قدر نہیں

قائمؔ میں عندلیبِ خوش آہنگ تھا ولے
زاغ و زغن کے ساتھ کیا ہم قفس مجھے

آج اے گریہ یہ خبر لے مرے دیوانے کی
کچھ رُکا جاتا ہی دل گرد سے ویرانے کی

آج کی رات جو اُس گل کا میسر ہو وصال
شمع روشن میں کروں خاک پہ پروانے کی

قدرت

اہلِ عدم کو رمزِ فنا کا تھا کب شعور
سرمشقِ رفتگاں مرا لوحِ مزار تھا

تڑپوں ہوں خاک و خوں میں پڑا جس کے وار سے
قدرت میں کیا کہوں یہ وہی شہسوار تھا

کس کی نیرنگی یہ شمع پردۂ فانوس ہی
جو شرر دل سے اُٹھا سو جلوۂ طاؤس ہی

جوں نقشِ قدم ہیں ترے وہ خاک نشیں ہم
تا مٹ نہ سکیں آپ سے چھوڑیں نہ زمیں ہم

سینہ اُس کا ہی دل اُس کا ہی جگر اُس کا ہی
تیر سیدھا جدھر رُو کرے گھر اُس کا ہی

قرباں

یوں بندِ قبا کھل گئے جو آن میں گل کے
کیا پھونک دیا تو نے صبا کان میں گل کے

کیا کچھ دلِ بلبل پہ کرے دیکھیے یہ عشق
سو چاک دیے جس نے گریبان میں گل کے

فارغ

اشک آنکھوں سے جو نکلا سو وہ گوہر نکلا — بعد مدت کے مری چشم کا جوہر نکلا

افصح

کر یاد تجھے جدھر گئے ہم — ہم تو نہ رہے کدھر گئے ہم
سرمۂ چشمِ جہاں میں ہونا — خاکساری کی کرامت دیکھی

قائم

ان دنوں چرخ پر نہیں یہ مہر — گود میں کانگڑی لیے ہے سپہر
دن کی کٹتی ہے دھوپ میں اوقات — کالے کمبل میں رات کاٹے رات
دردِ دل کچھ کہا نہیں جاتا — آہ چپ بھی رہا نہیں جاتا
ہر دم آنے سے میں بھی نادم ہوں — کیا کہوں پر رہا نہیں جاتا
یہ کہیو تو قاصد کہ ہے پیغام کسی کا — پر دیکھیو لینا نہ کہیں نام کسی کا
ہم نے ہر طرح ترے ہجر میں دل شاد کیا — ہچکی گر آئی تو یہ سمجھے کہ ہمیں یاد کیا
کوہ اور دشت میں بھی ہم نہ رہے آسودہ — ماتمِ قیس کیا یا غمِ فرہاد کیا
ظالم تو میری سادہ دلی پر تو رحم کر — روٹھا تھا تجھ سے آپ ہی اور آپ ہی من گیا
خوب نکلے ہم اُس کے کوچہ سے — ورنہ آئے تھے اک عذاب میں رات
آہ ای پیرِ چرخ قائم نام — یاں جو رہتا تھا اک جواں ہے یاد
بے شغل نہ زندگی بسر کر — گر اشک نہیں تو آہ سر کر
کچھ طرفہ مرض ہے زندگی بھی — اِس سے جو کوئی جیا تو مر کر
وہ محو ہوں کہ مثالِ حبابِ آئینہ — جگر سے اشک نکل تھم رہا ہے آنکھوں میں
خوش رہ ای دل اگر تو شاد نہیں — یاں کی شادی پہ اعتماد نہیں
میں کہا۔ عہد کیا کیا تھا رات — ہنس کے کہنے لگا کہ یاد نہیں

محمد تقی میر

کیا دن تھے وہ کہ یاں بھی دلِ آرمیدہ تھا / رو آشیانِ طائرِ رنگِ پریدہ تھا
قاصد جو واں سے آیا تو شرمندہ میں ہوا / بیچارہ گریہ ناک دگریباں دریدہ تھا
ہم اسیروں کو بھلا کیا جو بہار آئی نسیم / عمر گزری کہ وہ گلزار کا جانا ہی گیا
جی گیا میر کا اس لیت و لعل میں لیکن / نہ گیا ظلم ہی تجھ سے نہ بہانا ہی گیا
کہاں آتے میسر مجھ کو تجھ سے خود نما اتنے / یہ حسنِ اتفاق آئینہ تیرے روبرو ٹوٹا
کہا میں نے کتنا ہے گل کا ثبات / کلی نے یہ سن کر تبسم کیا
صیاد دل ہے داغِ جدائی سے رشکِ باغ / تجھ کو بھی ہو نصیب یہ گلزار دیکھنا
میں وہ رونے والا چلا ہوں جہاں سے / جسے ابر ہر سال روتا رہے گا
بیتاب جی کو دیکھا دل کو کباب دیکھا / جیتے رہے تھے کیوں ہم جو یہ عذاب دیکھا
لیتے ہی نام اس کا سوتے سے چونک اٹھے / ہے خیر میر صاحب کچھ تم نے خواب دیکھا
گزرا بنائے چرخ سے نالہ پگاہ کا / خانہ خراب ہو جیو اس دل کی چاہ کا
وصل میں رنگ اڑ گیا میرا / کیا جدائی کو منہ دکھاؤں گا
کھلا نشے میں جو پگڑی کا پیچ اس کی میر / سمندِ ناز کو اک اور تازیانہ ہوا
مانند شمع آتشِ غم سے پگھل گیا / بزمِ جہاں میں روتے ہی روتے میں گل گیا
ہم خستہ دل ہیں تجھ سے بھی نازک مزاج تر / تیوری چڑھائی تو نے کہ یاں جی نکل گیا
یہ چھیڑ دیکھ ہنس کے رخِ زرد پر مرے / کہتا ہے میر رنگ تو کچھ اب نکھر چلا
رخصتِ سیرِ باغ ہمیں نہ ہوئی / یوں ہی جاتی رہی بہار افسوس
گل کی جفا بھی دیکھی دیکھی وفائے بلبل / اک مشتِ پر پڑے ہے گلشن میں جائے بلبل

رباعی

کافر

کیا پھرتی ہے میکدے میں مٹکی مٹکی — زاہد عابد سے دور چھٹکی چھٹکی
قاضی کا نہ ڈر نہ محتسب کا کافر — یہ دخترِ رز بھی جب سے اٹکی اٹکی

کلیم

آتی ہے دل پہ قلقلِ مینا سے اب شکست — وہ دن گئے کلیم کہ یہ شیشہ سنگ تھا

گماں

مدت سے ہو رہا تھا مرا داغ داغ دل — اس گل کے دیکھتے ہی ہوا باغ باغ دل
فصلِ گل سے پھر ہوا اب گرم بازارِ چمن — مشتِ پر لے کر ہوئی بلبل خریدارِ چمن
مجھے تو زیست بھی دشوار ہو گئی ہے اب — خدا کرے کہ گماں۔ دل مرا سنبھل جائے
قتل کر مجکو مری نعش پہ بولا قاتل — ہائے یارو یہ گماں تھا؟ مجھے معلوم نہ تھا

گریاں

دیکھے تو جسے نگاہ بھر کر — مر جاوے وہیں وہ آہ بھر کر
سبک روحی یہ پروانے کی جی کو داغ کرتی ہے — کہ دوشِ شمع پر رکھتا نہیں بارِ کفن اپنا

مضمون

ہم نے کیا کیا نہ ہجر میں محبوب کیا — صبرِ ایوب کیا گریۂ یعقوب کیا

میر مدد اللہ رند

اشک آنکھ سے دل ہاتھ سے جی تن سے چلا جائے — اے وائے مصیبت کوئی کس کس کو سنبھالے

منعم

بھولی نہیں ہے مجھکو بتوں کی ادا ہنوز — دل کے نگیں پہ نقش ہے نامِ خدا ہنوز
تصویر اُس کی کھینچ کے ناز و ادا کے ساتھ — نازاں ہے اپنے آپ پہ دستِ قضا ہنوز

بے بسی سے تو تری بزم میں ہم بہرے بنے　　نیک و بد کوئی کہے بیٹھے سنا کرتے ہیں
اُس کے کوچے میں نہ کر شور قیامت کا ذکر　　ایسے ہنگامے تو یاں روز ہُوا کرتے ہیں
اب جہاں آفتاب میں ہم ہیں　　یاں کبھی سرو و گل کے سائے تھے
ڈوبے اُچھلے ہے آفتاب ہنوز　　کبھی دیکھا تھا تجھکو دریا پر
اِن دونوں یاروں کی نظروں سے نہاں رہتے ہو　　خوش رہو میر مری جان جہاں رہتے ہو

رباعی

ہر صبح غموں میں شام کی ہے ہم نے　　خونابہ کشی مدام کی ہے ہم نے
یہ مہلتِ کم کہ جس کو کہتے ہیں عمر　　مر مر کے غرض تمام کی ہے ہم نے

منت

منت ایسے کو دل دیا تو نے　　اے مری جان کیا کیا تو نے

محب

عارض اُس کے تھے عرق سے یوں سحر بھیگے ہوئے　　جس طرح شبنم سے ہوں گلبرگِ تر بھیگے ہوئے
اشک سے مژگاں ہیں نم تجھ تک پہنچتی نہیں نگاہ　　مانعِ پرواز ہیں طائر کے پر بھیگے ہوئے

ممتاز

ڈروں میں کس لیے رنجش سے پیار دیکھا تھا　　میں اب خزاں کو جو رووں بہار میں کیا تھا
جفائے یار نے کس طرح کر دیا مایوس　　اور اپنی خاطرِ اُمیدوار میں کیا تھا
ترے ہی واسطے آئے عدم سے ہم یاں تک　　وگرنہ ہستیِ ناپائدار میں کیا تھا
عشق میں عرضِ تمنا مانعِ دیدار ہے　　میرا ہی دستِ دعا آئینہ پر میرے دیوار ہے
یاد اُس شوخ کی اس دل میں بھری رہتی ہے　　لوگ کہتے ہیں کہ اس گھر میں پری رہتی ہے

کی سیرِ جذبِ اُلفت گلچیں نے کل چمن میں
توڑا تھا شاخِ گل کو نکلی صدائے بلبل

ہم تو اسیرِ کنجِ قفس ہو کے مر چلے
اے اشتیاقِ سیرِ چمن تیری کیا خبر

مطرب نے پڑھی تھی غزل اک میر کی شب کو
مجلس میں بہت وجد کی حالت رہی سب کو

ہوگا کسی دیوار کے سایہ میں پڑا میر
کیا ربط محبت سے اُس آرام طلب کو

مرتے ہیں تیری نرگسِ بیمار دیکھکر
جاتے ہیں جی سے کس قدر آزار دیکھکر

جاتا ہے آسماں لیے کوچہ سے یار کے
آتا ہے جی بھرا در و دیوار دیکھکر

رہی نہ گفتہ مرے دل میں داستاں میری
نہ اس دیار میں سمجھا کوئی زباں میری

آتا ہے جی میں حال بد اپنا بھلا کہوں
پھر آپ ہی آپ سوچ کے کہتا ہوں کیا کہوں

ناز چمن وہی ہے بلبل سے گو خزاں ہے
ٹہنی جو زرد بھی ہے سو شاخِ زعفراں ہے

از خویش رفتہ اکثر رہتا ہے میر اُس بن
کہتے ہو بات کس سے وہ آپ میں کہاں ہے

جب نام ترا لیجیے تب چشم بھر آوے
اس طرح کے رونے کو کہاں سے جگر آوے

کوئی کانٹا سرِ راہ کا ہماری خاک پر بس ہے
گل و گلزار کیا درکار ہے گورِ غریباں کو

کام تھے عشق میں بہت پر میر
ہم ہی فارغ ہوئے شتابی سے

دمِ نزع دشوار دی جان اُس نے
مگر میر کو آرزو تھی کسی کی

مر گیا کوہکن اسی غم سے
آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل ہے

کتنا خلاف وعدہ ہوا ہوگا وہ کہ یاں
نومیدی اور اُمید مساوات ہو گئی

وہ کیا چیز ہے آہ جس کے لیے
ہر اک چیز سے دل اُٹھا کر چلے

دکھائی دیے یوں کہ بے خود کیا
ہمیں آپ سے بھی جدا کر چلے

کوئی نا اُمیدانہ کرتے نگاہ
سو تم ہم سے منہ بھی چھپا کر چلے

ولی

پھر میری خبر لینے وہ صیاد نہ آیا — شاید کہ اُسے حال مرا یاد نہ آیا

صنم کے لعل پر وقت تکلم — رگِ یاقوت ہی موجِ تبسم

زندگی جامِ عیش ہی لیکن — فائدہ کیا اگر مدام نہیں

عجب کچھ لطف رکھتا ہی شبِ خلوت میں مہرو سے — سوال آہستہ آہستہ جواب آہستہ آہستہ

اے جانِ ولی وعدۂ دیدار کو اپنے — ڈرتا ہوں مبادا کہ فراموش کرے تو

ہی حسن ترا ہمیشہ یکساں — جنت سے بہار کیوں کے جائے

آغوش میں آنے کی کہاں تاب ہی اُس کو — کرتی ہی نگہ جس قدِ نازک پہ گرانی

میر ابوالحسن وحشت

لگتا ہی مجھکو آج یہ سارا جہاں خراب — شاید کہ مرگیا ہی کوئی خانماں خراب

وفا

حسنِ عمل پہ اپنے نہ بھول اس قدر کہ شیخ — واں کے معاملے کی کسی کو خبر نہیں

دکھ نہ دے اس قدر وفا کے تئیں — آخرش وہ بھی جان رکھتا ہی

بس کہ اپنے انقلابِ بخت سے ڈرتے ہیں ہم — بسترِ گل پر بھی لرزاں ہی قدم دھرتے ہیں ہم

کل کا وعدہ کر لیا ہی اُس نے اے محرم تو کیا — یاں تو بیتابی سے دل کی آج ہی مرتے ہیں ہم

نہ کشتی پار ہی یہ کر گئی اپنی نہ وار آئی — ہوئے ہیں غرقِ دریا اُس گھڑی جب عین دھار آئی

میر بہادر علی وحشت

شب و روزِ وصل کو دیکھئے کہ عجب وہ لیل و نہار تھا — کبھی ہم سے یار کو لطف تھا کبھی ناز تھا کبھی پیار تھا

یکرنگ

نہ کہو یہ کہ یار جاتا ہی — میرا صبر و قرار جاتا ہی

محترم

محترم کیا بیاں کروں تجھ سے　　اس دلِ داغدار کی صورت

مستمند

نزع تک وصل کی ہی یار اُمید　　ہی مثل ایک دم ہزار اُمید

مائل

کہتا نہ تھا کہ باز آ ہر دم کی اس ہنسی سے　　آخر گیا نہ ظالم اِک بے گناہ جی سے

مصحفی

کوئی خوابیدہ ہم سے جاگتے ہیں　　نہ اتنی سعی ای بانگِ جرس کر

جہاں کا گل بنے وہ شوخ یارب　　مجھے تو اس چمن کا خار و خس کر

وقفۂ پیک نگہ، دیدۂ تر ہی در پیش　　دن ہیں برسات کے اور رہ میں خطر ہی در پیش

دلِ حیراں کی مرے دیکھیے صورت کیا ہو　　اب تو واں آئنہ ہی آٹھ پہر ہی در پیش

ہی نہاں داغ جگر زخم نمایاں کے تلے　　جس طرح لالہ کہیں ہو گلِ خنداں کے تلے

آشیاں بندی کی تکلیف نہ کر ہم کو ہوس　　گر رہیں گے کسی دیوار گلستاں کے تلے

مجذوب

چھوٹے اگر قفس سے تو خاموش عندلیب　　صیاد نے سنا یہ ترانہ تو ہم رہے

عجب قسمت ہی اپنے دل کی بازارِ محبت میں　　جو کوئی صبح اُس کو لے گیا تو شام لے آیا

ناجی

اُس کے رخسار دیکھ جیتا ہوں

عارضی میری زندگانی ہی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تذکرۂ میر حسن

سخن سنجانِ مضموں پرور را حمدِ قادرے کہ زبانِ لالِ قلم را از سرمۂ دودہ ہم چشم منقارِ بلبلاں نمودہ اند، محال، و نکتہ پردازانِ معنیٰ گستر را ثنائے صانعے کہ حسنِ شاہدِ مضموں را در آئینۂ الفاظ جلوۂ عروسی دادہ، بہ نظرِ صاحب نظراں در آوردہ اند، وہم ست و خیال۔ سبحان اللہ، مشبّہ را ہوسِ منزّہ در سر آید، لاحول ولا قوّۃ الّا باللہ، چہ حمدے کہ سزاوارِ محمدتِ اوست بہ زبانِ محبوبِ خود فرمودہ، الحمد للہ ربّ العٰلمین، الرّحمٰن الرّحیم، مٰلک یوم الدّین، و غریقِ بحرِ معصیت از زبانِ زیاں کار نعتِ معجز بیانے کہ شادابیِ کلامش سبعۂ معلقہ را از عرقِ خجالت فصحائے بطحیٰ راشتہ بہ چہ رو گویاند، محض جرات ست و مجال، چہ لغتے کہ در خورِ لیاقتِ اوست محبِ او فرمودہ، وما ارسلنٰک الّا رحمۃً للعٰلمین، ایّاکَ نعبد و ایّاک نستعین، با وصیائے او کہ ہر یک صراط المستقیم اند روندگانِ طریقِ ہدایت را و خضرِ راہ اند گم گشتگانِ بادیۂ ضلالت را در منقبتِ ایشاں

خیال چشم و ابرو کرکے تیرا | کوئی مسجد گیا کوئی خرابات

زخمی برنگِ گل ہیں شہیدانِ کربلا | گلزار کی نمط ہی بیابانِ کربلا

اندھیری ہی جہاں ہیں کہ اشامیوں کے ہاتھ | ہی سر بریدہ شمع شبستانِ کربلا

یار

جائے سنگِ لوحِ تربت نصب کیجو آئنہ | تا کوئی جانے کہ یہ حسرت کش دیدار تھا

آفریں اے دستِ گستاخِ محبت۔ آفریں | یہ گریباں ایک مدت سے گلے کا ہار تھا

۱۶ نومبر ۱۹۲۱ء
حیدرآباد (دکن)

محمد حبیب الرحمن خاں شروانی

نوٹ:۔ (۱) طبع جدید میں رائل ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کے نسخے سے مطابقت کرکے تصحیح کی گئی ہی۔

(۲) بعض اشعار کے سامنے ن، م یا نم لکھا گیا ہی۔ ن سے مراد یہ ہی کہ یہ شعر "نکات الشعرا" میں موجود ہی۔ م کا اشارہ اس بات کی طرف ہی کہ یہ شعر "مخزن نکات" میں موجود ہی اور نم اس بات کی علامت ہی کہ یہ شعر "نکات الشعرا" اور "مخزن نکات" دونوں میں موجود ہی۔

ذکرِ اوّل

(۱) **آفتاب** : بادشاہِ جم جاہ، سکندر سپاہ ظلّ اللہ، شاہ عالم بادشاہ۔
باوجودِ شغل جہاں بانی و فرماں روائی گاہ گاہ بہ حسبِ اتفاق زبانِ الہام بیاں را بگفتنِ رباعی و بیتے کہ عبارت از فارسی و ریختہ نیز باشد گل فشانی می نماید، و آفتاب تخلّص او دریں زماں اظہر من الشمس ست۔ خلّد اللہ ملکہٗ و افاض اللہ برّہٗ و احسانہٗ۔ من غزل:

صبح تو جام سے گزرتی ہے　　شب دل آرام سے گزرتی ہے
عاقبت کی خبر خدا جانے　　اب تو آرام سے گزرتی ہے

حرف (ا)

متقدّمین

باید دانست کہ ریختہ اوّل از زبانِ دکن رواج یافتہ۔

(۲) **آزاد** : فقیر اللہ، آزاد تخلص از حیدر آباد بود۔ در صغرِ سن یتیم شد، اہلِ محلّہ عزیز می داشتند، چوں بہ حدِّ بلوغ رسید عشق گل رُخے ورزید، مانند عندلیب نالاں بہ آہ و فغاں بہ سر می نمود، و بہ رنگِ صبا سراسیمہ می گشت، یک جا قرار نہ می گرفت، چناں چہ ہم راہِ فراقی، دکنی در شاہ جہاں آباد آمدہ بود۔

از خود چہ انشا کند غیر ازیں مناجات کہ اِھدنا الصراط المستقیم، صراط الذین انعمت علیہم، غیر المغضوب علیہم ولا الضالین۔ آمین۔

امّا بعد، ایں پروردۂ آغوشِ رنج و محن، اسیر دار الحزن، میر غلام حسن ابن میر غلام حسین، بن میر عزیز اللہ را تمنائے آں شد کہ تذکرۂ سخن آفرینانِ ہندی زباں را کہ چمن چمن گل ہائے رنگیں معانی و گلشن گلشن نازک خیالی در گریبانِ دیواں ہا ریختہ اند، دستہ بندِ صفحۂ اوراق نماید، تا ہر صاحب نظرے از تماشائے آں بہ حمد صانعِ حقیقی ذاکر شود کہ مصنوعِ اویک عروس را بہ ہزاراں ہزار بوئے معانی پیچیدہ۔ اگر عاشقانہ است، بیاباں بیاباں وحشت و روست و گر مجنونانہ است جفا جفا غمزہ بہ اوست۔ اگر بزمیہ است محفل محفل طنازی ست، و گر رزمیہ است میداں میداں جاں بازی ست۔ اگر تعریفِ خوش خرام ست قمری سروِ قالیِ شاں خندہ بر کبکِ کوہسار دارد، و گر تعریفِ خوں آشام ست دمِ او چشمک بر برقِ خاطف می زند۔ غرض ازیں جا ثابت می شود معنی الحمد کہ جمیع محمدت محمود حقیقی ست۔ وما توفیقی اِلّا باللہ، علیہ توکلت والیہ مآب۔

پس از دریافتِ حالِ خیر مآل ہر صاحب سخن شمّہ، کہ از دوستانِ حقیقت داں مسموع نمودہ، در ذیلِ اشعارِ ہر یک نوشت، و مطابقِ حروفِ تہجی نامِ ہر یک را ضبط نمود، تا جویائے را تردد نہ افتد، و دعائے خیر در حقِ خلف و سلف نماید۔ مدعائے فقیر از ذکرِ جمعِ کثیر ہمیں ست و بس۔ شاید بطفیلِ ایں بزرگاں کسے را توفیق در حقِ ایں جامع آید۔ وباللہِ التوفیق وعلیہ التکلان۔

م احمد بتا میں کیا کروں اب راہِ عشق میں
سر پر تو سانجھ پڑ گئی اور پانو تھک گئے

(۷) **امجد**: امجد تخلص نیز شخصے از قدیم ست۔ اکثر قوالاں ایں غزل او را می خوانند:

سنتا تھا جسے کعبہ و بت خانہ میں آخر — امجد میں اُسے حضرتِ انسان میں دیکھا

متوسّطین

(اواخرِ فرخ سیر دابتدائے سلطنتِ محمد شاہ بادشاہ)

(۸) **آرزو**: خانِ مغفرت نشان، سرگروہ سخن سنجاں، استادِ استادانِ ہندوستان جنّت نشاں، چراغِ دودمانِ گفتگو، سراج الدین علی خاں آرزو بعد امیر خسرو دہلوی چنیں صاحبِ کمال پُر گو و خوش گو بہ مسامعِ عالمیان نہ رسیدہ۔ ہفت دیوان دارد کہ ہر یکے پہلو بہ نظیری و فغانی می زند، و دیگر چند تصنیفات دارد۔ فکرِ صائب او تزلزل در ارکانِ مضامینِ مبتذل انداختہ۔ شاعرِ فارسی و عالمِ فاضل۔ شہرۂ آفاق، در سخن فہمی طاق۔ اُستادانِ ریختہ نیز شاگردِ اویند۔ برائے تفنّنِ طبع دو سہ ریختہ خود ہم فرمودہ۔ نوّر اللہ مرقدہٗ:

ن جان کچھ تجھ پر اعتماد نہیں — زندگانی کا کیا بھروسا ہے
نم مے خانے بیچ جا کر شیشے تمام توڑے — زاہد نے آج اپنے دل کے پھپھولے پھوڑے
نم رکھے سی پارۂ گل کھول آگے عندلیبوں کے — چمن میں آج گویا پھول ہیں تیرے شہیدوں کے
ن آتا ہے صبح اُٹھ کر تیری برابری کو — کیا دن لگے ہیں دیکھو خورشیدِ خاوری کو

(۹) **انسان**: اسد یار خاں، المتخلص بہ انسان، مردے بود بہ کمال افسانیت و قابلیت۔ در آں زماں بہ پایۂ امارت رسیدہ، بسیار بہ کرّ و فر معاش می نمود۔

طبع دردمندے داشت و بسیار بہ صفا حرف می زد۔ خدایش بیامرزد۔ از وست:

نم کوئی کسی ہی فن میں مجھ سا تو برنہ آیا — پر جس سے یار ملتا ایسا ہنر نہ آیا

(۳) **احمد**: احمد گجراتی از قدیم ست۔ دیگر احوالش معلوم نیست۔ از وست:

ن ہوئے دیدار کے طالب خودی سے خود گزر نکلے
نہ پائی راہ دانش میں خروشاں بے خبر نکلے

(۴) **افضل**: محمد افضل، افضل تخلص از قدیم ست۔ کدام ہندو بچہ، گوپال نامی بود کہ برو عاشق شدہ، حسب حالِ خود بارہ ماسا، عرف بکٹ کہانی گفتہ کہ اکثر کھتریاں در گایناں مشتاق او می باشند۔ نصفے فارسی و نصفے ہندی دارد، لیکن قبولیت دادِ الٰہی ست، بردل ہا اثر می کند از آں جملہ است:

م پڑی ہے گل میں میرے پیم پھانسی — مرن اپنا ہے اور لوگوں کو ہانسی
مسافر سے جنھوں نے دل لگایا — انھوں نے سب جنم روتے گنوایا

(۵) **اوجی**: اوجی تخلص از میرزادہائے حیدرآباد بود۔ اوّل در شعر و شاعریِ آخر بہ عبادت گزرانید۔ غفراللہ لہٗ:

م درپن سیتی نگاہ کو مائل نکو کرو — یہ دُکھ اپس کے واسطے حاصل نکو کرو

(۶) **احمد**: احمد گجراتی دیگر، در زبان سنسکرت و بھاکھا می گویند کہ تصانیف بسیار دارد۔ چوں معاصرِ شاہ ولی اللہ، ولی بود، دو سہ ریختہ نیز گفتہ۔ خدایش بیامرزد:

م شب جھوٹے وعدوں پہ جو ترے ہم بہک گئے
کوئی لاکھ بار گھر سے اُٹھے در تلک گئے

م پوچھی تھی کل بتاں سے کہیں دل کی میں خبر
سو آج لا کے سر سے وو میرے پٹک گئے

نور اللہ مرقدہٗ - از ابتدائے جوانی مشقِ سخن می کرد - شاعرِ خوش گوے
در وقتِ خود بود - خدایش بیامرزد :

نم دل تو دیکھو آدمِ بے باک کا — عشق سے پتلا بھرا ہی خاک کا
ن کچھ ٹھہرتی نہیں کہ کیا ہو گی — اِس دلِ بے قرار کی صورت
ن کریں جو بندگی ہوویں گنہ گار — بتاں کی کچھ نرالی ہی خدائی
بوسہ لباں سے دینے کہا کہ کے پھر گیا — پیالہ بھرا شراب کا افسوس گر گیا نم
قول آبرو کا تھا کہ نہ جاؤں گا اُس گلی — ہو کرکے بے قرار دیکھو آج پھر گیا نم
مشتاقِ عذر خواہی نہیں آبرو تو کیا ہی — یہ روٹھ روٹھ چلنا چل چل کے پھر ٹھٹکنا نم
دورہ خاموش بیٹھ رہتا ہوں — اس طرح حال دل کا کہتا ہوں نم
اٹھ چیت کیوں جنوں سیتی خاطر بچنت کی — آئی بہار تجھ کو خبر ہی بسنت کی نم
لٹک چلنا سجن کا بھولتا اب تک نہیں مجھ کو — طرح وہ پانو رکھنے کی مری آنکھوں میں پھرتی ہی نم
آبرو کے قتل کو حاضر ہوا کس کر کمر — خون کرنے کو چلا عاشق پہ تہمت باندھ کر ن
کیوں ملامت اِس قدر کرتے ہو بے حاصل ہی یہ — لگ چکا اب چھوٹنا مشکل ہی اس کا دل ہی یہ نم
کہتا ہوں میں پکار، سنو کان دھر سجن — جو اور سے ملو گے تو دیکھو گے ہم نہیں نم
میاں کے لوگ کہتے ہیں کمر ہی — کہاں ہی؟ کس طرح کی ہی؟ کدھر ہی؟ نم
زلف کی شان تم ھ اوپر دیکھو — کہ گویا عرش پہ لٹکتی ہی نم
کیا ہوا گو کہ مر گیا فرہاد — روح تیشہ سے سر پٹکتی ہی ن
پھرتے تھے دشت دشت جدانے کدھر گئے — وی عاشقی کے آہ زمانے کدھر گئے م
نہ چھوڑے گا پیارے جی کسی کا — تمھارا ہنس کے یہ کہنا اجی کا
زندگی ہی سراب کی سی طرح — باؤ بندی حباب کی سی طرح نم
کون چاہے گا گھر بسے تجھ کو — مجھ سے خانہ خراب کی سی طرح نم

خدایش بیامرزد :

ن نہ دیکھی اک جھلک بھی آن کرتن بیچ اندھوں نے
اگرچہ ہر بُنِ مُو سے بدن سارا شبکہ ہے

م زمیں اور آسماں اور مہر و مہ سب تجھ میں ہیں انساں
نظر بھر دیکھ مشتِ خاک میں کیا کیا جھمکتا ہے

سودا خیالِ خام کا سر سے گزر گیا — تِل باندھتے تھے جس میں وہ کملی نہیں رہی

باید دانست کہ سخن سنجانِ آں زماں در پے صنعتِ ایہام می بودند و تلاشِ لفظِ تازہ می نمودند۔ چوں طرزِ تازہ بود، خوش می آمد۔ لیکن، اکثرے ازیں بحر گوہرِ شہوار بردند، و بعضے بہ سببِ تلاشِ لفظ خزف ریزہ بہ کف آوردند۔ چار و ناچار برائے یادگار قلمی می نماید۔ معذور باید داشت۔

(۱۰) **محمد اشرف** : محمد اشرف ہم عصرِ میاں آبرو شخصے بود :

پی پل میں نیم خواب ہو ڈر بڑے گالیاں — اس غم سے خاک عاشقاں سیسوں پہ ڈالیاں

(۱۱) **میرزا اکبر قلی** : میرزا اکبر قلی اکبر آبادی :

جا کہہ نسیمِ گُل سے سرما کا خوف مت کر — بلبل کے بال و پر سے تو سی بنا دوشالا

(۱۲) **افگار** : افگار تخلص :

چاہیے گر بُت کو پوجو دل کو بُت خانہ کرو — رام ہے سرجن تمھارا گھٹ میں پہچانا کرو

(۱۳) **آزاد** : خواجہ زین العابدین، آزاد تخلص۔ جوانِ محمد شاہی بود۔ از وست :

جبھی بلبل نے چھوڑے شعلۂ آواز کے جھکے
تبھی گلشن کے سارے جل اُٹھے گُل اور کنول دہکے

(۱۴) **آبرو** : آبرو، غنچۂ گلزارِ گفتگو، از شاگردانِ سراج الدین علی خاں، آرزو میاں نجم الدین، عرف شاہ مبارک، المتخلص بہ آبرو، نبیرۂ حضرت محمد غوث گوالیاری

مدت ہوئی ہے دل کو وہ مل ہر کے ساتھ ہے — دل تو ہمارے ہاتھ نہیں اس کے ہاتھ ہے

(۱۸) **الف خاں** : الف خاں، اصلش افغان بود۔ بہ لباسِ فقیری بسر می برد۔ خدایش بیامرزد۔ از وست :

پہلے قدم میں عشق کے میرا تو جی گیا — مجنوں یہ چند روز بھلا کیوں کے جی گیا

(۱۹) **افغاں** : ہنگن خاں، متخلص بہ افغاں، روتۂ سرکار امة الحبیب بود۔ موافقِ نام و نسبِ خود می گفت :

خسرو سے ملی شیریں جب شیر و شکر ہو کر — پتھر سے پٹک سر کو فرہاد بہت رویا

(۲۰) **امیر خاں** : نوّاب امیر خاں، از امرائے عظام و ظرفائے عالی مقام، نوّاب عمدة الملک۔ خوش طبع و شیریں کلام از مقربانِ درگاہِ فردوس آرام گاہ بود۔ لطائف و ظرائف او مشہور و معروف ست۔ گاہ گاہ اشہبِ فکر را بہ حسبِ اتفاق در میدانِ نظم نیز جولاں می نمود۔ نمک حرامے او را بہ مشورۂ دشمنانش سرِ سواری اندرونِ قلعۂ شاہ جہاں آباد شہید کرد۔ غفر اللہ لہٗ۔ از وست :

ٹک تو فرصت دے کہ رخصت ہو چلیں صیاد ہم
مدتوں اس باغ کے سایے میں تھے آباد ہم

میں بلائی بھیڑ میں یہ مجھ سے نادانی ہوئی — دخترِ رز بزم میں آ شرم سے پانی ہوئی

(۲۱) **افگار** : سیدِ عالی نسب، والا حسب، غنچۂ گلشنِ افکار، میر جیون المتخلص بہ افگار، از شاہ جہاں آباد ست۔ بیشتر فکرِ منقبت می کرد۔ از مدتے برائے زیارتِ مشہدِ مقدس رفت، از بس کہ عقیدۂ درست داشت بر مزارِ مقدس بہ قرآں خوانی جا یافت۔ نقل ست روزے خادم آں جا شبِ دیگر فقرا از لنگر خانہ بہ میرِ موصوف شلہ تقسیم کردہ بود، در خواب بشارت یافت کہ ایں عزیز از برائے ما از ہند آمدہ است۔ ایں را از اطعمۂ خاص می دادہ باشد۔ خوشا بہ حالِ شخصے کہ امامِ زماں سفارشش او نماید۔ یک شعر دیں ولا

تب بیتی دل کو بے قراری ہے — جب سے مٹنے کا کر گیا ہے قرار
جلتا ہے اب تلک ترے مکھڑے کے رنگ سے — ہر چند ہو گیا ہے چمن کا چراغ گُل
نالہ ہمارے دل کے غم کا گواہ بس ہے — دینے کے تئیں شہادت انگشتِ آہ بس ہے
دل کب آوارگی کو بھولا ہے — خاک گر ہو گیا بگولا ہے — نم
شوق سے جس گھر میں ہو تو جلوہ گر — آئینے ہو جائیں دیواروں میں دل

(۱۵) **اشتیاق** : شاہ ولی اللہ درویشے بود بہ کمالِ خوبی و اخلاق، المتخلص بہ اشتیاق، از اولادِ مجددِ الفِ ثانی۔ نبیرۂ شاہ محمد گل۔ مولد او سرہند بود۔ در کوٹلۂ فیروز شاہ کہ در شاہ جہاں آباد مشہور ست، مسکن داشت۔ از جملۂ استادانِ ایہام بند بود۔ الحق کہ بسے خوش فکر و خوش تلاش۔ از دست:

نم — چھوڑ کر تم کو ہمیں اور سے جو لاگ لگی — نہیں یہ مہندی ترے تلووں سے ہے آگ لگی
نم — بتاں جو ہجر کی باتیں ہمیں سناتے ہیں — کچھ ان کا دوس نہیں یہ خدا کی باتیں ہیں
م — دو بالا ہو گی مخموری عبث آنکھوں کو ملتا ہے — پیالہ اور بھی پی لے سجن یہ دور چلتا ہے

وقتے کہ نواب روشن الدولہ مغفور از شاہ جہاں آباد تا درگاہِ قطب صاحب کہ عرصۂ ہفت کروہ خواہد بود، چراغاں کردہ بود دراں باب گفتہ:

ایسا مرید کیوں نہ دو عالم میں نستر ے — پیروں کی راہ میں جو کروروں دیا کرے

(۱۶) **احسن** : میاں احسن اللہ، احسن تخلص۔ در ہماں عصر بود بہ کمالِ خوبی۔ طبعش بسیار مائلِ ایہام بود۔ خدایش بیامرزد۔ از دست:

نم — یہی مضمونِ خط ہے احسن اللہ — کہ حسنِ خوب رویاں عارضی ہے
م — لامِ نستعلیق کا ہے اس بتِ خوش خط کی زلف — ہم تو کافر ہوں اگر بندے نہ ہوں اس لام کے

(۱۷) **احسن** : علی احسن خاں، خانِ سامانِ عمدۃ الملک، امیر خاں۔ احسن تخلص خدایش بیامرزد۔ از دست:

کلیجا پک گیا میں کیا کہوں اس دل کے ہاتھوں سے
ہمیشہ کچھ نہ کچھ اس میں خیالِ خام رہتا ہے
بیاں میں کیا کروں اب اس سے آگے اپنی ناکامی
ترے یہ طور اور مجھ کو تجھی سے کام رہتا ہے

تجھ سوا کوئی جلوہ گر ہی نہیں — پر ہمیں آہ کچھ خبر ہی نہیں
دردِ دل چھوڑ جائیے سو کہاں — اپنے باہر تو یاں گزر ہی نہیں
تیری اُمید چھٹ نہیں اُمید — تیرے در کے سوا در ہی نہیں
حال میرا نہ پوچھیے مجھ سے — بات میری تو معتبر ہی نہیں
کر دیا کچھ سے کچھ ترے غم نے — اب جو دیکھا تو وہ اثر ہی نہیں

جو سزا دیجے ہے بجا مجھ کو — تم سے کرنی نہ تھی وفا مجھ کو
وہی میں ہوں اثر وہی دل ہے — اب خدا جانے کیا ہوا مجھ کو

کیا کیجے اختیار نہیں دل کی چاہ میں — ہیں سب دگر نہ تیری یہ باتیں نگاہ میں
ایسے کے خیر خواہ ہوئے ہم کہ جس کو آہ — بدخواہ ہی میں فرق نہ کچھ خیر خواہ میں

اثر کیجے کیا کہ مر جائیے — مگر آپ ہی سے گزر جائیے
کبھو دوستی ہے کبھو دشمنی — تری کون سی بات پر جائیے

بس ہو یارب یہ امتحان کہیں — یا نکل جائے اب یہ جان کہیں
وائے غفلت کہ ایک ہی دم میں — میں کہیں اور کاروان کہیں
صرفِ غم ہم نے نوجوانی کی — واہ کیا خوب زندگانی کی
بے وفا تجھ سے کچھ گلہ ہی نہیں — تو تو گویا کہ آشنا ہی نہیں
یا خدا پاس یا بُتاں کے پاس — دل کبھی اپنا یاں رہا ہی نہیں
دل سے جو چاہیے سو باندھیے بات — میں نے واللہ کچھ کہا ہی نہیں

اناں جا گفتہ فرستادہ است۔ الحق کہ مضمونِ تازہ یافتہ است۔ خدایش سلامت دارد:

علی کا بیاہ ایسا جگمگا تھا شبِ معراج جس کا رتجگا تھا

فقیر حسن مطلع رسانیدہ، اگر قبول افتد زہے طالع:

دو شعلہ طور کا جو تھا سواس رات مثالِ شمع تختوں پہ لگا تھا

(۲۲) **امّید**: قزل باش خاں، اُمید تخلص، مردے بود ولایت زا، چناں چہ دیوان فارسی از و مشہور است۔ بسیار خوش معاش و یار باش بود۔ با مردم ہندوستان بسیار اختلاط ہا داشت و از صحبتِ ایں مردم علی الرّغمِ قومِ خود خوش بود۔ خدایش بیامرزد۔ از وست:

در و دیوار سے اب صحبت ہے یارِ بن گھر میں عجب صحبت ہے نم

متاخّرین

(۲۳) **اثر**: از فصحاے نام دار و صلحاے کامگار، خوش اوقات و نیک سیر، عرف محمد میر، المتخلص بہ اثر۔ در دیشے ست مؤقّر و صاحب سخنے ست مؤثّر۔ عالم و فاضل، رتبۂ قدرش بہ غایت بلند، گوہرِ صدرش نہایت ارجمند، برادرِ خورد خواجہ میر درد، وام افضالہ و شرح رسالہ دارد و اورا مسمّیٰ بہ توارد بہ کمال قوت و زور نوشتہ۔ در خدمتِ برادرِ بزرگوارِ خود گوشہ نشینی اختیار کردہ، و قدم بر جادۂ بزرگانِ خود نہادہ، بہ سر می برد۔ حق تعالیٰ سلامت دارد:

بس رفع اب خیالِ مے و جام ہو گیا ساقی بہ یک نگاہ مرا کام ہو گیا
میرے تئیں تو کام نہ تھا کچھ بتوں سے آہ پر دل کے ساتھ مفت میں بدنام ہو گیا

کچھ ان روزوں دل اپنا سخت بے آرام رہتا ہے
اسی حالت میں سے کر صبح سے تا شام رہتا ہے

ہو گیا خونِ ناب آنکھوں میں | تھا جہاں تک کہ آب آنکھوں میں
شبِ فرقت میں تیری اے ظالم | ہو گیا خواب خواب آنکھوں میں

شاد تھا دل سب طرف سے بر میں جب جانانہ تھا
ہائے کیسی رات تھی جس رات وہ ہم خانہ تھا
ہو گیا تھا کہتے کہتے اِن دنوں میں ہوشیار
پھر جو کل دیکھا میں اجمل کو وہی دیوانہ تھا

(۲۶) **امیر**: خانِ عالی شان محمد یار خاں، المتخلص بہ امیر ولد علی محمد خاں روہیلہ۔ بسیار خلیق و جوہر شناس۔ طبع موزوں دارد۔ از محمد قائم مشورۂ شعر دارد۔ خدا قائم دارد۔ از وست:

اِس مُنہ سے الٰہی کچھ نہ نکلا | جز نالہ و آہ کچھ نہ نکلا
دیکھی جو میں سرنوشت اپنی | جز روزِ سیاہ کچھ نہ نکلا

(۲۷) **اسد**: میر اسد علی، اسد تخلص، سیدِ عالی نسب در کمالِ وجاہت، از شاگردانِ میرزا رفیع سودا۔ اصل از شاہ جہاں آباد ست۔ الحال از سببِ پریشانیِ روزگار طرفِ مرشد آباد رفتہ۔ خدا ایش سلامت دارد۔ ہجوِ گنجفہ خوب گفتہ، و بسے دُرہائے معانی سفتہ۔ طبعِ رسائے دارد۔ از وست:

کس جنگ جو کی صبح کو باتیں نکالیاں | باہم صبا چمن میں الجھتی ہیں ڈالیاں
جوں توں اسد کو لائے تھے اُس کی گلی سے ہم | خانہ خراب راہ میں پر پھر مچل گیا

(۲۸) **آزاد**: میر ظفر علی آزاد تخلص، درد مند و عاشق مزاج۔ اصل وی شاہ جہاں آباد ست، در مرشد آباد مقیم ست۔ بیشتر فکر فارسی می نماید۔ نقل ست کہ یکے از کنیزانِ بیتا بیگم، نزاکت نام بر او عاشق شد۔ ہر چند کہ عدم ملاقات بود، لیکن نہاں نہاں از زباں شعلۂ آتش داغ در دل داشت۔ از اثرِ آہش

ہم ہیں بے دل دل اپنے پاس نہیں
آہ اس کا بھی تجھ کو پاس نہیں
پوچھ مت حال دل مرا مجھ سے
مضطرب ہوں مجھے حواس نہیں
بے وفا تیری کچھ نہیں تقصیر
مجھ کو میری وفا ہی راس نہیں
یوں خدا کی خدائی برحق ہے
پر اثر کی ہمیں تو آس نہیں
میں کہاں تو کہاں یہ کہتے ہیں
کہ یہ آپس میں دونوں رہتے ہیں
عاشقی اور عشق کی باتیں
سب جہاں سے اثر کے ساتھ گئیں
آہ کے ساتھ جی نکل نہ گیا
آہ اے آہ یہ خلل نہ گیا

(۲۴) **الم**: منبعِ اشفاق و کرم میاں صاحب میر، المتخلص بہ الم، بزرگ و بزرگ زادۂ عالی نسب، والا حسب، خلفِ حضرت خواجہ میر درد۔ چندے بہ فیض آباد تشریف آوردہ بود، الحال در دہلی باز در خدمتِ پدرِ بزرگوارِ خود استقامت دارد۔ گاہ گاہے فکرِ دو سہ بیت ہم می نماید۔ خدایش سلامت دارد۔ از وست:

نہ دل کو قرار بے قراری کے سبب
نہ چشم کو خواب اشک باری کے سبب
واقف نہ تھے ہم تو ان بلاؤں سے کبھی
یہ کچھ دیکھا سو تیری یاری کے سبب

(۲۵) **اجمل**: محمد اجمل، اجمل تخلص الہ آبادی ست۔ از فرزندانِ شاہ خوب اللہ بہ کمالِ فضیلت و آدمیت تحصیل علم و تربیت در خدمت برادرِ بزرگوار خود شاہ غلام قطب الدین، المتخلص بہ مصیب یافتہ۔ شاعرِ فارسی ست۔ چند کتاب تصنیف نمودہ۔ بندہ بادی دو سہ ملاقات کردہ و کلامش شنیدہ۔ الحق کہ کمیتِ فکرش در عینِ جولانی و رشتۂ سخنش چوں زلفِ گل رخاں طولانی۔ گاہ گاہ ریختہ ہم می گوید۔ چوں محاورۂ ایں زبان جدا ست، خود از کم مشقیِ خود اظہارِ عجز دارد۔ بسیار منصف مزاج ست۔ الحال مسند نشینِ حضرتِ شاہ خوب اللہ اوست۔ حق تعالیٰ بسیار سلامت دارد۔ از وست:

بہادر بہرہ استقامت داشت۔ در علمِ تاریخ و شمشیر شناسی و لطیفہ گوئی دستے بہم
رسانیدہ بود۔ از چندے بہ رحمتِ الٰہی پیوست۔ خدایش بیامرزد:

چمن کے تخت پر جس دن شہِ گل کا تجمل تھا — ق — ہزاروں بلبلوں کی فوج تھی اور شور تھا غل تھا
خزاں کے دن جو دیکھا کچھ نہ تھا جز خار گلشن میں — بتاتا باغباں رو رو یہاں غنچہ یہاں گل تھا

مثالِ آئینہ ہم نے سبھی نقشِ جہاں دیکھا — جہاں دیکھا بہر صورت تجھے قالب میں جاں دیکھا
قیامت کی عقوبت ساری ہجرِ یار میں گزری — وہاں تھا دیکھنا جو کچھ سو سب ہم نے یہاں دیکھا

نشے نے مے کشوں کے کیا فلک پر سر اٹھایا ہے — کہ بادل بھی سیہ مست ہو چمن پر جھوم آیا ہے
مجھے تھا دھیان زلفوں کا جو وہ خورشید رو آیا — خدا نے غم کی راتوں میں خوشی کا دن دکھایا ہے

(۳۲) میر امانی: میر امانی ولد میر آثمی۔ جوانے بود بہ کمالِ خوبی طبعِ موزونے داشت۔ با فقیر بسیار آشنا بود۔ بیشتر فکرِ مرثیہ می نمود۔ ازیں جا بہ سبب پریشانی روزگار بہ طرف مرشد آباد رفت۔ نقلِ وفاتِ او عجیب و غریب ست۔ روزے در خانۂ شخصے مجلسِ امام مقرر بود، میر مذکور بہ عادتِ خود بر منبر رفتہ، مرثیہ برخواند۔ نصفے نہ خواندہ بود کہ بر مردم رقت رو داد۔ چناں چہ خود ہم گریست و پشت بر دیوارِ منبر دادہ، مانندِ تصویر ساکت گردید۔ مردم گمان بردند کہ حالا بندِ دیگر خواہد خواند۔ چوں خاموشی بہ طول انجامید، اکثر اشخاص برخاستہ دیدند کہ جاں بہ جاں آفریں سپرد۔ خوشا بہ حالِ کسے کہ در غمِ امام علیہ السلام جاں بہ حق تسلیم کرد۔ و مشقِ شعرش بہ پختگی نہ رسیدہ، از بس کہ مصروفِ مرثیہ بود۔ خدایش بیامرزد:

شور ہر کوہ و بام کرتا ہے — دل بڑی دھوم دھام کرتا ہے
نہ تو سنتا ہے وہ امانی حال — نہ تو قصہ تمام کرتا ہے

(۳۳) رائے پریم ناتھ: رائے پریم ناتھ، خلف رائے کشن ناتھ، از قوم کھتری ست۔ قائم در تذکرہ خود نوشتہ کہ ظاہر حالش چوں طبعِ خویش موزوں

طرفِ ثانی را نیز گرمی بہم رسید۔ روزے صاحبۂ او پرسید کہ "چرا چنیں حال داری؟"
آں زن مردانہ گفت "ہر چہ خواہی بکن، بر فلانے عاشقم"، صاحبہ در غضب شدہ
بہ زیر چوب کشید و قید کرد، میر مذکور ایں خبر شنیدہ بسیار گریست و گفت:

'معشوق ز رسوائیِ من خانہ نشیں شد ایں بود سزائے نگہِ بے ادبِ ما'

غرض کہ سخنِ میر خالی از نزاکت نیست۔ سلامت باشد:

پوچھتے کیا ہو کہ بیداد کروں یا نہ کروں یہ تو فرماؤ کہ فریاد کروں یا نہ کروں
وعدۂ وصل تو کرتے ہو مگر سچ کہیو دل کو اس وعدے سے میں شاد کروں یا نہ کروں
خانہ اک دم کے لیے سیل پہ مانندِ حباب متحیر ہوں کہ بنیاد کروں یا نہ کروں
مرغِ دل تیری جدائی سے پڑا تڑپے ہے اس کو کیا حکم ہے آزاد کروں یا نہ کروں

(۲۹) **امین**: خواجہ امین الدین، امین تخلص، ساکن مرشد آباد است۔ دگر احوالش
معلوم نیست۔ سلامت باشد۔ از وست:

عمر کٹنے کو کٹی پہ کیا ہی خواری میں کٹی دن کٹا فریاد میں اور رات زاری میں کٹی

(۳۰) **اظہر**: میر غلام علی اظہر تخلص متوطن شاہ جہاں آباد، از شاگردانِ میر شمس الدین
فقیر۔ طالب علم در فنِ شاعری مربوط، دیوان فارسی پُر مضامین دارد۔ الحال
مائلِ ریختہ نیز گردیدہ۔ چوں سر رشتۂ سخن معلوم است، خوب خواہد گفت۔ طبعش
دقت پسند افتادہ است۔ خدایش سلامت دارد۔ از وست:

ساقی بہار آئی میرا ایاغ خالی انصاف بھی ہے ظالم مت کر دماغ خالی
اب تو ہر اک سے طلب کرنے لگے جانیں ہے یہ آئینِ وفا میں تمھیں سے راہ نئی
نیں پہ ہر دم یک چشم ساتھ آنسو کے نکل کے داغِ جگر جم رہا ہے آنکھوں میں

(۳۱) **آثمی**: آبِ جوئبارِ شرافت و سروِ بوستانِ سیادت، گل گلزارِ ہاشمی،
میر برہان الدین آثمی، شاعرِ ریختہ گو و مرثیہ گو بود۔ متوطن شاہ جہاں آباد، در

خدا بہ سلامت دارد ۔ از وست :

خاکِ چمن میں کس کی ملی آرزوے دل
جو غنچہ یاں کھلے ہے تو آتی ہے بوے دل

جو دل اُدھر گیا سو وہ ماٹی میں مل گیا
تیری گلی میں خاک کریں جستجوے دل

ہے مجھ میں رمق دیدہ تجھے تا نگراں ہے
جوں شمع مرا تارِ نگہ رشتۂ جاں ہے

کیوں کر نہ کروں نالہ و فریاد میں احسن
مانندِ جرس دل مرا لبریزِ فغاں ہے

یارو وہ صنم کیوں کے کرے کام خدا کا
رام اُس کا خدا ہے وہ نہیں رام خدا کا

صبح کا نکلا وہ گھر سے جب نہ آیا شام کو
تنگ پایا جی پہ میں کیا عرصۂ آرام کو

سر اپنے کو جوں لے گئے ہم اُس کے قدم تک
پہنچا دیا ٹھوکر نے وہیں ملکِ عدم تک

لطف سے کیجے اِدھر بھی تو نگاہ گاہے
شاد ہر لحظہ نہیں کرتے تو گاہے گاہے

دل بھرے اپنے کو کس طرح سے کیجے خالی
اُس کی غیرت نے نہ دی رخصتِ آہے گاہے

اب تو غمازوں نے وہ بات بھی کھو دی یارو
گھیر کر بیٹھتے تھے جو سرِ راہے گاہے

محروم ہم ہوں محرمِ اسرار ہو کوئی
خلوت میں ہو کوئی پسِ دیوار ہو کوئی

راتوں کو اُس کے کوچے میں جاتا تو ہوں ولے
دھڑکے ہے دل پڑا کہ نہ بیدار ہو کوئی

عشق کی آتش جلے ہے یوں دلِ مایوس میں
جس طرح شعلہ ہو روشن شمع کا فانوس میں

سجدہ گہ ہے خاکِ احسن اب تو ساری خلق کی
جان دی تھی اُس نے کس کی حسرتِ پابوس میں

پہنچی جس وقت مجھے اُس کے خبر آنے کی
سُدھ رہی مجھ کو نہ اپنے کی نہ بیگانے کی

تم تو دل مانگو ہو یاں جان تلک حاضر ہے
بات ہے یہ بھی کوئی آپ کے فرمانے کی

دل کو نہ رکھوں سینے میں تو کیا کروں احسن
جس جنس کا خواہاں نہ ہو ناچار بغل میں

خواب میں جوں روح تن سے غم سے یوں میں خستہ ہوں
گو دل وارستہ ہوں پر جا بہ جا میں بستہ ہوں

دل ہو دیدار سے مایوس تو مسرور نہ ہو
چشم میں روشنیِ طور سے بھی نور نہ ہو

کس طرح سے لے آپس میں لبِ زخمِ جگر
یہ تو وہ در ہے کہ تجھ بن کبھی معمور نہ ہو

موزونیِ طبعش از خوبیِ ظاہر افزوں۔ خطاطِ بے نظیر و کماں دار دل پذیر۔ غزل فارسی بسیار بہ خوبی می گوید۔ گاہ گاہے فکر ریختہ ہم می کند۔ از وست :

م ان بولنا سجن کا میٹھا لگے ہے دل کو — خاموشی اُن لبوں کی گپ چپ کی ہے مٹھائی

(۳۴) **آشنا** : آشنا تخلص شخصے شنیدہ ام۔ بہ فقیر آشنا نیست۔ از کلامش معلوم می شود کہ فی الجملہ آشنائی با سخن دارد۔ معلوم نہ شد کہ کجاست۔ ہر جا کہ باشد سلامت باشد۔ از وست :

م جو کوئی چشمِ تر نہیں رکھتا — دردِ دل سے خبر نہیں رکھتا
م کس طرح دل میں جا کروں اُس کے — نالہ میرا اثر نہیں رکھتا
م کبھو تو مہرباں ہو ہم پہ اے بت — کہ آخر ہم بھی ہیں بندے خدا کے
م آشنا کیا بنے گی آخر کو — تجھ سے خانہ خراب کی صورت
آشنا وہ نہ ہوئے گا میرا — یاد رکھیو تو عاشقوں کی بات

(۳۵) **خواجہ اکرم** : خواجہ اکرم مردے خوبے بود در شاہ جہاں آباد۔ معلوم نیست کہ الحال کجاست۔ در گفتن تاریخ خیلے مہارت داشت۔ ہر حرفے و سخنے کہ می گفت واندکے تامل می کرد تاریخ بر می آمد۔ خدایش بیامرزد۔ از وست :

م اک بار مرے دیر میں زاہد اگر آئے — میں جانوں جو مسجد کی طرف پھر نظر آئے

(۳۶) **احسن** : میرزا احسن علی، چراغِ بزمِ سخن، مظہرِ اخلاقِ حسن، میرزا احسن علی المتخلص بہ احسن۔ اخترِ فکرش در اوج، و خضرِ طبعش پر موج۔ جوانے ست خوش خلق و نیک خو۔ اصل از عرب ست، نشو و نما دریں جا یافتہ۔ از متوسلانِ محمد یونس خاں۔ اوائل استفادہ از میر ضیا حاصل کردہ، الحال شعرِ خود را پیشِ میرزا رفیع می گزراند۔ قصیدہ و غزل خوب می گوید۔ بہ وسیلۂ شاعری در سرکارِ نواب شجاع الدولہ سرفراز ست۔ طالب علم ست، و دو سہ خط ہم خوب می نویسد۔

ہو دست بسرِ ظالم کب لیں ہیں مرا مجرا
سو ناز سے ہاتھ اپنا ٹک سینے پہ دھرتے ہیں

چھٹتا ہے کوئی نالہ ہم سے دمِ آخر تک
دم جب تئیں ہے دم میں دم آپ کا بھرتے ہیں

کھلتے ہیں اسیروں کے صد عقدۂ غم دل سے
تجھ مکھڑے پہ زلفوں کے جب بال بکھرتے ہیں

پھر فصلِ بہار آئی جو ہوئے سو ہو احسن
مُغ پاس گِرَو ہم بھی دستار کو دھرتے ہیں

کہا جو میں نے کہ رُخ کو ترے قمر نہ لگا
بگڑ کے بولا کہ چل بے اِدھر نظر نہ لگا

رہی جو تن میں مرے جان اک رمق باقی
لگا کے زخم کہا حیف کارگر نہ لگا

جب اُس کے آگے تھک جاتا ہوں میں احوال کہہ کہہ کے
تو کہتا ہے نہیں سمجھا میں پھر کہیو زرا رہ کے

اسی منہ سے تمھیں دعوائے مے خواری ہے ای حسن
ہوا ظرف آپ کا معلوم دو ہی جام میں بہکے

ہوس لے آئی تھی اُس جنگ جو کے پاس مجھے
نگہ لڑی تو رہے پھر نہ کچھ حواس مجھے

(۳۷) انشا: میر انشاء اللہ از خوبانِ جہاں و خوش فکرانِ زماں، سخن آگاہ، میر انشاء اللہ، طبع تازہ و ذوق بے اندازہ، شرابِ معانی و ذوقِ جوانی فرح بخش و مسرت افزاست۔ خلفِ حکیم الحکما، میر ماشاء اللہ دام افضالہٗ۔ انشا تخلص می نماید۔ جوانےست خوش ظاہر و خوش طبع۔ با قبلہ گاہی دوستِ دلی ست۔ نومشق ست، اکثر طرزِ او بہ طرزِ میر سوز می ماند۔ اصلِ وی از نجف و مولدِ او بہ طرفِ بنگالہ۔ خدایش سلامت دارد۔ ازوست:

گالی سہی جفا سہی چینِ جبیں سہی
یہ سب سہی پر ایک نہیں کی نہیں سہی

منظور ہم کو دل کا لگانا ہی جب ہوا
کیا آپ کا اجارہ ہے اِس میں کہیں سہی

گر نازنیں کے کہنے سے مانو ہو کچھ بُرا
میری طرف تو دیکھو میں ہی نازنیں سہی

بندہ اُسے جب نظر پڑا ہے
بولا ہے چل اُٹھ کدھر پڑا ہے

نالہ ہی تجھے تو کھینچ لایا
رونے کا ابھی اثر پڑا ہے

یوں سب سے نہ مل کہا تو بولا
تیرا ہی تو مجھ کو ڈر پڑا ہے

بزم میں اُس کی جو ہوتی ہے کبھی سرگوشی
دل دھڑکتا ہے کہ میرا کہیں مذکور نہ ہو

ہجر میں کیوں کر نہ ہوئے آہ و زاری بیشتر
ہے قرار اس دل میں کم اور بے قراری بیشتر

روزِ ہجراں ہی میں تنہا کچھ نہیں روتے ہیں ہم
وصل کی راتیں کٹیں یوں ہیں ہماری بیشتر

نہ رویا مرتے مرتے تک بھی تیرے خوف سے احسن
گئی سب خاک میں افسوس اُس کی حسرتِ گریہ

کل طلب میں مر گئی یوں ہم یار منہ کھولے رہے
نزع میں پانی کو جوں بیمار منہ کھولے رہے

دل کو خواہش ہے یہ کس کے تیر کی یارب کہ اب
شکلِ پیکاں ہو کے جوں سوفار منہ کھولے رہے

سخت مشکل ہے وہ خوگر منہ پہ رکھنے سے نقاب
اور چاہیں چشم یہ دلدار منہ کھولے رہے

جامِ مے ساقی کے آگے لائے جوں مجلس کے بیچ
ق غیروں کو پیہم دیے اور یار منہ کھولے رہے

اکثروں نے پی اور اکثر قطرے کو ترسا کیے
رہ گئے دو چار اور دو چار منہ کھولے رہے

خونِ احسن کا نہ چاٹے جب تلک کب ہو نیام
اژدہے کی طرح وہ تلوار منہ کھولے رہے

ہاتھ سے تیرے اے فلک جان و جگر کباب ہے
عیش جو کل نصیب تھا آج خیال و خواب ہے

چہرے سے اُس کے منفعل روئے زمیں پہ ماہ رو
جلوے کو اُس کے دیکھ کر چرخ میں آفتاب ہے

زخم لگا کے سیکڑوں کرنے لگا شمار وہ
جو ہوئی سو ہوئی دلا اب تو سرِ حساب ہے

بل بے ترا جگر دلا ہوئے ہے سنمکھ اُس کے تو
تیغِ نگہ سے جس کی اب مہرہ برق آب ہے

کیجیے ملک یہ چشم خود سیرِ دلِ پُر آبلہ
یار اس ایک شیشے میں سیکڑوں ہی حباب ہے

خونِ جگر سے روز و شب کیجیے رقم کہاں تلک
ق نامۂ شوق کی مرے شرح تو اک کتاب ہے

اس لیے کر کے مختصر تھوڑا سا کچھ لکھا تھا میں
ہے یہ لکھا نصیب کا اس پہ بھی یہ عتاب ہے

نامہ پٹک کے ہاتھ سے آئینہ دیکھنے لگا
اس سے یہ ہم پہ کھل گیا صاف ہمیں جواب ہے

یاد سے احسن ان دنوں کن نے ہمیں بھلا دیا
سینے میں دل کو اپنے کچھ خود بخود اضطراب ہے

دھمکائیے جا اُن کو جو مرگ سے ڈرتے ہیں
ہم ہیں ترے پروانے جی دینے پہ مرتے ہیں

تم غیر کے ہاتھوں سے واں جام چڑھاتے ہو
یاں حلق میں لوہو کے سو گھونٹ اُترتے ہیں

بہ طرفِ توران زمین ست۔ حق تعالیٰ سلامت دارد۔ این چند بیت ازاں بزرگوار ست

کیا ہو تیری آنکھوں نے نہ کچھ مجھ پہ ستم خالی
ہوئے ہیں جان سے نرگس کے کاب یک قلم خالی

چمکنا برق کا مینہ کا برسنا کیا کرے دیکھیں
نہ ہنسنے سے وہ چپ ہتا ہے روتے سے نہ ہم خالی

بتو اللہ کی سوں دل مرا جب تک نہ حاضر ہو
نظر آتا ہے آنکھوں میں مری دیر و حرم خالی

لگائیں منہ نہ ہرگز دیکھ کر بے کیفیت اس کو
فلک گردور ہیں اپنے ہیں دے جام جم خالی

کوئی مانی کے صدقے ہو کوئی بہزاد کے صدقے
تری صورت لکھی جس نے ہم اُس استاد کے صدقے

تو بت زاہد نے کیوں مسجد یہ بت خانہ کیا
تب تو اک صورت بھی تھی اب صاف ویرانہ کیا

نہ چھوڑا میں جھنجھلا کے تارِ گریباں
رہے تا نہ گردن میں بارِ گریباں

جو ہاتھ اُس کے بندِ قبا کھولتے تھے
سو مشغول ہیں اب بہ کارِ گریباں

ہر فعل میں ہم جیسے کہ چالاک ہوئے
یاد خترِ رز کے ساتھ بے باک ہوئے

موقوف ہے زیست تک یہ سب کچھ زاہد
جب خاک ہوئے تو سب طرح پاک ہوئے

(۴۰) **افسوس** : میر شیر علی، المتخلّص بہ افسوس، ابنِ میر علی مظفر خاں، داروغۂ توپ خانۂ عالی جاہ، از شاگردانِ میر حیدر علی، حیراں۔ در بنگالہ بسیار ثروت داشت، الحال در سرکارِ نواب سالار جنگ بہادر سرفراز ست۔ جوانے ست ظاہر و باطن آراستہ، بہ حلم و حیا پیراستہ۔ ذہنِ سلیم و طبع فہیم دارد۔ چندے از میر سوز نیز فائدہ برداشت۔ با فقیر از سببِ ہم نشینی صحبتِ شعرا اکثر ملاقات می شود۔ ہر سخنے کہ می گویم از راہِ منصفی درست می داند۔ فکرِ اوائل را تمام شستہ، الحال شستہ و رُفتہ می گوید۔ وطنِ بزرگانش نارنول ست۔ جوانِ رنگین ست۔ سلامت باشد۔ از وست :

جب تک نہ عشق یارو نہ دلِ ناکام تھا
اپنے تئیں کیا چین تھا اور دل کو کیا آرام تھا

بخشو مجھ کو تجھے ٹوکا ہے میں نے بھول کر
وزدِ دل تیری بلا ہو وہ ترا ہم نام تھا

جی سے میں اپنی جان کے صدقے — یعنی اُس نوجوان کے صدقے
کھا قسم جھوٹ بولے ہے کتنا — چپ ہو چپ بس قرآن کے صدقے
ہوئے ہیں خاک سرِ راہ اُس کی ہم انشا — بڑا غضب ہے جو یہ بھی فلک نہ دیکھ سکے

(۳۸) **آگاہ** : نور خاں جوانے ست از شاگردانِ شاہ واقف، آگاہ تخلص می کند۔ چندے از میر ضیا نیز اصلاح گرفتہ است، بہ وسیلۂ قصّہ خوانی بسر می برد، دریں فن شاگردِ میر احمد مرحوم ست کہ بہ قصّہ خوانی مشہور بود۔ غرض جوانِ خوش ظاہر ست۔ خدایش سلامت دارد۔ ازوست :

مُنہ دیکھو اپنا۔ سیکھو ابھی رسم چاہ کی — باتیں بنا بنا کے نہ کیجے نباہ کی
بے اختیار سیکڑوں دستار گر پڑیں — جب میرے کج کلاہ نے ٹک کج کلاہ کی
عبادت گاہ ہے محرابِ کعبہ ہر مسلماں کی — ہماری سجدہ گہ محراب ہے اپنے گریباں کی

بر غزل میاں حسرت بہ مشورۂ شاہ واقف گفتہ :

جان پائیں جو تجھے ایک نظر دیکھیں تو — تو بھی پردے سے نکل نورِ بصر دیکھیں تو

'دیکھیں' در مصرعِ ثانی بعضے می گویند کہ چست نیست۔ البتّہ جائے تامل ست۔

حلقۂ چشم میں کیوں آج ہے دم پا بہ رکاب — ہے کہاں کا ہمیں درپیش سفر دیکھیں تو
نہیں ممکن کہ ملیں مفت یہ بُت عاشق سے — ق — اپنے کوچے میں بھی کر خاک بسر دیکھیں تو
ورنہ اگر بر سرِ فولاد نہی نرم شود — آپ سے آتے ہیں گر یا تو میں رکھیں تو

(۳۹) **اعلیٰ علی** : آشنائے خفی و جلی، میر اعلیٰ علی از سادات عالی شان، سپہر مکاں، ابنِ میر ولایت اللہ خاں نوّر اللہ مرقدہٗ۔ مردے ست خلیق و متواضع در مخمس نمودنِ غزل دستے بہم رسانیدہ است۔ تضمین خوب خوب دارد۔ و منقبت و مرثیہ نیز می گوید و معجزات ہم از فکرِ او در منقبت مشہور ست۔ چناں چہ اکثر گدایانِ نقشبنداں می خوانند۔ مولدِ او در شاہ جہاں آباد ست۔ وطنِ آبا و اجداد

(۴۲) **انتظار** : علی نقی خاں المتخلص بہ انتظارؔ، بہ طرف عظیم آباد استقامت دارد۔ از احوالش معلوم نیست۔ سلّمہ اللہ تعالیٰ :

صدف مشتاق ہیں دریا میں ابرِ نیساں گوہر کے ۔۔۔ یہ میرے چشمِ تر پھینکیں ہیں بھر بھر خوان گوہر کے

(۴۳) **انگریس** : شخصے بود در وقتِ فردوس آرام گاہ عجیب و غریب، ہر کس کہ پیشِ او شعرمی خواند خواہ بیت خواہ رباعی، دوہرہ ہندی، فارسی و عربی موافق الفاظ ہائے او فی البدیہہ بے معنی موزوں می کرد۔ ہیچ فکر و تامّل نمی کرد۔ چوں می گفتند کہ باز بخواں، نمی توانست خواند مگر بہ طورِ دیگر۔ نقل ست روزے یک جائے صحبتِ رقص، زنے رقص می کرد۔ شخصے گفت زود بریں زن چیزے بگو، در جلدی گفت :

کودرے کود اگر چھل کو بجھانا ہے تجھے ۔۔۔ یہ چکّی ہو بیٹھ ۔۔۔۔۔۔۔۔ ۔۔۔۔

(۴۴) **آشوب** : آشوبؔ تخلّص۔ شخصے ست چیچک رو دراز قد، قدم در مسخرگی گزاشتہ است۔ پوچ و بے معنی و ناموزوں می گوید۔ مردماں خندہ می کنند بلکہ چیزہائے چندی گویند، چوں گوشش کرست، خود ہم می خندد و مردم را بہ خندہ می آرد۔ از وست :

درعشق ترے جیوڑے پہ ست مچا مچ ۔۔۔ یہ پھرکی ود دتا یہ غچ و غچا غچ

(۴۵) **اولیٰ** : میر اولاد علی، اولیٰؔ تخلّص، جوانے ست ہندوستاں نژاد۔ بزرگانش از سادات بارہا اند۔ طبع موزوں دارد۔ سلامت باشد۔ از وست :

بتاں ہر چند بہلاتے ہیں میرے دل کو پر اولیٰ ۔۔۔ ادا کس طرح مجھ کو اُس پری رخسار کی بھولے

(۴۶) **محمّد اشرف** : محمّد اشرفؔ شخصے ست از مردمِ مرشد آباد، بہ وارودگیِ اخبار فرنگی جان برسٹو صاحب سرفراز ست، طبعِ موزونے دارد، یک ٹپّہ نامہ گفتہ است۔ کمتر ہندی و بیشتر فارسی می گوید، خدا ایش سلامت دارد :

وہ بے وفا تو مجھ سے ٹک ایک آج مل گیا پر اپنے اختیار سے افسوس دل گیا
اُس قصّے کو تو ہم دم کاہے کو سُناتا ہی وہ بھولی ہوئی باتیں کیوں یاد دلاتا ہی
کوئی دل سے مرے پوچھے جیسا ہی وہ ای ناصح گو تجھ کو نہ خوش آیا پہ مجھ کو تو بھاتا ہی
کہا میرا مطلق نہیں مانتا ہی تو جیسا ستاتا ہی جی جانتا ہی
جس کو تیرِ نگہ لگا ہو گا ایک دم میں وو مر گیا ہو گا
اُس کے اُٹھتے ہی جی پہ آن بنی دیکھیے آگے کیا ہو گا
ایک میں ہی نہیں اُس کوچے میں جو جاتے ہیں واں کے ہو رہتے ہیں گھر اپنے سے وو جاتے ہیں
کوچۂ یار میں رہتے تو نہیں اب لیکن بھولے بھٹکے کبھی اُس راہ سے ہو جاتے ہیں
بزم میں اُس کے نہ ہنستے ہیں نہ رو سکتے ہیں چُپکے بیٹھے ہوئے ایک ایک کا منہ تکتے ہیں
اُس شعلہ وش کو دیکھ کے بے تاب ہو گیا یا ردیہ تھا تو دل ہی پہ سیماب ہو گیا
پھر ہجر ہی وہی، وہی دن ہی پہاڑ سا وصلِ صنم تو رات کو اک خواب ہو گیا
صبح نت کرتا ہی یہ دل اشکباری بیشتر ہو سحر کو خانۂ ماتم میں زاری بیشتر
دل تری بھی آشنائی کا نہیں کچھ اعتبار بے وفاؤں سے رہی ہی تجھ کو یاری بیشتر

(۱۴) **میر ابوالحسن** : میر ابوالحسن، ولد میر عبداللہ، از اولادِ بندہ نواز گیسو دراز۔ چوں قبلہ گاہِ ایں فقیر از نبیسہ ہائے بندہ نواز اند، بنا بریں یک رشتہ داری با ہم بادی ست۔ مولدش شہرِ کہنہ کہ در شاہ جہان آباد مشہور ست در محلۂ لال پلنگ۔ از فیضِ صحبت خانِ عالی شان، جان عالم خاں صاحب گاہ گاہے شعرے و بیتے موزوں می نماید۔ حق تعالیٰ سلامت دارد۔ ایں قطعہ کہ بہ نگارش می آید الحق کہ مضمون تازہ یافتہ است۔ از وست :

ساکنانِ فلک نے کچھ تنہا ق شہرت اُس حسن کی نہیں ڈالی
ہہ نہ بوجھو ہجومِ انجم سے پھرتی ہی آسمان پر تھالی

حرف (ب)

متقدمین

(۴۸) **بے چارہ** : بے چارہ تخلص شخصے بود از مردم دکن پیش از عالم گیر۔ خدایش بیامرزد۔ از وست :

نم پی سے جدا ہونا نہ تھا چاہا خدا کا یوں ہُوا — جز صبر کچھ چارہ نہیں بے چارہ ہور رہنا پڑا

(۴۹) **بیدل** : میرزا عبدالقادر بیدل، شاعر زبردست وصاحب طرز فارسی۔ تعریف او در تذکرہ ہائے فارسی مسطور ست۔ بندہ را چہ یارا کہ شمۂ از احوال آں عارف باللہ رقم نماید۔ دو شعر ہندی ازاں بزرگوار شنیدہ شد، تیمناً نوشتہ می شود۔ نوراللہ مرقدہٗ :

نم مت پوچھ دل کی باتیں وہ دل کہاں ہے ہم ہیں — اس تخم بے نشاں کا حاصل کہاں ہے ہم ہیں

نم جب دل کے آستاں پر عشق آن کر پکارا — پردے سے یار بولا بیدل کہاں ہے ہم ہیں

(۵۰) **بسمل** : بسمل تخلص شخصے بود۔ احوالش خوب معلوم نیست لیکن ایں قدر می دانم کہ از متقدمین ست۔ از وست :

نم لہو پی رہ گیا بسمل وگرنہ — ملاتا اپنے تئیں وہ خاک و خوں میں

متوسطین

(۵۱) **بے رنگ** : دلاور خاں شخصے بود از شاگردانِ میاں یک رنگ، در عہد محمد شاہ غفراللہ لہٗ۔ اول ہم رنگ تخلص داشت بعد ازاں بے رنگ نمود۔ خدایش بیامرزد۔ از وست :

آ بیٹھو تو دو باتیں کریں تم سے میاں ہم — پھر دیکھیے اک دم میں کہاں تم ہو کہاں ہم

(۴۷) **اعظم** : محمد اعظم، اعظم تخلص عطار پسرے بود۔ در دوازدہ سالگی شعر می گفت، و مشق سخن از بندہ مولف کتاب می کرد۔ چوں بہ قضاے الٰہی پدرش وفات یافت، غیر یتیمی مونس و ہمدمش نہ ماند، فقیر از راہِ دل سوزی چند سخن نصیحتانہ گفت، بارے از گفتنِ بندہ بر دکانِ پدرِ خود کہ فکر معاش اولیٰ ست، مشتغل گردید۔ از آں جا کہ عمرش قریب دوازدہ سال بود بعضے ناہموارں او را در زنکہ بازی انداختہ، در اندک مدت قرض دار و پریشاں ساختند۔ بے چارہ مال و اموال ہمہ برباد دادہ از ترسِ قرض داراں شہر بہ شہر پریشاں می گشت۔ دریں صورت مشقِ سخن صورت نہ بست، و الا طبعش موزونیتِ تمام داشت، خوب می گفت، لیکن مقدور چنیں نہ بود، چوں بعد مدتے نوکری در سرکارِ نواب آصف الدولہ بہادر در ذیل ترک سواراں بہم رسانیدہ، بہ یک ناگاہ از عارضۂ ہیضہ شروعِ روزگار از جہانِ ناپایدار عنانِ مرکب بے اختیار بہ سمتِ عدم انداخت۔ خدایش بیامرزد، ایں دو سہ شعر جستہ جستہ ازوست :

بجلی کی سمجھیو نہ یہ شمشیر فلک پر — ہے شعلۂ دل کی مرے تحریر فلک پر
ہے قد کے سبب عالمِ بالا پہ تری زلف — رکھتی ہے دماغ اپنا یہ زنجیر فلک پر

دل کے لیے جی اداس کیجیے — یا یار کے غم کا پاس کیجیے
ہے ایک دل اور ہزار سودا — کس کس کی طرف قیاس کیجیے

پیدا ہوئے جب سے آہ و زاری میں رہے — بجلی کی مثال بے قراری میں رہے
ہو خانہ خراب ایسے کافر دل کا — ہم جس کے سبب ہمیشہ خواری میں رہے

رکھتے نہیں دل میں جو بتاں چاہ کسی کی — لو تم سے لگائے نہ اب اللہ کسی کی

احسن اللہ، المتخلص بہ بیاں از تلامذۂ میرزا مظہر جانِ جاناں - مولدش شاہجہاں آباد - الحال معلوم نیست کہ کجاست - پرچ نامہ از و مشہور ست - بسیار خوب گفتہ - رباعیات دل پذیر دارد - کلامش چوں تبسم گل رخاں نمکیں و بیانش چوں قندِ دل بران شیریں - بندہ از فکرِ او بسیار محظوظ است - ہر جا کہ باشد سلامت باشد - از وست:

م وہ بھی کیا دن تھے کہ ہم آغوش ہم سے یار تھا
در کے باہر مدعی جوں صورتِ دیوار تھا

اس تجاہل پر پڑا میں بھی تا ہوں گور میں
ق وہ کہ جس کی چشم کا میں عمر بھر بیمار تھا

دیکھ کر تابوت کو تیار داروں سے مرے
پوچھنے لاگا کہ اس مردے کو کیا آزار تھا

عالم کو تاج و گوہر و تخت و لوا دیا
بتلا تو ای فلک کہ مجھے تو نے کیا دیا

نہ دیں سے اطلاع نہ دنیا کی کچھ خبر
اس عشق نے غرض ہمیں سب کچھ بھلا دیا

ایسے ہی میرے بخت جو ماتے تھے نیند کے
خوابِ عدم سے کاہے کو مجھ کو جگا دیا

کس قدر تجھ سے دل خفا ہو گا
کہ ترا شکوہ سر کیا ہو گا

جنگ پر جس کی لوگ لڑتے ہیں
صلح میں اُس کی کیا مزہ ہو گا

کوئی کسی کا بیاں آشنا نہیں دیکھا
سوائے اِس کے اِن آنکھوں نے کیا نہیں دیکھا

م یہ لوگ منع جو کرتے ہیں عشق سے مجھ کو
اِنھوں نے یار کو دیکھا ہی یا نہیں دیکھا

سیرت کے ہم غلام ہیں صورت ہوئی تو کیا
سرخ و سفید مٹی کی مورت ہوئی تو کیا

رو کر اُس سے میں کہا مرتا ہی یہ بیمار آج
مسکرا کر وہ لگا کہنے کہ اِس کا کیا علاج

مری بساط ترے آگے یار ہی موجود
دلِ شکستہ و جانِ نزار ہی موجود

ہمارا ضعفِ بصارت ہی مانعِ دیدار
وگرنہ سامنے آنکھوں کے یار ہی موجود

اِدھر تو دیکھوں ہوں منہ اپنا اور اُدھر رخِ یار
بیاں یہ طرفہ خزاں و بہار ہی موجود

اک بار فوج غم کی پڑی مجھ پہ ٹوٹ کر
لے گئی قرار و صبر و دل و ہوش لوٹ کر

لیتا اگر ہی دل کو تو نے بھی ایسے کہیں
سینے میں اب تلک تو رکھا مار کوٹ کر

نم خط مرا اُس نگار نے نہ پڑھا کیا لکھا تھا کہ یار نے نہ پڑھا

(۵۲) **بے تاب** : محمد اسمٰعیل بے تاب تخلص درویش دردمندے بود شاگردِ میاں یک رنگ۔ از پشتِ اسپ افتاد، بیماری دست داد، آخر جاں بہ حق تسلیم شد۔ خدا ایشں بیامرزد:

نم
نہ ہوتا گر کسی سے آشنا دل تو کیا آرام سے رہتا مرا دل
نہ جانوں کس پری رو کی نظر ہوئی ابھی تو تھا بھلا چنگا مرا دل

(۵۳) **بے نوا** : بے نوا تخلص در اوائلِ سلطنتِ محمد شاہ در شاہ جہاں آباد آمد ظریف الطبع بود۔ ساکنِ قصبۂ سنام۔ روزے در یک جاے با میاں آبرو ملاقات کردہ۔ اوشاں کم التفات کردند۔ گفت کہ "ای میاں آبرو، مگر شما تین چشم شدن نہ می دانید" چوں اوشاں یک چشم نہ داشتند، ایں لطیفہ بسیار مناسب افتاد۔ مردماں بہ خندہ آمدند۔ غرض عجب ظریفے بود۔ خدا ایشں بیامرزد۔ از وست:

تم ہو بوس و کنار کی صورت ہم ہیں امّید وار کی صورت
بے نوا ہوں زکوٰۃ حسن کی دے او میاں مال دار کی صورت
م

(۵۴) **بہار** : از مستعدانِ روزگار بود، لالا ٹیک چند، المتخلص بہ بہار شاعرِ فارسی بود۔ از اصطلاحاتِ فارسی بسیار خبر داشت۔ از یارانِ سراج الدین علی خاں صاحب بود۔ تصانیف بسیارے داشت۔ ایں چند بیت از وست:

نم وہی اک ریسماں ہے جس کو ہم تم تار کہتے ہیں کہیں تسبیح کا رشتہ، کہیں زنّار کہتے ہیں
ن سبھی کرتے ہیں دعوی خون کا قسمت ہے دیکھیں تو صفِ محشر میں ہوگا کس کے دامن ہاتھ قاتل کا
نم نہیں معلوم کیا حکمت ہے شیخ اس آفرینش میں ہمیں ایسا خراباتی کیا تجھ کو منا جاتی
ن محبت کی قلمرو میں جو جائے گا تو دیکھے گا کوئی آرے تلے چیرا کسی کو کوہ پہ پٹکا

(۵۵) **بیاں** : میاں بیاں، شاعرِ عذب البیاں از خوش گویانِ زماں، خواجہ

آخر تو شکایت سے مجھے منع کرے ہی
سی دیجیو ٹک ہاتھ سے اپنے مرے لب بھی

اب ہجر میں کہتا ہی کہ تھا وصل میں آرام
نالاں ہی بیاں میں نے تو دیکھا تجھے جب بھی

جھگڑتے تجھسے تو پیارے حجاب آتا ہی
وگرنہ بات کا تیری جواب آتا ہی

پیو شراب جوانو کہ موسمِ گل ہی
ہمیں بھی یاد وہ عہدِ شباب آتا ہی

تیغ چڑھ اُس کی سان پر آئی
دیکھیں کس کس کی جان پر آئی

کیجیے عرض حال کو کچھ ہو
نہیں رہتی زبان پر آئی

غیر کے آگے دل کی بات بیاں
آہ میری زبان پر آئی

اپنے دل سے بھی عداوت ہوگئی ہی اب مجھے
دشمنِ جانی ہی میرا جو کوئی چاہے تجھے

اُس سرو قد کا مجھ سا خریدار کون ہی؟
آزادگی کا اپنی گرفتار کون ہی؟

جاتا ہی یار کچھ تو بیاں منہ سے بولئے
ای بے نصیب مانعِ گفتار کون ہی؟

ا ہو تو بھی چرخ اُس ستم ایجاد کی طرف
کافی ہی یاس اس دلِ ناشاد کی طرف

جانے دے مجھ کو ای ہوسِ سیرِ گلستاں
اب اِس چمن سے اپنے غم آباد کی طرف

ہوئے گا ذوقِ حسرتِ دیدار میں خلل
شیریں گزر نہ کیجیو فرہاد کی طرف

تمنّا بادشاہی کی کسی سفلے کو ہوئے گی
مرے دل میں خدائی کا بھی خطرہ ہو تو کافر ہوں

یارو تمھاری دوستی سے یہ بعید ہی
میں یار سے بعید ہوں کیسی یہ عید ہی

کوئی جز قیس دِوانا نہ ہوا لیلیٰ کا
میں ترے عہد میں دیکھوں ہوں جدھر مجنوں ہی

عالم میں گو کہ عشق نے رسوا کیا مجھے
لیکن تجھے تو شہرۂ آفاق کر دیا

ر
جس وقت کہ بیدار وہ ہوتا ہوئیگا
عالم کی غضب سے جان کھوتا ہوئیگا
غنچوں سے صبا کہیو کہ آہستہ کھلیں
زانو پہ مرے وہ شوخ سوتا ہوئیگا

ر
اب تم سے کہوں جو کچھ ہی دل میں میرے
سب تم سے کہوں جو کچھ ہی دل میں میرے
پہلے کہو لو کہ میں نہ مانوں گا برا
تب تم سے کہوں جو کچھ ہی دل میں میرے

گر آپ کو اس قدر فراموش / ہو یاد سے یاد و سر فراموش
گو سب نے مجھے بھلا دیا ہے / پر تو تو نہ کر مجھے فراموش
کیا ایسے سے دردِ دل کو کہیے / ادھر تو سنا ادھر فراموش

جہاں رووں تمنا میں تری ای شمع رو پیارے / اگیں اس گل زمیں میں حشر تک جوں لالہ انگارے
قمارِ عشق کی بازی بھی کچھ دنیا سے باہر ہے / اسے کہتے ہیں جیتا جو کوئی یاں نقدِ دل ہارے

آنسوؤں تک پوچھنے کی غیر کے تدبیر ہے / مجھ سے اتنا بھی نہیں کہتا کہ کیوں دلگیر ہے
چرخ کی برہم زنی سے یہ تعجب ہے بیاں / لیلی و مجنوں کی یک جا اب تلک تصویر ہے

شبِ فراق کی دہشت سے جان جاتی ہے / یہی ہے صبح سے دھڑکا کہ رات آتی ہے
کیا ہے عجز نے میرے اسے بیاں مغرور / مری وفا اسے جور و جفا سکھاتی ہے
میں سچ کہوں تری کافر ادا نے مارا ہے / وگرنہ وضع تری یا کسی کو بھاتی ہے

جا کہے کوئے یار میں کوئی / مر گیا انتظار میں کوئی
وہ بھی کیا رات تھی کہ سوتا تھا / سر رکھے اس کنار میں کوئی

م جادو تھی کہ سحر تھی بلا تھی / ظالم یہ تری نگاہ کیا تھی
م کیدھر ہے کہاں ہے خوش ادا تو / ہم سے بھی کبھی تو آشنا تھی
م مارا ہے بیاں کو جس نے ای شوخ / کیا جانیے کون سی ادا تھی

رسوا ابھی سے کرتی ہے ای چشمِ تر مجھے / آنا ہے اس کی بزم میں بارِ دگر مجھے
آیا ہوں اس گلی میں ابھی دم نہیں لیا / پھر لے چلا ہے یہ دلِ وحشی ادھر مجھے
کنجِ قفس سوا مری قسمت میں جا نہ تھی / تو کیوں دیے فلک نے بیاں بال و پر مجھے

تھا حکمِ شرعِ عشق کہ ہرگز نہ رو بیاں / ق / گو ضبطِ گریہ سے نہ ترے جی کو کل پڑے
پھر عمر ہم نے ضبط کیا لیک وقتِ نزع / بے اختیار آنکھوں سے آنسو نکل پڑے

مت آئیو ای وعدہ فراموش تو اب بھی / جوں طرح کٹا روز گزر جائے گی شب بھی

یں کیا خلل نہ اُٹھائے فلک کے کینے سے — کسی کو کام نہ ڈالے خدا کمینے سے
تو اپنا دل سا مرا دل نہ سمجھ او بے رحم — کہ سنگِ سخت کو کیا نسبت آبگینے سے

م عشق میں گاہے وصل گہہ نیش ہی — نت نیا یاں ماجرا درپیش ہی

م خدا کسی کو گرفتار زلف کا نہ کرے — نصیب میں کسی کافر کے یہ بلا نہ کرے

م یاں آکے ہم اپنے مدّعا کو بھولے — ہل مل غیروں سے آشنا کو بھولے

م دنیا کی تلاش میں گنوائی سب عمر — اِس مس کی طلب میں کیمیا کو بھولے

(۵۷) **بیدار** : میاں محمد علی المتخلص بہ بیدار، جوانِ محمد شاہی ست، از شاگردان مرتضیٰ قلی بیگ کہ شاعرِ فارسی گو بود، و فراق تخلص می نمود۔ قریب چہار دہ سال شدہ باشد کہ فقیر او را در لباس درویشی در شاہجہاں آباد دیدہ بود۔ طبع درد مند داشت۔ باریک و سُخنی، بہ زیورِ حلم و حیا آراستہ۔ معلوم نیست کہ الحال کجاست۔ از وست:

نم صفا الماس و گوہر سے فزوں ہی تیرے دنداں کو — کیا تجھ لب نے ہم رنگِ خجالت لعل و مرجاں کو
دیکھ تجھ کاکلِ مشکیں کی ادائیں شانہ — دونوں ہاتھوں سیتی لیتا ہی بلائیں شانہ
چھوڑ کر کوئے بتاں جاتا تو ہی کعبے کو — جلد پھر یو تجھے بیدار خدا کو سونپا

متاخّرین

(۵۸) **بے تاب** : فاضل باکمال و عالم بے مثال، فضیلت مآب، شاہ علیم اللہ الہ آبادی، المتخلص بہ بے تاب، حالا در خانۂ او مشاعرہ می شود۔ شاعرِ فارسی ست۔ از برائے خاطر ریختہ گویاں گاہ گاہے دو سہ بیت می گوید۔ از کلامش دریافت خواہد شد، بس بزرگ ست۔ دام افضالہ:

دل چھین لیا میرا بنارس کے بتوں نے — اِس وقت میں تو اے مرے اللہ کہاں ہی
جب قرصِ مہ کا آئینہ لاتی ہی چاندنی — صورت کسی کی یاد دلاتی ہی چاندنی

مت کہیو بیاں جام اجل پیتا ہی ٭ یا اُس کے لیے کوئی کفن سیتا ہی
یارو مرے حال کو جو پوچھے وہ شوخ ٭ اتنا کہیو کہ اب تلک جیتا ہی

کیا زلف میں اُس شوخ کی ہی دبکی صبح ٭ یا شام سے ہوتی ہی کسی شب کی صبح
ٹک زلف کو میں ہاتھ لگایا کہ ادھر ٭ ہم سایہ پکارا کہ ہوئی کب کی صبح

سو طرح سے یہ عشق لبھاتا ہی مجھے ٭ ہر چیز میں آ جلوہ دکھاتا ہی مجھے
کس ماہ کا یہ عکس پڑا ہی یا رب ٭ ہر چاہ میں یوسف نظر آتا ہی مجھے

دنیا سے بیاں چلا ہوں روتے روتے ٭ گزری سب عمر اپنی روتے روتے
ظلمات میں تھا آبِ بقا پر افسوس ٭ روشن یہ ہُوا صبح کے ہوتے ہوتے

کہتا ہوں جنابِ حق میں ڈرتے ڈرتے ٭ مدت گزری دعا ہی کرتے کرتے
ہی اُس کو یہ قدرت کہ بیاں سا محروم ٭ منہ یار کا دیکھ لیوے مرتے مرتے

(۵۶) بے تاب: سنتوکھ رائے المتخلّص بہ بے تاب۔ از تذکرۂ قائم معلوم شد کہ کم دماغ و خلوت دوست بود۔ معلوم نیست کہ الحال کجاست۔ دراں زماں زورِ طبعش روز بہ روز مانندِ ہلال در ترقّی بود، و ربطِ کلام را خوب می فہمید۔

خدایش زندہ دارد۔ از وست:

م نہ رہے باغِ جہاں میں کبھی آرام سے ہم ٭ پھنس گئے قیدِ قفس میں جو چھٹے دام سے ہم
م اپنے مذہب میں ہی اک شرطِ طریقِ اخلاص ٭ کچھ غرض کفر سے رکھتے ہیں نہ اسلام سے ہم
م محبت کی بھی کچھ ہوتی ہیں کیا اے ہم نشیں آہیں ٭ کہ خوباں یوں سہیں کہ دیں ہم اُن کو اس طرح چاہیں
م اِدھر نالہ کیا اُدھر وہ مضطر ہو چلا آیا ٭ عجب دن تھے وہ جن روزوں میں رکھتی تھیں اثر آہیں
م سبزے پہ اُس کے خط کے نہ مارا گیا میں ایک ٭ اِس گُل زمیں میں کشتہ ہزاروں جواں رہے
م جی میں ہی اُس کی بات میں اب پھر نہ بولیے ٭ لیکن کسی طرح جو یہ کافر زباں رہے
م محبت اب تلک رکھتی ہی یہ تاثیر مجنوں کی ٭ کہ بن لیلیٰ کہیں کھنچتی نہیں تصویر مجنوں کی

ہیں گے اک مہربانِ عالی شان — سُنیے اب ما جرے کا اُن کے بیاں
کہیں دیمک نے یہ کیا ہی خلل — جیسے کچھ اُن کے گھر میں دیکھو مل
دیکھے دست بقچے کی اگر صورت — تو نظر آئے خاک کی مورت
مشروع محمودی بافتوں کے تھان — کترنیں ہیں اس قدر بہم یک سال
کہیے گر اُن کے نقش کی تمثیل — بنے یک جلد کا غذی قندیل
اُن کی مسند کی کیا کروں تقریر — نقش ہی روئے خاک پر تحریر
چاندنی کو اگرچہ سمجھو آب — پر جو معلوم ہو تو نکلے سراب
تھا جو قالیچہ مثلِ گلِ لالہ — اِس سے بہتر ہی مکڑی کا جالا
یہ ستم ہی کہ ایک بھی پوشاک — نہیں ثابت وہ پہنیں گے کیا خاک

در تعدّی دیمک می گوید :

دیکھ لو تم بھی اتنا کر کے سراغ — مہ کے سینے میں دیمکوں کا داغ
ذرّے کے دام میں نہیں خورشید — دیمکوں نے اُسے کیا ہی چھید
آگے اب اس سے کیا کہے بسمل — جیسی دیمک سے اُن پہ ہی مشکل
ڈرے دیمک سے وہ جو پہنے شال — یاں تو اب کس کے . . . . .
لنگے زیر و لنگے بالا — نے غمِ دُزد و نے غمِ کالا

حرف (پ)

متوسّطین

(۶۱) **پیام** : شرف الدین علی خان پیام۔ شاعرِ فارسی بود، صاحبِ دیوان،

نگیں کی طرز یہ کیا سخت مجھ کو بھاتی ہے
که ایک نام کی خاطر جگر کھداتی ہے

(۵۹) **بقا**: غنچۂ بوستانِ وفا، سروِ موزونِ باغ صفا، شیخ بقاء اللہ المتخلص به بقا، ابن حافظ لطف اللہ که در لکھنؤ مشہور اند۔ جوانے ست به کمالِ خوبی، خوش فکر و خوش اندیشه، در شعر فارسی از شاگردانِ میرزا فاخر مکیں سلمه اللہ تعالیٰ، لیکن شوقِ ریختہ نیز دارد۔ با فقیر صحبت ہا گرم داشتہ است۔ خدا سلامت دارد:

یاد میں تڑپے ہے دل کس ابروِ خم دار کی
آج کچھ ناخن بہ دل ہے آہ اس بیمار کی

کیا تجھ کو لکھوں خط حرکت ہاتھ سے گم ہے
خامہ بھی مرے ہاتھ میں انگشتِ ششم ہے

کل دستِ محتسب سے جوں توں مجھے چھڑایا
شیشے نے میری خاطر اپنا گلا بندھایا

یہ گل اندام جو صرفے سے ٹک اک ناز کریں
کام لیں زلف سے کاکل کو بس انداز کریں

دیکھیے منصبِ مجنوں بہ یہ لیلیٰ صفتاں
خاک میں ہم کو ملا کس کو سرافراز کریں

(۶۰) **بسمل**: بسمل تخلص، گدا علی بیگ سپاہی پیشه۔ جوانے ست آبله رو، نیک خو، در فیض آباد استقامت دارد۔ دیمک نامه از و مشہور ست۔ خدایش سلامت دارد۔ از وست:

نہ مثلِ غنچہ گل جمع کر کے سیم و زر لے جا
اگر آنا ہے اس باغِ جہاں میں کچھ ثمر لے جا

بھلے دل اگر دونوں جہان دیتا نہ دیتا ہیں
پرا بلیہ ہیں لیے جاتا ہے تو ای مفت بر لے جا

از دیمک نامه

جب کہ دیمک کی فوج چلتی ہے
زلزلے سے زمیں دہلتی ہے

وہم دیمک سے یار داب کے سال
ہیں ستارے بھی آسماں کو زوال

در و دیوار و گلشن و محفل
ہیں لگے دیمک کی خاک سے کہگل

در ہجو شخصے گفته دراں مقدمه می گوید:

متوسطین

(۶۵) **تمکین** : میاں صلاح الدین، المتخلص بہ تمکین درویشے بود در وقت فردوس آرام گاہ، بہ کسے کار نہ داشت، بہ ہر نوع اوقات بسر می برد۔ ایں مطلع ازو بہ گوش خوردہ :

نم حسن اور عشق کو جس روز کہ ایجاد کیا — مجھ کو دیوانہ کیا تجھ کو پری زاد کیا

(۶۶) **تاباں** : میاں عبدالحی، المتخلص بہ تاباں در وقت محمد شاہ بادشاہ مشہور و معروف ست۔ در وقتِ خویش نظیرے نہ داشت۔ سید زادہ بود بہ کمال حسن و وجاہت، تمام عالم فریفتۂ حسنِ او بود، بلکہ گرم بازاریِ ریختہ ازاں شعلہ رو دوبالا شد۔ اکثر اشخاص ایں فن را وسیلہ ساختہ، دخیلِ صحبتِ او می شدند۔ شاعرِ بامزہ و رنگیں طبع بود۔ چہرۂ کلامش با حسن یوسفی و حسن القصصِ بیانش باگرمیِ عشق یعقوبی عاشقِ معشوق مزاج، بہ یک طفلے سلیمان نام تعشق داشت۔ چوں ہفت ہشت روز از حیات او باقی ماند، توبہ کرد، ازبس کہ بسبب کثرتِ استعمال شراب مزاج او شدہ بود، از گزاشتنِ او از خود گزشت۔ از شاگردانِ میرزا محمد علی حشمت۔ غرض آفتابِ تابانِ عمر او در شروعِ شبِ جوانی پنہاں گردید۔ خدایش بیامرزد :

ن انگر کو چھپا راکھ میں میں دیکھ کے سمجھا — تاباں تو تہِ خاک بھی جلتا ہی رہے گا د
جب یار مرا بگڑا خط آنے سے ای تاباں — تب حسن کو میں اس کے کر یاد بہت رویا
دیکھ اس کو خواب میں جب آنکھ کھل جاتی ہے صبح — کیا کہوں کیسی قیامت مجھ پہ اوپر لاتی ہے صبح
نم پاس تو سوتا ہے پہ چنچل پر گلے لگتا نہیں — منتیں کرتے ہی ساری رات ہو جاتی ہے صبح
خزاں تک تو رہنے دے صیاد ہم کو — کہاں یہ چمن اور کہاں آشیانہ۔

در عہدِ محمد شاہ غفر اللہ لہٗ۔ ریختہ نیز بہ طورِ ایہام کہ رائج آں وقت بود می گفت۔
اصل از اکبر آباد است، از مدّتے وفات یافت۔ او تعالیٰ رحمت کناد۔ از وست:

نم بات منصور کی فضولی ہے — ورنہ عاشق کی آہ سولی ہے
نم دلّی کے کج کلاہ لڑکوں نے — ق — کام عشّاق کا تمام کیا
نم کوئی عاشق نظر نہیں آتا — ٹوپی والوں نے قتلِ عام کیا

(۶۲) **شاہ پنچھا**: شاہ پنچھا فقیرے بود در شاہ جہاں آباد، کاغذ و قلم ہم راہ داشت، ہر جا کہ می نشست می گفت و می نوشت، ہم فارسی و ہم ہندی:

دل مرا گردِ لبِ یار کے منڈلاتا ہے — یہ شکر خورا شکر چھوڑ کہاں جاتا ہے

حرف (ت)

متقدمین

(۶۳) **تجرّد**: میر عبداللہ، تجرّد تخلّص، از شاگردانِ سید عبدالواسع ست۔ قدیم ست، احوالش معلوم نیست۔ از وست:

نم تجھ رو میں لطف ہے سو ملک کو خبر نہیں — خورشید کیا ہے اُس کے فلک کو خبر نہیں

(۶۴) **تانا شاہ**: ابوالحسن تانا شاہ رحمۃ اللہ از بادشاہانِ دکن بود و در کمال عیاشی عمرِ شریف بہ سر می برد، ایں مطلع ازیں شنیدہ شدہ، بہ زبانِ دکن گفتہ:

م کس دھر کہوں کہاں جاؤں میں مجھ دل پہ پہل بچھراٹ ہے
اک بات کیے ہوں گے تجھ یاں پچھو بارہ باٹ ہے

ن ترے پاس عاشق کی عزت کہاں ہے — تجھے بے مروت مروت کہاں ہے
نم بیاں کیا کروں ناتوانی میں اپنی — مجھے بات کہنے کی طاقت کہاں ہے

ن گئے نالے تجھے برباد مانندِ جرسِ حیف رہ — اثر دیکھا تری فریاد میں دل ہم نے بس جیت رہ

م تجھے ابرو کو نہ چھوڑے گا مرا دل ہرگز — گوشت ناخن سے بھلا کوئی جدا ہوتا ہے

ن تو مے پی اس قدر ظالم کہ تجھ کو کیف کم ہووے — ترا بے ہوش ہو جانا ہمارا ہوش کھوتا ہے
بتاں کے شہرِ ویراں میں کب کوئی داد کو پہنچے — مگر یاں اپنے بندوں کی خدا فریاد کو پہنچے
ہزاروں بار صاحب ہوش کی تدبیر پھرتی ہے — و لیکن حق تعالیٰ کی نہیں تقدیر پھرتی ہے
سلیماں کیا ہوا گر تو نظر آتا نہیں مجھ کو — مری آنکھوں کی پتلی میں تری تصویر پھرتی ہے
کہتے ہیں اثر ہے گا گریے میں یہ ہیں باتیں — اک دن بھی نہ یار آیا روتے ہی کٹیں راتیں
کر یاد تری ظالم روتا ہوں میں ہر ساعت — غصے کا وہ ٹھکرانا اور پیار کی وہ لاتیں
ہونٹوں پہ تیرے ظالم مِسّی کی یہ دھڑی ہے — یا اُن کے تئیں کسی نے مل مل کیا ہے نیلا

ن ہوتا ہوں ترا جو اشتیاقی ساقی — بے خود ہو پکارتا ہوں ساقی ساقی
ن ہے مجھ کو خمارِ شب کا لا صبح ہوئی — شیشے میں جو کچھ کہ مے ہو باقی ساقی

(٦٧) محمد تقی : سیدِ نجیب الطرفین از مرثیہ گویانِ حضرت ابا عبداللہ الحسین،

سید محمد تقی، عرف میر گھاسی، فقیر او را نہ دیدہ، لیکن اکثر اوصافِ آں بزرگوار شنیدہ، مولدش شاہ جہاں آباد، الحال بطرفِ فرخ آباد استقامت دارد، گاہ گاہے فکرِ شعر ہم می کند۔ از وست:

نم تو ہو اور باغ ہو اور زمزمہ کرنا بلبل — تیری فریاد سے جیتا ہوں نہ مرنا بلبل
ترے عتاب سے کس دن یہ رنگِ رُو نہ اڑا — کہ مرغِ روح مرا اُس کے دو بہ دو نہ اڑا

مرے ادب نے رکھا مجھ کو یاں تلک محروم
کہ بعدِ قتل بھی دامن طرف لہو نہ اڑا

ترے غم سے نسیاں ہی یاں تک تو مجھ کو ۔ اِدھر بات کہنا اُدھر بھول جانا
آشنا ہو چکا ہوں میں سب کا ۔ جس کو دیکھا سو اپنے مطلب کا
لیا تھا دوستی سے جس نے جی آہ ۔ وہ اب دشمن ہوا ہی میرے جی کا
نہیں اک لمحہ بے تابی سے فرصت ۔ الٰہی دل لگا تھا کس گھڑی کا
ہمیشہ رات کو غیروں کے رہنا ۔ پھر آ کر صبح کو یوں ہم سے کہنا
جو یار آیا تو میں دوں گا دکھائی ۔ تم ای آنکھو کہیں مت پھوٹ بہنا
عجب احوال ہی تاباں کا تیرے ۔ کہ رونا رات دن اور کچھ نہ کہنا
تمھارے ہجر میں رہتا ہی ہم کو غم میاں صاحب ۔ خدا جانے جییں گے یا مریں گے ہم میاں صاحب
ن مرا بس ہو تو ہرگز خط نہ آنے دوں ترے لیکن ۔ لکھا قسمت کا کوئی بھی مٹا سکتا ہی کیا قدرت
ہاتھ میں اُس کے ہاتھ تھا ہیہات ۔ دل مرا گم ہوا ہی ہاتھوں ہاتھ
غیر کے ہاتھ میں اُس شوخ کا داماں ہی آج ۔ میں ہوں اور ہاتھ ہی اور میرا گریباں ہی آج
ہم کو تم بن ایک دم ای جان جینا ہی محال ۔ تم تو ہوتے ہو جدا لیکن ہمارا کیا علاج
تجھ کو غرض نہیں ہی کسی آشنا سے شوخ ۔ کوئی مرے کوئی جیے تیری بلا سے شوخ
بتاں کے عشق میں میں کیونکہ ہوں شاد ۔ کہ اُن کو دیکھ آتا ہی خدا یاد
نعم ہے دل کی خبر چشم مرے یار کی کیوں کر ۔ بیمار عیادت کرے بیمار کی کیوں کر
ن آشنا تو مجھ سے ایسا ہی کہ جیسا چاہیے ۔ پر جو کچھ جی چاہتا ہی ہائے وہ ہوتا نہیں
ن مرتے ہیں آرزو میں اِس وقت آن پہنچو ۔ ٹک تم کو دیکھ لیں ہم جلدی سے جان پہنچو
م تو بھلی بات سے بھی میری خفا ہوتا ہی ۔ آہ یہ چاہنا ایسا ہی بُرا ہوتا ہی
عاشق نے وقتِ مرگ کہا یار سے یہی ۔ سمجھوں گا تجھ سے حشر کے دن دیکھ تو سہی
تاباں نے تجھ کو دیکھتے ہی اپنا جی دیا ۔ سننے نہ پایا تیری تہ اپنی ہی کچھ کہی
ن کیا میں فرض کہ محشر کے تئیں مجھے بخشیں ۔ جو تو نہ ہوئے تو فردوس بھی جہنم ہی

چناں فکرش رساست کہ اکثر قصائد دارد کہ در ہر مصرعش تاریخِ ممدوح برمی آید۔ بہ فرمایشِ یاراں تاریخ ہا بسیار گفتہ است۔ با فقیر بسیار آشناست۔ سلامت باشد۔ تاریخ چاہ گفتہ، مصرع:

"آب ازیں چاہِ بے نظیر برآر"

تعمیۂ آب بسیار مناسب افتادہ کہ بہتر از بے تعمیہ گردیدہ۔

حرف (ج)

متقدّمین

(۷۱) **جنوں**: جنوں تخلّص، اکبرآبادی از قدیم ست۔ دیگر احوالش بگوش نہ رسیدہ۔ از وست:

پہنچا کوئی کعبے سے کوئی دیر سے پہنچا ۔۔۔ تھی جس پہ تری مہر وہی خیر سے پہنچا
جنوں کا یاں تلک ہی گرم بازار ۔۔۔ کہ پتھر بھی نہیں سر کا خریدار

متوسّطین

(۷۲) **میر جعفر زٹلی**: نادرۂ زماں و اعجوبۂ دوراں بود۔ اعلیٰ و ادنیٰ ہمہ کس ازو ملاحظہ می کردند۔ الحال، اگر کسے در ہجو کسے بگوید، مدحِ خود می شمارند۔ غرض کہ میرِ مذکور در مدح و قدح بہ طورِ خود خوب می گفت۔ در مدحِ اعظم شاہ گفتہ:

ن نگینِ سلیماں کہ تابندہ بود ۔۔۔ ہمیں اسمِ اعظم دروکندہ بود

تجھ ہجر میں ای لشکرِ خوباں کے شاہ سینے پہ مرے غم سے ہی یہ حالت آہ
جیسے رکتی ہی پل پہ دریا کے بھیڑ پیچھے کو نہ پھر سکے نہ آگے کو راہ

حرف (ث)

متوسّطین

(۶۸) **ثاقب** : دریں فصل از متوسّطین ثاقب تخلّص مردے درویش گزشتہ است، از شاگردانِ میاں آبرو۔ دراواخر شعرِ خود پیش خان آرزو می گزرانید۔ از وست:

ثاقب کی نعش اوپر قاتل نے آکے پوچھا یہ کون مرگیا ہی کس کا ہی یہ جنازہ

(۶۹) **ثابت** : شجاعت اللہ خاں، از شاگردانِ میاں حسرت ست۔ ثابت تخلّص دارد۔ از متاخرین ست۔ نبیسۂ نوّاب شیر افگن خاں، نبیرۂ نوّاب دل دلیر خاں۔ اصلِ ایشاں پانی پت کہ قصبہ است متصل شاہ جہاں آباد۔ پیشتر گاہ گاہے فکرِ شعر داشت، الحال، از مدّتے راغب بہ ایں کار نہ می شود۔ خدایش سلامت دارد:

یہ سچ کہو کہ کیا کس نے بدگماں تم کو غبار میری طرف سے ہی ای بتاں تم کو
ہم آپ جانتے سو آس سے عرض کر لیتے ہمارا حال نہ کہنا تھا دوستاں تم کو

میں ہوا کل جو یار سے رخصت نہ ہوا اختیار سے رخصت
مثلِ بلبل کے مرگیا ثابت ہوتے ہی گل عذار سے رخصت

کیا ہی بے اختیار روتا ہوں جس گھڑی مجھ کو یاد آتے ہو
آتے ہو دن میں تم تو کئی بار اس طرف پر دیکھتے نہیں کبھی ای یار اس طرف

(۷۰) **ریناتھ سنگھ** : ریناتھ سنگھ، محرّرِ دل پذیر و موّرخِ بے نظیر صاحبِ کمال، بہ سنِ ہفتاد سال، از معتقدانِ خواجہ میر درد ست۔ در علمِ تاریخ

محمد باعثِ ایجادِ ایماں کہ جس کے واسطے آیا ہی قرآں
مقرر ہی کہ بزّازِ دکاں دار دکھائے جنسِ اوّل آخرِ کار
اِسی سے جان ارفع اُس کا پایہ کہ سب پیغمبروں کے بعد آیا

در منقبت می گوید:

علی ہی شاہِ اورنگِ ولایت شریعت کا معیں دیں کا حمایت
ہُوا کعبے سے نور اُس کا نمایاں کہ جوں ظلمات سیتی آبِ حیواں
کیا معراج پر شیرانہ دھاوا لیا افلاک پر چڑھ کر چڑھاوا
رسالت کے کرو اب سیر گھر کا بنا ہی زور ایوان پانچ در کا
قضا کے راج کی صنعت گری دیکھ نبی کے گھر کی یہ بارہ دری دیکھ ن
نبی کی آل پر سے وار جانا اِسی بارہ سیڑھے سے پار جانا
خدا تک اب پہنچنا کیا ہی مشکل کہ بارہ کوس کی ہی ایک منزل
اگر فہمید حکمت آشنا ہی اِسی نسخے میں چودہ بدیا ہی

در تعریفِ معشوق:

صفا اُس کے بنا گوشوں کی دیکھ آن خجالت سے رہے موتی پکڑ کان
زبس گل برگِ لب میں نازکی ہی کٹورے میں پیے ہی پھول کی مَے

در مقدمہ آمدِ جنوں:

بگولا گم رہوں کا رہنموں ہی نشانِ لشکرِ اہلِ جنوں ہی

ایں مثنوی حقّہ بہ فرمایش فردوس آرام گاہ از اوّل تا چند بیت گفتہ، و بعدہٗ
میاں حاتم بہ اتمام رسانیدہ، این ست:

تماکو کو نہ جانوں کیا سبب ہی ملا ہی گڑ سے اور کیوں کر طلب ہی
طلب گڑ کی اُسے ہی اس سبب سے ملائے گڑ اُسے پیارے کے لب سے

نقل است کہ روزے پیش میرزا بیدل رفت، میرزا در فکر مصرعے مصروف بودند، ملتفت نہ شدند۔ پرسید کہ صاحب و قبلہ کدام مصرعے فرمودہ اند؟ گفت "بلے" و آں ایں مصرع بود۔ "لالہ بر سینہ داغ چوں دارد" میر حسطو گفت "دریں تامل چیست" "چو بکے سبز زیر … دارد" میرزا ازیں معنی بہم برآمد زود چیزے دادہ، رخصت نمود۔ خدارش بیامرزد۔ ایں مثنوی از وست کہ اکثر مولود ہا می خوانند:

شنو ای طوطیِ روحانیِ من　　نہ کر الفت بہ رنگیں پنجرۂ تن
نہ تو یاں ہے نہ یہ پنجرہ رہے گا　　بلا کر لال تجھ کو کیا کہے گا
جعفر، چو بوستانِ جہاں دم غنیمت ست　　شادی نصیب اگر نہ شود غم غنیمت ست
در ہجو شاہزادہ گفتہ:
ن　　چہارم پسر ڈومنی کا جنا　　بہج میں رہے جوں … …

(۷۳) **جعفر علی خاں**: خان عالی شان، جعفر علی خاں، ولد میرزا مومن بیگ، جوانِ محمد شاہی، از متوسلانِ نواب عمدۃ الملک امیر خاں بود۔ بادشاہِ عالی جاہ، محمد شاہ رحمۃ اللہ علیہ بہ منصب سہ ہزاری سرفراز نمودہ بود، در ذیلِ امرایاں مشہور بود۔ ذہن و ذکا و طبع رسا داشت۔ سوائی رام راجا بود برو تعشق داشت۔ چناں چہ ایں مثنوی در عشقِ او گفتہ مشہور ست:

الٰہی شوق سے دل کو جلا دے　　برہ کی آگ تن من میں لگا دے
جلا جوں پھل جھڑی مجھ ناتواں کو　　شرر لب ریز کر ہر استخواں کو
فنا کر عشق میں یوں جانِ بے تاب　　کہ جوں آتش میں چھپ جاتا ہے سیماب
جلا وحدت کی آتش سے دوئی کو　　کہ بس ہے ایک چنگاری روئی کو
در نعت می گوید:

خوش ربود، کہ بے اختیار دل را می ربود۔ حالا شنیدہ ام کہ بطرف پورپیہ بہ لباسِ درویشی بسر می برد۔ سلامت باشد۔ از وست:

ہر بُنِ مُو سے مرے شعلہ نمایاں کر دے
دل تو جلتا ہے یہ اب سرو چراغاں کر دے
جاؤں صحرا میں دو وانوں میں مری عزت ہو
اپنے ہاتھوں سے مرا چاک گریباں کر دے
کون گلشن میں یہ بو مشک کی لے آتی ہے
کہتے ہیں زلف کے کوچے میں صبا جاتی ہے

(۷۶) **جولاں**: میاں رمضانی، جولاں تخلص۔ جوانِ محمد شاہی، کمان دارِ بے نظیر بود۔ دیگر احوالش معلوم نیست:

رہتے ہیں رات دن خفا تجھ بن
جیویں گے مجھ سے شخص کیا تجھ بن

متاخرّین

(۷۷) **جنون**: میر علی مہندا، شاگردِ شاہ فصیح۔ جنوں تخلص۔ از متاخرّین ست۔ احوالش معلوم نیست۔ کلامش پختگی نہ یافتہ:

رقیبوں کے گھروں میں ہائے کیوں وہ شوخ جاتا ہے
لڑوں جا کر رقیبوں سے یہی اب دل میں آتا ہے
خمار آلودہ ماتا نیند کا ہے غیر صحبت میں
سحر کا رات تو جاگا ہے کیوں باتیں بناتا ہے

(۷۸) **میاں جگن**: میاں جگن، خالہ زادۂ شیر افگن خاں، دعوائے شاگردیِ میر تقی می نماید۔ از مشاہیران نیست۔ خدایش بہ سلامت دارد:

ن ای دل مریضِ عشق کو آزار ہے بھلا
چنگا ہو تو ستم ہے یہ بیمار ہے بھلا

(۷۹) **جذب**: میر مظہر علی، المتخلص بہ جذب در عظیم آباد استقامت دارد۔ گاہ گاہے فکرِ ریختہ می نماید۔ سلامت باشد:

ہے جنوں کا زور طوفاں اِن دنوں
میں ہوں اور میرا گریباں ان دنوں

(۸۰) **جوشش**: میاں محمد روشن المتخلص بہ جوشش۔ مردے ست ساکنِ عظیم آباد،

اشعار متفرقہ اندوست :

بلبل کو باغباں سے رہی نت کھٹا پٹی | تا صبح کیوں نہ ہوئے چمن میں چٹا پٹی
آ بھی نین میں بس کہ بنا ہی ترے لیے | یہ خیمۂ سیاہ و سفیدِ پٹا پٹی
عشق میں بلبل کو کیا نسبت ہی پروانے کے ساتھ | جو نک ٹک ٹی مین ملے تو بھی لہو پیتی رہے
چاک کو تقدیر کے ممکن نہیں ہونا رفو | تا قیامت سوزنِ تدبیر اگر سیتی رہے
پروئے کیوں نہ ہر اک بات میں موتی رو رو جھتیسی | صفا دانتوں کی روشن ہی شبِ مستی میں تینی تھی
م نہ ہو کھوجی انجھو کے کاروانِ منزل رہ تھے | خدا جانے کدھر بے سر و پا جائیں گے بہ کے

(۷۴) **جوہر** : چراغِ بزمِ آشنائی وشمعِ انجمن آرائی تیغِ شجاعت را جوہر و کانِ مروت را گوہر، میرزا احمد علی، المتخلص بہ جوہر۔ مردے بود در نہایتِ خلق و اخلاق، در صحبت داری و یار باشی چالاک و چست و در کارِ آشنائی ہا درست۔ از زبانِ شیخ اسراری سلمہ اللہ شنیدم کہ اکثر مجمع شعرا در خانۂ او می شد۔ اصلش از ایران بود، مولدِ وی شاہ جہاں آباد۔ طبع موزوں داشت، اکثر فارسی می گفت، مگر ہمیں غزل ریختہ از وبہ یادگار ماند کہ قلمی خواہد شد۔ می گویند کہ بایکے از آشنایانِ او جاے خانہ جنگی رو داد، ایں خبر شنیدہ، در معرکہ در آمد، دو سہ را کشت و خود نیز کشتہ شد، غرض کہ تا جاں از یاراں دریغ نہ کرد۔ خدایش بیامرزد۔ از وست :

آتش دہِ چمن ہو یا برقِ آشیاں ہو | ای مرغِ نالہ کچھ ہو یک شب تو پرفشاں ہو
شاید کہ پہنچے تجھ تک واماندہ کوئی ہم سا | آوارۂ بیاباں ای گردِ کارواں ہو
گر ہو سکے ہی تجھ سے اُڑ ای غبارِ مجنوں | ناقے کے ساتھ تو بھی اک دو قدم رواں ہو
اتنا لب دو ہاں تو جوہر ہو عاشقی میں | منہ پر تو ہوئے نالہ اور زیرِ لب فغاں ہو

(۷۵) **جرات** : میر مستقیم، سید زادۂ عالی ہمت، المتخلص بہ جرات، از جوانانِ محمد شاہی ست۔ بندہ اورا در صغر سن بہ شاہ جہاں آباد دیدہ ام، بسیار

شاخ در شاخ۔ اصل از شاہ جہاں آباد، نشو و نما در فیض آباد یافتہ۔ شوقِ شعر از حد زیاد دارد۔ اگرچہ در علمِ موسیقی و ستار نوازی نیز دستے بہم رسانیدہ لیکن آنچہ گویند دیوانۂ فنِ شعر ست کہ گاہے بے فکر نمی ماند۔ بسیار دردمند و گداز ست۔ مثنوی ہجو برسات و کھٹمل نامہ ہم گفتہ۔ دریں نوجوانی بسیار بہ حلم و حیا بسر می برد۔ خدااش سلامت دارد :

کیا سحر کیا ہے یار دل کو — تجھ بن جو نہیں قرار دل کو
آنے کی خبر ہے اُس کے لیکن — آتا نہیں اعتبار دل کو
تب زخم تو اُس کے بھرنے پائیں — جب صبر ہو اس فگار دل کو

نالہ و آہ و فغاں میرا ہی دم بھرتے ہیں — آپ کا جان کے سب مجھ پہ کرم کرتے ہیں

ہے عین ہجر ہی میں میسر وصالِ دوست — اب کچھ خیال دل میں نہیں جز خیالِ دوست

سب سے ملتا ہے وہ اک ہم سے ملاقات نہیں — آہ کیا کیجیے دم مارنے کی بات نہیں
وصل کی رات مرا جی ہی نکل جاتا ہے — جب کہ آواز یہ آتی ہے کہ اب رات نہیں
اُس کے کوچے میں گئے یا نہ گئے اے ہمدم — ہے مساوات ہمیں دل کو مساوات نہیں

اپنا میں درد دل اس طور جتا رہتا ہوں — حسبِ حال اس کو کوئی شعر سنا رہتا ہوں
بات میں کس کی سنوں آہ کہ اے مرغِ چمن — شور میں اپنے ہی نالوں کے سدا رہتا ہوں

اے ستم ایجاد کب تک یہ ستم دیکھا کریں — تو کرے غیروں سے باتیں اور ہم دیکھا کریں
کچھ تو نکلے آرزو دشنام دے تلوار کھینچ — چشمِ حسرت سے کہاں تک دم بہ دم دیکھا کریں

ہم کچھ اسیر ہوتے ہی خاموش ہو گئے — سب چہچہے چمن کے فراموش ہو گئے

چین اس دل کو نہ اک آن ترے بن آیا — دن گیا رات ہوئی، رات گئی دن آیا

صیاد نے جفا تو یہ ایجاد اور کی — پر میرے کاٹے اور سُنی فریاد اور کی
جرأت ذلیل ہو چکا مارا ہی جائے گا — اب کے جو اُس نے پھر کہیں فریاد اور کی

خوش طینت و نیک اعتقاد، شاعرِ شیریں کلام، صاحب دیواں، از خاصانِ آں دیارست۔ بندہ باوی ملاقات نہ کردہ، از سببِ بُعد اشعارش نیز بفقیر نہ رسیدہ، مگر چند بیت از زبانِ مرزا فدوی، سلمہ اللہ شنیدہ بودم، بہ نگارشش می آید۔ مشتے نمونہ از خروارے، خدایش سلامت دارد:

تو انائی جدا کرتی ہے اب آغوش سے مجھ کو — گرامت دیکھیو ای ناتوانی دوش سے مجھ کو
دل میں ہے اب قرب میں آئینہ سا پیدا کروں — وہ مجھے دیکھا کرے اور میں اُسے دیکھا کروں

جوں آئینہ یہ ستم رسیدہ — رہتا ہے مدام آب دیدہ
ہیں داغ میرے جزوِ بدن جوں پرِ طاؤس — مخلوق ہوں اس دہر میں ہم پکرِ طاؤس

کلامش شاعرانہ است۔ شخصے می گفت کہ او در تالیفِ تذکرہ مشغول ست۔

(۸۱) **جانِ عالم خاں**: خانِ عالی شان، بلند مکان، برادر زادۂ نوّاب روشن الدولہ مغفور، ولدِ مفتخر الدولہ، **جانِ عالم خاں** بحرِ ذخّارِ طبعش از گوہر نثر و نظم لب ریز و افکارِ صدفِ معانیش چوں دیدۂ عشاق جواہر ریز۔ گوہرِ طبعش از چشمۂ خورشید آب خوردہ، سہیلِ خطش از زلف نکویاں تاب بردہ، بخششش بے حساب و شعرش چوں دُرِّ یتیم نایاب۔ در اوائل مشقِ سخن از میر سوز نمودہ در غزل تخلص نمی آرد، محتاجِ شہرت نیست۔ قابل و قابل دوست۔ خدایش سلامت باکرامت دارد۔ از وست:

لگا خوبانِ نو خط سے یہ ملنے — گھسیٹا پھر مجھے کانٹوں میں دل نے
چھوڑ عارض دل نے گھیرا زلفِ مشکیں فام کو — صبح کا بھولا غنیمت ہے جو پہنچے شام کو

(۸۲) **جرات**: میاں قلندر بخش، المتخلص بہ جرات، از شاگردانِ میاں حسرت۔ جوانے ست چیچک رو، خوش خلق و نیک خو۔ کلامش نمکین و بیانش شیریں۔ دستگاہِ شعورش چوں دل صاحب ہمتاں فراخ و گلزارِ معانیش چوں میوۂ آرزو

تا حال در شاہ جہاں آباد مقیم ست۔ از وست:

ن مثالِ بحر موجیں مارتا ہے کیا ہے جس نے اس جگ سے کنارہ ن
ن ہجر کی زندگی سے موت بھلی کہ جہاں سب کہیں وصال ہوا
ن تو نہیں تو کنج تنہائی میں ہے بوریا کا نقش ہم پہلو مرا
ن حاتم بے کس کا تجھ بن کون ہے کون ہوگا جو نہ ہوگا تو مرا
ن سجن نے یاد کر نامہ لکھا اور ہم سے ہے غافل بجا ہے معذرت لکھنا ہمیں کاغذ خطائی پر
تم سے تیرے میں جاتا ہوں پھر نہ کیجو تو کہ آشنائی کا حاتم نباہ بھی نہ کیا
ن کوئی دیتا نہیں ہے داد بیداد کوئی سنتا نہیں فریاد فریاد
ن جب سے تیری نظر پڑی ہے جھلک تب سے لگتی نہیں پلک سے پلک
ن ایک دن ہاتھ لگایا تھا ترے دامن کو آج تک سر ہے خجالت سے گریباں کے بیچ
شانہ نہ کیجو زلف میں زنہار دیکھنا بہتوں کے دل ہیں اس میں گرفتار دیکھنا

(۸۸) **حاتم**: سید حاتم علی خاں، حاتم تخلص۔ ایں ہم از سلکِ متوسطین ست۔ مولدش جون پور۔ شاگردِ میاں مضموں بودہ است۔ خدایش بیامرزد:

شاید محبت اب کے زمانے میں ڈوب گئی آتی نظر نہیں جو کسی آشنا کے بیچ

(۸۹) **حشمت**: حشمت عالی ہمت و بلند فطرت، سید محتشم علی خاں المتخلص حشمت، ولد میر باقی، سپاہی پیشہ، عمدہ روزگار بود۔ برادر خرد میر ولایت اللہ خاں، ریختہ و فارسی ہر گفت، فہمیدہ و سنجیدہ متواضع مؤدب۔ آخر روزگار ترک نمودہ، خانہ نشیں بود، ناگاہ فوراً فوت شد۔ از وست:

نکہتِ گل نے جگایا کسے زنداں کے بیچ پھر یہ زنجیر کی جھنکار پڑی کان کے بیچ
بہار آئی دِوانوں کی خبر لو اگر زنجیر کرنا ہے تو کر لو

ایں واسوخت از و مشہور ست: "کیوں رے دل چاہی پھنسا میں نہ تجھے کہتا تھا"

کیوں مکرتا ہے جو کچھ ٹھانی ہے تو نے دل میں — سب مرے جی پہ عیاں ہے تجھے معلوم نہیں

(۸۳) **جلال الدولہ** : جلال الدولہ، جلال الدین وکیل مرہٹہ، مشیر نواب عماد الملک۔ از وست :

ماہ رو مسند پہ بیٹھا جب سے دل بے تاب ہے — چاندنی کے فرش پر کیا عالم مہتاب ہے

حرف (ح)

متقدّمین

(۸۴ و ۸۵) **حبیب و حسن** : حبیب و حسن تخلص از خاکِ دکن بودند۔ اکثر اشعار ایں ہا در بحرِ کبت بہ نظر آمدہ۔ چوں الفاظش ربط بہ یک دیگر نہ داشتند بہ قلم نیاوردہ۔

متوسّطین

(۸۶) **حیا** : حیا تخلص ہم کسے گزشتہ است۔ چند شعر در سلکِ متوسطین دیدہ شد۔ اغلب کہ زن باشد۔ احوالش معلوم نیست و نیز بے ربط می گوید۔ از وست :

حیا کی تلخ کامی کا یہ قصہ — مفصل جا کہو شیریں سخن کو

(۸۷) **حاتم** : شیخ محمد حاتم، المتخلص بہ حاتم، شاعرے ست صاحب کمال و پسندیدہ فعال، عالی فطرت و بلند ہمت، معاصر میاں آبرو۔ دو دیوان ترتیب دادہ، یکے بہ زبانِ قدیم بہ طورِ ایہام و دوم بہ زبانِ حال۔ او انتہ شہرۂ اشعارش بسیار است۔ اکثر غزل ہائے او را نغمہ سرایانِ ہندی می خوانند

نم خط نے ترا حسن سب اڑایا یہ سبزہ قدم کہاں سے آیا

(۹۲) **حسن** : میرزا حسن علی، حسن تخلص، برادرِ جعفر علی خاں۔ ایں بیت در مرثیۂ امام علیہ السلام از وست:

یہ کس طرح کا زخم لگا تھا حسین کے اب تک بہے ہے خون حسن دل کے گھاؤ سے

متاخرین

(۹۳) **حیرت** : مراد علی، حیرت تخلص متوطنِ مرادآباد۔ طبع رسا دارد۔ سلامت باشد۔ از وست:

کہاں ہے شیشۂ مے محتسب خدا سے ڈر مری بغل میں جھلکتا ہے آبلہ دل کا
کیا قافلے یاروں کے آگے کہیں ٹھہرے ہیں آوازِ جرس کم ہے یا کچھ ہمیں بہرے ہیں

(۹۴) **حسن** : میر حسن، المتخلص بہ حسن، در کمالِ خوبی و اخلاق۔ ظاہر حالش بہ لباسِ دنیاداری آراستہ، و باطن بہ زیورِ فقیری پیراستہ، مدتے در صحبتِ یونس خاں بہ سر بُرد۔ گاہ گاہے دو سہ بیت می گوید۔ خدایش سلامت دارد۔ از وست:

تھی ہمیں سیر کوئی دن اُسی مے خانے کی اب خبر ہے نہ صراحی کی نہ پیمانے کی
تیغ ابرو نے تو مارا ہی تھا جو زلف نہ ہو غیر زنجیر خبر کون لے دیوانے کی
اے حسن آپ کو سمجھے گا تو کیا اس چپ رہ سر حق ہے یہ نہیں بات ترے پانے کی

(۹۵) **حسن** : خواجہ حسن، گلشنِ بوستانِ آشنائی و سروِ گلستانِ رعنائی، خوش فکر و خوش سخن، متخلص بہ حسن، ابن خواجہ ابراہیم، نبیرۂ حضرت خواجہ کماری، قدس اللہ سرہٗ از فرزندانِ خواجہ مودود چشتی۔ جوانے ست درویش صالح متقی و متواضع، مؤدب۔ در فنِ طلسم و شعبدہ بازی نیز ماہرست۔

بندِ دوم ایں بندہ را خوش آمد:

حاسداں تم کو جدا بیٹھ کے بہکاتے ہیں
ہم سے دل توڑ تمھارے کو وہ بہلاتے ہیں

کیا ہوا تم کو بھی اب گرچہ وہی جاتے ہیں
آج کل جو تمھارے سے وہ سب جاتے ہیں

پھر وہی تم ہو وہی ہم ہیں وہی باتیں ہیں
پھر وہی عیش وہی دن ہیں وہی راتیں ہیں

باز خواہست کہ زلفِ تو بود در دستم
من ہماں عاشقِ دیرینہ کہ بودم ہستم

(۹۰) **حزیں**: میر محمد باقر مردے ست از سلکِ متوسلیں، متخلص بہ حزیں، از ساداتِ اکبر آباد۔ سپاہی پیشہ شاگرد میرزا مظہر۔ از مدتے بہ طرفِ بنگالہ رفت۔ خدائش سلامت دارد:

ن اُس بے وفا کے عشق میں کچھ مجھ کو حَس نہیں
پانو تلک بھی ہائے مجھے دست رس نہیں ن

ویراں ہوا ہی باغ خزاں سے یہاں تلک
چاہیں کہ جل مریں تو کہیں خار و خس نہیں

جس دن سے میں سنا ہی کہ آخر ہوئی بہار
اُس دن سے چھوٹنے کی مجھے کچھ ہوس نہیں

کیا کیا گزرتی ہوئے گی اُن پر چمن کے بیچ
اِن بلبلوں کا ہائے کوئی دادرس نہیں

کس کس مزے سے دھوم مچائی تھی تب کے تئیں
جاتی ہی یوں بہار حزیں ہائے بس نہیں

کہا میرا اگر وہ شوخ مانے
تو غیروں کو نہ دوں اُس پاس جانے

حزیں اک دم نہ جیتا تھا سجن بن
سو یوں گزرے جدائی کے زمانے

م وہ کہ ہی ملکِ سلم جسے یکتائی کا
خوب لیتا ہی مزہ عالمِ تنہائی کا

م میں تو بندہ ہوں تری جور و جفا کا لیکن
سخت ڈر کا ہی مجھے اِس دلِ سودائی کا

(۹۱) **حشمت**: محمد علی، حشمت تخلص، از شاگردانِ محمد علی بیگ قبول تخلص۔ مردِ کشمیری بود، اُستادِ عبدالحی، تاباں۔ شاعرِ مربوط گو و وقت پسند بود۔ ہمراہِ قطب الدین علی خاں، طرفِ سہارن پور کشتہ شد۔ خدائیش بیامرزد:

ق جب آ خزاں چمن میں ہوئی آشنائے گل
تب عندلیب روکے پکاری کہ ہائے گل

دریاے حقیقت کو وہی جاوے پیر | جو مثلِ حباب زندگانی سمجھے

(۹۸) **حضور**: حضور تخلص شخصے ہندو، در شاہ جہاں آباد۔ رطب و یابس بسیار دارد:

زبانِ شمع سے روشن ہُوا یہ اہلِ مجلس پر | کہ یاں جو دم گزرتا ہے ترقی ہے تنزل میں

(۹۹) **حیراں**: میر حیدر علی، گلِ بوستانِ سیادت و سروِ جویبارِ شرافت، از نجباے زماں، میر حیدر را المتخلص بہ حیراں۔ جوانے ست شگفتہ رُو، نیک خو، سلیقۂ سخنش نہایت خوب و فکرِ دل پذیرش بسے مرغوب۔ اصل وی از شاہ جہاں آباد ست۔ الحال در لکھنؤ استقامت دارد۔ از شاگردانِ لالہ سرب سکھ کہ شاعرِ فارسی ست، و دیوانہ تخلص دارد۔ بافقیر بسیار دوستی دارد۔ سلامت باشد:

دکھ اُس سے کون کہے تابِ التماس کہاں | کسے ہے ہوش بجا دل کہاں حواس کہاں
ہُوا ہے اب تو نئے دوستوں سے ربط و لے | تمھیں اب آنے کی فرصت ہمارے پاس کہاں
ہُوا نہ ہم کو کبھی سیرِ باغ و گشت نصیب | کریں گے زیست کا کیا یاد ہم سے زشت نصیب
دلِ ستم زدہ کا آج پوچھتے ہو حال | غمِ فراق سے کب کا ہُوا بہشت نصیب
کٹے شب کس توقع پر ہماری چین سے حیراں | اب آیا دم میں آیا دن تو ان باتوں میں کٹتا ہے
اپنے جانے کا نہ واں دن کو ہے نہ رات کو ڈھب | دیکھیے کیسی بنے آن پڑی بات کو ڈھب
روئیے بن کوئی گھڑی دل نہیں لگتا اپنا | یار بن آ پڑی اپنی نپٹ اوقات کو ڈھب
دردِ دل غیر کے ہونے سے نہ کہنے پایا | کل میسر ہوئی حیراں کو ملاقات کو ڈھب

ق
کل کہا میں نے میرے گھر چلیے | اس میں کچھ کم نہ ہوگی محبوبی
سن کے تیوری بدل کے کہنے لگا | رسم و راہِ ادب تو سب ڈوبی
مجھ سے کہتا ہے میرے گھر چلیے | دیکھیے اختلاط کی خوبی

مدتے بہ طرفِ بریلی اقامت داشت۔ چوں از تخلص فقیر واقف نہ بود بنا بریں حسن تخلص نمود۔ الحال، بہ فیض آباد استقامت دارد۔ خدایش بہ سلامت دارد۔

از وست:

دل دلاسوں سے کرے ہی بے قراری بیشتر خانۂ ماتم میں ہو پرسے سے زاری بیشتر
صحبتِ سنگیں دلاں سے کیوں نہ ہو خوں ریز حسن سنگ سے شمشیر کو ہی آب داری بیشتر

کب میں کہتا ہوں کہ میری جان جانے سے رہے پر تلک ایسا ہو کہ یہ دل تلملانے سے رہے
ہم نے ایسی بھی تو کچھ چوری نہ کی تھی آپ کی بے سبب جو آپ اب اِدھر کے آنے سے رہے
آہ کس کس بے وفائی کا میاں کیجے شمار اور تو سب یک طرف منہ بھی دکھانے سے رہے
اُس نے کس کس طرح اپنے در سے ٹالا ہم کو پر دیکھ تو ہم بھی حسن کس کس بہانے سے رہے

(۹۶) حجام: حجام تخلص شخصے ست حجام در شاہ جہاں آباد، متصل مدرسۂ غازی الدین خاں دکانِ سخن راگرم داشتہ، مضمون تراشی می نماید، لیکن از یں شعر او معلوم شد کہ کلامش بے اصلاح ست، در موشگافی معانی قصر دارد۔ شعر این ست:

کام کیا زور یہ حجام نے شیخ کی ڈاڑھی کو قصر کر گیا

(۹۷) حامد نصیری: میر حامد نصیری، درویشِ گوشہ نشیں، بہ کمالِ صلاح و تقویٰ، متواضع و مؤدب از مریدانِ حضرت میر نصیر دام افضالہٗ کہ الحال جانشینِ حضرت خواجہ محمد باسط، نوّر اللہ مرقدہٗ ہستند۔ غرض ہماں جا بر دروازۂ پیر خود از سرِ اعتقاد بہ سر می برد، شوقِ شعر بہ مرتبۂ دارد کہ در گفتن نہ می آید اشعارِ بسیار جمع نمودہ چوں مزاولت اکثر بہ شعر و سخن دارد، گاہ گاہے بعد از سال و ماہے بیتے یا رباعی موزوں می کند خدایش سلامت دارد۔ رباعی از وست:

دنیائے دنی کو جو کہ فانی سمجھے اور قصۂ عمر کو کہانی سمجھے

تم جو کہتے ہو کہ دو حسرت کو ق آہ و فریادیاں کیا دکرے
آپ کا اس میں کیا بگڑتا ہی دردِ دل کی کوئی دوا نہ کرے

ای شوق کیا ہی یاد تجھے آہ دست برد کی تو نے دل پہ لاکھ سرِ راہ دست برد
چھینا ہی تو نے ہی دلِ پُرخوں حنا سے یہ ثابت ہی تیرے ہاتھ پہ واللہ دست برد
دل رکھتے تمے بساط میں حسرت سو دے چکے اب غارت اس دیار میں ہو خواہ دست برد

اتنا رسوا یہ دلِ زار ہوا کچھ نہ ہوا کچھ بھی یہ عشق سے بیزار ہوا کچھ نہ ہوا
دل میں سو بات تھی پر اس نے جو پوچھا احوال مجھ سے کچھ دردِ دل اظہار ہوا کچھ نہ ہوا
سارے ہستی کے بکھیڑے ہیں وگرنہ دمِ مرگ کچھ سرانجام بھی درکار ہوا کچھ نہ ہوا
کاش کے عشق جتاتا نہ میں اُس کو حسرت میری صورت سے وہ بیزار ہوا کچھ نہ ہوا

مثال اُس شمع کے جس کو ہوائے تند لگتی ہی ہماری ساعت آپہنچی ہی اب خاموش ہونے کی
ہوئے ہیں اس قدر آفت زدہ ہم تو کہ اب ہم میں نہ کیفیت ہی ہنسنے کی نہ کچھ لذت ہی رونے کی

در ہندوستان رسم ست کہ برائے پوشیدنِ پستاں اکثر زناں دامن را به گریباں می کشند دراں مقدمہ می گوید:

شاید اس دامن میں پیارے خونِ بے تقصیر ہی تیرا دامن آج کیوں تیرا گریباں گیر ہی
دل دردِ بتاں سے آہ کیوں کر نہ کرے ر پر آہ تو تب کرے جو اِن سے نہ ڈرے
وہ شکل ہی جیسے دشمنوں میں گھائل دم لیوے تو سر کٹے نہ دم لے تو مرے

(۱۰۱) **حسن**، پارهٔ از احوالِ فقیر مؤلفِ کتاب: پوشیده نماند که اصلِ این فقیر ابن غلام حسین ولد میر عزیز اللہ بن میر امامی، ہروی ست۔ میر امامی نور اللہ مرقدہٗ ہفت قلم و فاضلِ متبحر بودند۔ بسببِ فضیلت در شاہ جہاں آباد آمده، بین الاقران ممتاز گردیدند، گاه گاه شعر ہم می فرمودند، پس این عاجز سخن را سررشتۂ شاعری اجدادی ست نہ امروزی، حاصل که از صغرِ سن میلانِ طبعت این فقیر سوے

کلیجہ بھن گیا کب تک کرو گے ہائے بے دردی
اٹھوں میں ہی جہاں سے یا کہ اٹھ جائے یہ بے دردی

(۱۰۰) **حسرت** : از شعرای دوران و فصحای زمان، غنچۂ گلشن محبت، میاں جعفر علی، المتخلص بہ حسرت۔ طبعش از چمنِ خوبی بہ شکلِ طوبیٰ برخاستہ و درجِ فطرتش رشتۂ سخن دانی از جواہرِ معانی آراستہ۔ شربتِ عذب بیانش را قوامِ عالی، و گوہرِ طبعِ روانش را نظمِ متوالی۔ خلفِ میاں ابوالخیر کہ بہ پیشۂ عطاری در لکھنؤ متصلِ اکبری دروازہ بہ سر می برد۔ جولانیِ طبعش از حد گزشتہ۔ قصیدہ ہا در زمینِ مشکل گفتہ۔ "فکرِ ہر کس بہ قدرِ ہمتِ اوست"۔ حالا بہ وسیلۂ فنِ شاعری در سرکارِ حسن علی خاں بہادر سرفرازست۔ مدتے اصلاحِ سخن از رائے سرب سکھ گرفتہ، الحال منحرف ست۔ غرض مثلِ او پیدا نیست۔ خدایش سلامت دارد۔ کثرتِ شاگردانش چناں ست کہ در صورت شناسی خود ہم حیران ست :

کس کا ہی جگر جس پہ یہ بیداد کرو گے
لو دل تمھیں ہم دیتے ہیں کیا یاد کرو گے

بہ رنگِ آبلہ ای ولے یہ کیا زندگانی ہی
کہ جب کے پانو پڑتے ہیں اسی کو سرگرانی ہی

جب تلک سینے میں دل تھا داغ بھی جلتا رہا
بے چراغ اب گھر ہوا مالک جو تھا چلتا رہا

چھنے تیرِ نگہ سے دل اگر یوں ہو تو بہتر ہے
بنے غربال کی صورت جگر یوں ہو تو بہتر ہے

کہے وہ اپنے منہ سے قتل حسرت کو کیا میں نے
مرے مرنے کی عالم میں خبر یوں ہو تو بہتر ہے

سرشکِ گرم یہ جس جسم سے مل نکلے
حباب ہو کے وہیں اُس پہ آبلے نکلے

تمام دن تھے جدا آہ شمع و پروانہ
ملے جو شب کو تو آپس کے سب گلے نکلے

رقیب سے ہمیں توام ہو جس طرح بادام
جو توڑا اُس نے تو دونوں کے دل ملے نکلے

تری فرقت میں ہی شام و سحر مجھ کو عجب مشکل
جو شب کاٹی تو دن مشکل جو دن کاٹا تو شب مشکل

ابھی تو حسرت اُس پر عشق یہ پوشیدہ ہی ترا
وہ جب پہچان جائے گا تجھے ہووے گی مشکل

سر دیوے گا جس دن تو حسن تیغ کو اُس کی
اسرار کھلے گا جبھی اس سرِ نہاں کا

چھوٹا نہ واں تغافل اس اپنے مہرباں کا
اور کام کر چکا یاں یہ اضطرابِ جاں کا

وہ دن گئے کہ گلشن تھا بود و باش اپنا
اب تو قفس میں بھولے نقشا بھی گلستاں کا

عشق کب تک آگ سینے میں مرے بھڑکائے گا
راکھ تو میں ہو چکا کیا خاک اب سلگائے گا

نو گرفتاری کے باعث مضطرب صیاد ہوں
لگتے لگتے جی قفس میں بھی مرا لگ جائے گا

قیامت مجھ پہ شب اُس کا ترحم اور تظلم تھا
کبھی تھیں گالیاں منہ پر کبھی لب پر تبسم تھا

کہا میں کہ بھرتا ہوں دم آپ کا
لگا کہنے صاحب کرم آپ کا

کیا جانے اُس کے جی پر کیا کچھ خیال گزرا
کچھ آپ ہی آپ اپنے دل پر ملال گزرا

ایسی ہی آہ باتیں اس بے وفا نے چھیڑیں
روتے ہی روتے جس میں روزِ وصال گزرا

کچھ تو صدا ہے آہ تہِ خاک بھی کہ جو
اودھر کو لگ رہا ہے حسن گوشِ نقشِ پا

لے صبح سے تا شام اسی نام کو جپنا
اور شام سے تا صبح غم و درد میں کھپنا

اُس شوخ کے جانے سے عجب حال ہے میرا
جیسے کوئی بھولے ہوئے پھرتا ہے کچھ اپنا

جس نے ملنے میں تمھارے دو جہاں چھوڑ دیا
تم نے ملنا بھی اب اس دل سے بتاں چھوڑ دیا

چھوڑ دے کوئی کسی کے لیے جس طرح سے کچھ
ہم نے منت میں تری کون و مکاں چھوڑ دیا

اتنی جا گہ نہ ملے اور کہیں مجھ کو کیا
تیری خاطر سے میں آتا ہوں نہیں مجھ کو کیا

میں ہوں آئینہ تو اپنا ہے تماشائی آپ
تیری آنکھیں جو مجھے دیکھ رہیں مجھ کو کیا

گو اب رہا تو کیا ہے یہ اک روز جائے گا
مجھ پر قیامت ایک نہ اک دن تو لائے گا

کرتے تو قتل مجھ کو کیا ہے پر اب حسن
کیا کیا نہ اپنے جی سے وہ باتیں بنائے گا

وہ ملکِ دل کہ اپنا آباد تھا کبھو کا
سو ہو گیا ہے تجھ بن اب وہ مقام ہو کا

جز اشکِ بلبل اب نہیں گل شاخسار پر
کیا اوس پڑ گئی ہے چمن میں بہار پر

وصل بھی ہوگا حسن تو ٹک تو استقلال کر
حال اپنا ہم سے کہہ کہہ ہم کو مت بے حال کر

سخن بیشتر بود، بارے حق تعالیٰ دریں فن کم و بیش موافقِ ظرفِ استعداد و قبولیت بخشید، و اصلاحِ سخن از میر ضیا سلمہ اللہ گرفتہ ام، لیکن طرزِ او شایاں از من کما حقہٗ سرانجام نہ یافت، بر قدمِ دیگر بزرگاں مثلِ خواجہ میر درد و میرزا رفیع، سودا و میر تقی پیروی نمودم۔ شروعِ جوانی از گردشِ روزگار بہ ہنجار کہ ہر گز بہ کسے وفا نہ کردہ است، بہ طرفِ لکھنؤ و فیض آباد رسیدم، بارے کم و بیش از قدر دانیِ نواب فلک جناب، سالار جنگ بہادر، دام اقبالہٗ، بہ لبِ ناں رسیدہ، در خدمتِ میرزا نوازش علی خاں بہادر صحبت گزیدم کہ خلفِ ارجمند اوست۔ چناں چہ تا حال بہ ہر نوع گزراں می نمایم۔ اکثر بہ فرمائشِ نواب معلی القاب مرثیۂ امام علیہ السلام نیز بہ گفتن می آید، از آں کہ طبعِ عالیِ آں بزرگوار در ہمہ فن بلند افتادہ است، علی الخصوص در علمِ موسیقی کہ از حصر و بیاں بیرون است، سوزہاے مرثیہ طرح می نمایند، و ایں حسنہ براے آخرت ست۔ اجرہٗ الی اللہ، و سردار جنگ بہادر نیز ہمیں طور دریں فن ذہنِ رسا و گوشِ شنوا دارند۔ حق تعالیٰ عمر و دولتِ ایشاں را تا جہان ست مع فرزنداں قائم دارد، فقیر دریں مدت قریب ہفت ہشت ہزار بیت گفتہ باشد، و یک ترکیب بند و یک رموز العارفین گفتہ است کہ مقبولِ دل ہا گردیدہ، مشہور شدہ است۔ دو سہ بندِ او در آخر قلمی خواہد شد۔ اوّل چند اشعار براے یادگار در ذیل ایں بزرگاں مسطور می نماید شاید کہ مقبولِ دل ہا افتد:

گرچہ از نیکاں نہ ام خود را بہ نیکاں بستہ ام
در ریاضِ آفرینش رشتۂ گلدستہ ام

گر کیجے رقم کچھ تری وحدت کے بیاں کا   تو چاہیے خامہ بھی لیے ایک زباں کا
رکھتے ہیں نہ کچھ نام ہی اپنا نہ نشاں ہم   کیا نام و نشاں پوچھو ہو بے نام و نشاں کا

ترے بن باغ میں جس وقت غنچے گل کے کھلتے ہیں
خراشِ ناخنِ غم سے جگر کے زخم چھلتے ہیں

نہ لپیٹ اِس طرح منہ پر زلف کو بکھرا کے ای ظالم
ذرا اُٹھ بیٹھ تو اِس دم کہ دونوں وقت ملتے ہیں

سماں تھا کل عجب بجنے سے تیرے شوخ محفل میں
کہ سو سو آرزوئیں مضطرب پھرتی تھیں ہر دل میں

ہی سزا دل کی جو زلفوں کے گیا پھرے میں
شب کو کیوں نکلا اکیلا جو پھنسا پھیرے میں

مردمِ چشم نے پلکوں کی چڑھا سنگینیں
ایک عالم کو نظر بند کیا پہرے میں

حسنؔ گر پارسا ہوں میں تو ناچاری سے ہوں ورنہ
نظر ہی جام پر میری سدا اور دل ہی شیشے میں

حسنؔ مت یاد کر اُن صحبتوں کو
سدا یک ساں نہیں رہتی کسی کی

کبھی جس جا کرے بارش تو یہ کہہ دیجو دہقاں کو
کہ اپنی کشت پہ لے جائے میری چشمِ گریاں کو

نہیں تقصیر کانٹوں کی مرا چھالا ہی پاؤں کا
بہ رنگ کہربا کھینچے ہی خود خارِ مغیلاں کو

رہنے نہ دے گا اُس بن یہ دل تو ایک دم بھی
کیوں روٹھ کر ہم اپنا کھو دیں عبث بھرم بھی

ہزار حیف کچھ اپنی ہمیں خبر نہ ہوئی
تمام عمر گئی پر ہم یہ بسر نہ ہوئی

شبِ فراق میں رو رو کے مر گئے آخر
یہ رات جیسی تھی ویسی رہی سحر نہ ہوئی

یہ سینہ بھی جائے قدم تھا کسی کا
کبھی اِس طرف بھی کرم تھا کسی کا

نہ رہتی تھیں آہیں نہ تھمتے تھے آنسو
حسنؔ تجھ کو کیا رات غم تھا کسی کا

جان و دل ہیں اداس سے میرے
اُٹھ گیا کون پاس سے میرے

کبھی کبھی جو مرے دل میں ہوش آتا ہی
تو پھر تری ہی محبت کا جوش آتا ہی

دریا میں ڈوب جائے کہ یا چاہ میں پڑے
ای عشق پر نہ کوئی تری راہ میں پڑے

آ جا کہیں شتاب کہ مانندِ نقشِ پا
تکتے ہیں راہ تیری سرِ راہ میں پڑے

یوں غیر کچھ کہیں تو بلا کو بری لگے
تو کچھ نہ کہہ کہ ہم غربا کو بری لگے

ای گرد باد طرفِ چمن ٹک گزار کر
بلبل کے پر پڑے ہیں گلوں کے نثار کر

بے چیز تو نہیں یہ حسن اُس گلی میں وز
جا جا کے بات کرنی ہر اک سے پکار کر

جس طرح ہو کوئی حیراں روئے حیراں دیکھ کر
دل پریشاں ہو گیا زلفِ پریشاں دیکھ کر

دامنِ صحرا سے اُٹھنے کو حسن کا جی نہیں
پانو دیوانے نے پھیلائے بیاباں دیکھ کر

نہ رہا گل نہ خار ہی آخر
اک رہا حسن یار ہی آخر

اب جو چھوٹے بھی ہم قفس سے تو کیا
ہو چکی واں بہار ہی آخر

اُس شوخ نے پھینکا ہی مگر تیر ہوا پر
جاتا ہی جو دل کا مرے نخچیر ہوا پر

ٹک کیجو حذر نالۂ جاں سوز سے میرے
ہی برق کے مانند یہ شمشیر ہوا پر

آباد شہرِ دل تھا اُسی شہریار تک
اب کوئی آ پھرے نہ اِس اُجڑے دیار تک

قسمت نے دور ایسا ہی پھینکا ہمیں کہ ہم
پھر جیتے جی پہنچ نہ سکے اپنے یار تک

دیکھا جو واں نہ تجھ کو گماں سو طرف گیا
آئے نہ ہوتے کاش کے ہم کوچۂ یار تک

آن کر غم کدۂ دہر میں جو بیٹھے ہم
شمع ساں اپنے تئیں آپ ہی رو بیٹھے ہم

آرزو دل کی بر آئی نہ حسن وصل میں اور
لذّتِ ہجر کو بھی مفت میں کھو بیٹھے ہم

صیّاد کی مرضی ہی کہ اب گل کی ہوس میں
نالے نہ کریں مرغِ گرفتارِ قفس میں

اِس ملنے سے ہو دل کو بھلا کیوں کے تسلّی
اک بار کہیں چھپ کے ملیں لاکھ برس میں

دم رُکتا ہوا آتا ہی لب تک ترے غم سے
عقدے پڑے ہیں بس کہ مرے تارِ نفس میں

اشکوں سے حسن کہیں کے نہ ہو رازِ دل افشا
پانی کے چھڑکنے ہی سے بو ہوتی ہی خس میں

اُس کی جب بزم سے ہم ہو کے بہ تنگ آتے ہیں
اپنے ساتھ آپ ہی کرتے ہوئے جنگ آتے ہیں

حسن میں جب تئیں گرمی نہ ہو جی دیوے کون
شمع تصویر کے کب گرد پتنگ آتے ہیں

اپنے دل سے تو کبھی ہم ترا شکوہ نہ کریں
ہوں گر آزردہ بھی ایسے ہی تو بولا نہ کریں

روز و شب ہم کو اسی فکر میں گزرے ہی کہ ہم
عشق میں اُس کے حسن کیا کریں اور کیا نہ کریں

سوجھا ہمیں نشیب و فرازِ زمانہ تب / جب عشق کی بلندی و پستی نظر پڑی
وصل کا عیش کہاں پر غمِ ہجران تو ہے / لبِ خنداں تو نہیں دیدۂ گریان تو ہے
آرزو اور تو کچھ ہم کو نہیں دنیا میں / ہاں مگر ایک ترے ملنے کا ارمان تو ہے
حال کیا پوچھے ہے حیرت کدۂ دہر کا دیکھ / آئینہ یاں کا ہر ایک دیدۂ حیران تو ہے
جو چاہے آپ کو تو اُسے کیا نہ چاہیے / انصاف کر تو چاہیے یہ یا نہ چاہیے
مجھ سے نے تجھ کو چاہا تو چاہا عجب نہیں / تجھ سا جو مجھ کو چاہے تو پھر کیا نہ چاہیے

نہ تو آہ و نالہ ہی نکلے ہے نہ اُٹھے ہے کل سے صدائے دل
تو خبر تو سینے میں لے حسن کہیں چل بسا ہو نہ ہائے دل

چند اشعار بہ طورِ قدمائے ایہام بنداں گفتہ شد

سجن جل جاؤں گا میں رشک سے مت دیکھ آئینہ / دکھاتے غیر کو منہ عارسی تجھ کو بھی آئی نہ
مژگاں سے جھاڑتے ہیں جو اس گلی کے تنکے / رہتے ہیں ہم دوانے روزِ ازل سے تن کے
اک دم میں بھوت ہیں وہ اک دم میں ہیں فرشتہ / ہم آشنا ہوئے ہیں دو چار دن سے جن کے
کیا ڈھنگ ہوئیں اب کے دیکھیں ترے حسن کے / صحرا کو پھر یہ نکلا مجنوں کے حال بن کے
سبزے نے تیرے خط کے آنے کی دھوم ڈالی / خضری خبر اُڑی ہے تحقیق ہو کے آخر

غزلے گفتہ بودم کہ درسہ بحر خواندہ می شد، آتش کہ بہ خانہ افتاد سوختہ شد۔
چناں چہ یک مطلع قلمی می نماید:

کہے تو غم ترے آگے کہوں تلک ایک مری جاں
نہیں ہے تاب مجھے دل میں جو رکھوں لے پنہاں

اوّل بحرِ ہزج مفاعیلن ہشت بار، دوّم بحرِ رمل مثمن مخبون فعلاتن ہشت بار،
سوم بحرِ مجتث مخبون مفاعلن فعلاتن چہار بار۔

آس بت کی بندگی سے نہ آزاد ہو حسن — یہ بات بھی کہیں نہ خدا کو بری لگے

بے کل مجھ کو نہیں ہر گل بدن کے واسطے — جاں بہ لب ہوں اپنے اُس غنچہ دہن کے واسطے
کچھ سنا تھا حق میں اپنے ایک دن تجھ سے سخن — سیکڑوں سنتا ہوں باتیں اُس سخن کے واسطے
بے جگہ عاشق ہوا ہر کیا کریں کچھ بس نہیں — جی تو کڑھتا ہر بہت اپنا حسن کے واسطے

کہتا ہر تو کہ تجھ سے میں ہی نباہتا ہوں — تو ہی کہیں ہو سچا میں یہ ہی چاہتا ہوں ۔
مجھ پر تو یہ ترا ستم و جور کچھ نہیں — لیکن ترے ہر ایک سے یہ طور کچھ نہیں
رو ٹھا کرے نہ کیوں وو کبھی اور سے حسن — یہ سب بگاڑ چاہ کا ہر اور کچھ نہیں

جان میں جان تبھی قیس کے بس آتی ہر — ناقۂ لیلیٰ کی جب بانگِ جرس آتی ہر
ساتھ دیکھوں ہوں کسی کے جو کسی دل بر کو — میں بھی جی رکھتا ہوں مجھ کو بھی ہوس آتی ہر
زندگی ہر تو خزاں کے بھی گزر جائیں گے دن — فصلِ گل جیتوں کو پھر اگلے برس آتی ہر
جب قفس میں تھے تو تھی یادِ چمن ہم کو حسن — اب چمن میں ہیں تو پھر یادِ قفس آتی ہر

غیر کو تم نہ آنکھ بھر دیکھو — کیا غضب کرتے ہو اِدھر دیکھو
دیکھنا زلف و رخ تمھیں ہر وقت — شام دیکھو نہ تم سحر دیکھو

کیا ہنسے اب کوئی اور کیا رو سکے — دل ٹھکانے ہو تو سب کچھ ہو سکے

کہنے کی ہیں یہ باتیں کس بن نہیں گزرتی — پر ایک جان تو ہر جس بن نہیں گزرتی
کچھ ہو نہ ہو ولے ہو تیرا خیال ہر دم — اُس بن نہیں گزرتی اِس بن نہیں گزرتی

نہ ہم ہوش میں مے پرستی سے گزرے — ہوئے جب کہ بے ہوش مستی سے گزرے
نہ ٹھہرا ذرا قافلہ اس سرا میں — لیے حسرتیں یاں کی بستی سے گزرے
رہے جس میں خطرہ سدا نیستی کا — بس اے زندگی ایسی ہستی سے گزرے

آنکھوں کو اُس کی دیکھا تو مستی نظر پڑی — پھر ساتھ اُس کے بادہ پرستی نظر پڑی
سارا جہاں خراب تھا آنکھوں میں تجھ بغیر — بارے تو آج آیا تو بستی نظر پڑی

اور ایت :

ن سب رین جاگی سیج پر تو بھی سجن آیا نہیں
چھپ چھپ کے دیکھی باٹ میں درشن کو دکھلایا نہیں

(۱۰۴) **خاکی** : خاکی تخلص مردے بود درویش، از شاہ جہاں آباد، در عہد جہاں گیر بادشاہ، احوالش معلوم نیست، از یک مرد پیرے ایں شعرش بگوش خورد ازوست :

ٹھانی ہے اپنے من میں اب تو یہی سریجن تجھ پیم کی گلی میں خاکی کو خاک ہونا

متوسطین

(۱۰۵) **خاکسار** : غنچۂ باغ کرمت و وقار، محمد یار، المتخلص بہ خاکسار۔ مردے بود خادم درگاہ قدم شریف رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، آنچہ میر تقی در تذکرۂ خود نوشتہ است کہ خود را بسیار دور می کشد۔ غالب [illegible] راست نہ باشد، و بر تقدیر اگر دور کشید بہ نزدیک ایں فقیر بجاست۔ شخصے کہ خادم چنیں مکان مقدس باشد اگر دماغ بر فلک رساند رواست، دیگر دلیل بر بطلان ایں یا ایں کہ اگر ہم چنیں می بود خاکسار تخلص نہ می نمود مگر در مزاج متانتے خواہد بود۔ مدتے شد کہ جاں بہ جاں آفریں سپرد۔ خدایش بیامرزد۔

نم تیری زلف سیہ سے ای پیارے مجھ کو اک سر ہزار سودا ہے
نم خاکسار اس کی تو آنکھوں کے کہے مت لگیو مجھ کو ان خانہ خرابوں ہی نے بیمار کیا

میر تقی می گوید کہ اگر بجائے "بیمار کیا" "گرفتار کیا" می شد بہتر می بود، لیکن، در عقل فقیر چنیں می گزرد کہ اگر چشم خود می بود گرفتار مناسب بود، چوں ایں جا چشم معشوق ست، بیماری صحت دارد :

ہجراں میں آپ کو دکھاتے تھے ، مشتاق کو تسکین دلاتے تھے
کیوں دیر لگی ہے کس نے روکا تم کو ، اب تک تو کبھی بار بھی تم آجاتے تھے

دنیاداری میں اور نہ دیں داری میں ، چاہت میں کسی کی ہیں نہ بیزاری میں
حیرت کدۂ دہر میں تصویر کی طرح ، سویا کرتے ہیں عین بیداری میں

بندِ اوّل ترکیب بند

ہر ایک بزم میں ہے اُس کا ذکر صبح و مسا ، ہر ایک ملک میں ہے اُس کے حسن کا شہرہ
ہر ایک چشم میں ہر دل میں ہے اُسی کی جا ، ہر ایک مذہب و ملت میں اُس کا ہے چرچا
ہر ایک جان کو بلبل صفت ہے اُس کی ہوا ، اگرچہ اور بھی گل ہیں بہت بہ نام خدا

"نہ دانم آں گلِ خنداں چہ رنگ و بو دارد
کہ مرغِ ہر چمنے گفتگوے او دارد"

مقطعِ دیگر از غزل فقیر را بسیار خوش آمدہ بود، قلمی می نماید :

پہنچے نہ حسن منزلِ مقصود کو ہم اور ، آخر ہوئے سب زیست کے ایام سفر میں

حرف (خ)

متقدمین

(۱۰۲) **خسرو** : ایں بیت اوّل بہ طریقِ تیمناً و تبرکاً از کلامِ معجز نظامِ حضرت امیر خسرو ترقیم می نماید و احوالِ آں بزرگوار مشہور و معروف ست :

زحالِ مسکیں مکن تغافل، درائے نیناں بنائے بتیاں
چو تابِ ہجراں نہ دارم ای جاں نہ لیہو کاہے لگائے چھتیاں

(۱۰۳) **خوشنود** : خوشنود تخلص مردِ دکنی بود۔ احوالش معلوم نیست۔

حرف (د)

متوسّطین

(۱۰۸) **داؤد** : دریں سلک از متقدمیں کسے گزشتہ باشد بہ نظر فقیر نہ رسیدہ، مگر از متوسطیں مرزا داؤد بیگ، داؤد تخلص در عہدِ فردوس آرام گاہ بود۔ ازوست :

ن زلفِ دل بر سے مجھ کو سودا ہے — خلق کہتی ہے تجھ کو سودا ہے ؎

(۱۰۹) **دل** : شاہ فتح محمد، المتخلص بہ دل، متوطنِ اکبرآباد ست، از نبیرۂ محمد غوث گوالیاری۔ ہم عصرِ میاں آبرو، تلاشِ لفظِ تازہ بر وضع قدیم دارد۔ در کمالِ تجرید بہ وسیلۂ طبابت در فیض آباد بہ سر می برد۔ سلامت باشد :

کیا نکیلی تیز تر دیکھی ہیں مژگاں یار کی — ہم نے سوئیاں بھی نہیں دیکھیں کبھی اس سار کی

(۱۱۰) **دانا** : با بیگانہ بیگانہ و با آشنا آشنا، میاں فضل علی، المتخلص بہ دانا۔ جوانِ محمد شاہی، سیہ فام، ریش بلند از قومِ افغان بود، با ہمہ معاصرینِ خود خوش طبعی داشت۔ بہ آں خوب صورتی اکثر لباسِ سیاہ می پوشید، یاراں بر وضعِ او خندہ می کردند، و خود ہم تبسم می فرمود، غرض مردِ زندہ دل بود از مدتے بہ طرفِ بنگالہ رفت، خبرش نیست۔ ازوست :

نم بہ ہر صورت خدا کو دیکھنا عنوان ہے میرا — یہی توحید میں مصرع سرِ دیوان ہے میرا

م تجھ انتظار میں پیارے مثالِ آئینہ — تمام عمر پلک سے مری لگی نہ پلک

ن دل میں ہر ایک کے سودا ہے خریداری کا — یوسفِ مصر مگر تو ہی ہے اک یار عزیز

(۱۱۱) **دردمند** : محمد فقیہ، المتخلص بہ دردمند، جوانِ محمد شاہی بود،

نم تیغِ قاتل سے رہے محروم بے تقصیر ہم — روزِ محشر کو اٹھیں گے گور سے دل گیر ہم
نم کیا ہے اس خاکسار کی تقصیر — یہ مگر تم کو پیار کرتا ہے
نم کیا ہے حاصل تجھے ناصح مرے سمجھانے میں — آہ جوں شمع ہے راحت مجھے جل جانے میں
نم قیامت بھی ہوگی تو میری بلا سے — مجھے دادخواہی کی طاقت کہاں ہے
نم رونے سے خاکسار کے سوتا نہیں ہے کوئی — اس خانماں خراب کو چپکا خدا کرے
نم عشوہ و ناز کو ترے پیارے — یہ ترا خاکسار جانے ہے
نم شانہ آہستہ کیجیو حجام — تار اس زلف کا رگِ جاں ہے

(۱۰۶) **خالہ بیگم** : بدر النسا بیگم، دخترِ نواب قمر الدین خاں، وزیرِ ہندوستاں۔ چوں خالۂ نواب عماد الملک بود، مشہور بہ خالہ بیگم گردید۔ با مادرِ نواب غالب جنگ، احمد خاں، مرحوم در فرخ آباد بہ سر می برد۔ ہماں جا بجوارِ رحمتِ ایزدی پیوست۔ ایں شعر بنامِ او شنیدہ شد:

کہا تھا ساربان کے کان میں لیلیٰ نے آہستہ — کہ مجنوں کی خرابی کا کہیں مذکور مت کیجو

متأخرین

(۱۰۷) **خوش دل** : از جملۂ متأخرین گھاسی رام خوش دل تخلص می نماید۔ از شاہ جہاں آباد ست۔ در فیض آباد بہ کارِ صرافی مشغول ست۔ طبعش موزون ست، از قافیہ و ردیف واقف نیست:

تو جو چاہے کہ رہے حسن پہ مغرور سدا
یہ غلط ہے نہیں نبھنے کا یہ دستور سدا

تارِ طنبور و نے و بین و صدائے مطرب
ہر زباں میں ہے صنم تیرا ہی مذکور سدا

مرا شمع سے یہ سندیسا کہو — اُسے خوب سمجھا کے اتنا کہو
یہی تھا لکھا میری قسمت کا جان — قیامت تلک ہجر وصل ایک آن
جو تجھ کو مرا خوش یہ آیا ہے حال — تو مجھ کو شکایت کی کب ہے مجال
سراپا مرا گرچہ آتش میں ہے — سعادت مری تیری خواہش میں ہے
وہی کر تو جس میں ترا کام ہو — ولیکن نہ اتنا کہ بدنام ہو
یہ کہہ کر کیا کام اپنا تمام — ہوا زندگانی کا روز اُس کی شام
جو کوئی عشق میں اس ادب سے مرے — خدا تا ابد اُس پہ رحمت کرے

م قفس تک بھی نہ پہنچے اور پڑے دُور آشیانے سے
عجب ساعت میں بچھڑے تھے چمن کے آستانے سے

(۱۱۲) درد : بوستانِ حلاوت و گلستانِ طراوت، در زمرۂ دردمندان فرد، کرم اللہ خاں، درد۔ ہمشیرہ زادہ نواب عمدۃ الملک، جوان محمد شاہی بودہ، طوطی طبعش نکتہ پرداز، و بلبل فکرش با عندلیب ہم آواز۔ طرزش عاشقانہ و سخنش دردمندانہ۔ وقتے کہ در شاہ جہاں آباد ہنگامۂ مرہٹہ برپا گردید، چند کافراں برائے غارت بر ناموسِ سید علی اصغر کبری ریختند۔ ایں جوانِ خداپرست للہ برائے ناموس میر مذکور از دستِ مقہوراں شہید شد۔ خدا اُش بیامرزد۔ از وست :

آتشِ عشق سے رشتہ ہے مری جان کے بیچ — شمع ساں جل کے اٹھوں گا ابھی اک آن کے بیچ
نم سامنے ہوتے ہی پھر نعش نہ پائی دل کی — بٹ گیا نوکِ سناں ریخِ مژگان کے بیچ
م اگر وہ بت کسی صورت سے میرا رام ہو جائے — تو پوچھوں اس عقیدت سے کہ کفر اسلام ہو جائے
نم ہر اک دم سانس ہو کر یہ جو آنس مجھ دل میں کھٹکتی ہے — اگر جی کی خلش نکلے تو کیا آرام ہو جائے
م تری ترچھی نگاہوں نے رکھا ہے نیم بسمل کر — اگر پھر کر نظر دیکھے تو میرا کام ہو جائے

نظر کردۂ مرزا مظہر جانِ جاناں۔ سوائے ہمیں ساقی نامہ دیگر اشعارش بہ نظر نہ رسیدہ۔ مدتے ست کہ بہ طرفِ بنگالہ رفتہ است۔ غرض بسیار با نمک گفتہ و گوہرِ معانی سفتہ۔ من ساقی نامہ:

ن ارے ساقی ای جانِ فصلِ بہار — یہی تھا ہمارا اور تیرا قرار
ستم سے گزر کچھ تو انصاف کر — خدا سیتی ڈر کچھ تو انصاف کر
تامُّل سے ٹک دیکھ گل کا شکوہ — کہ لبریز ہے باغ تا دشت و کوہ
اِس آتش میں میرا نہ کر دل کباب — نہ کر میری طاقت کے زہرے کو آب
کہ میں جاں بلب ہوں پیالے کی طرح — لگی ہے مجھے آگ لالے کی طرح

در قسمیہ می گوید:

ن تجھے وعدہ کر بھول جانے کی سوں — تجھے اپنے سوگند کھانے کی سوں
شبِ عید کے تجھ کو چاؤں کی سوں — تجھے اپنے مہندی کے پاؤں کی سوں

در تعریفِ اہلِ چمن:

نظر تو کرو ٹک چمن کی طرف — شگوفے کو مستی سے آئے ہیں کف
ہوا کے نشے نے کیا بس کہ زور — پڑا آب مستی سے کرتا ہے شور

در اشتیاق گوید:

ارے ظالمو مفت ہے یہ بہار — کہاں یہ نشہ پھر کہاں یہ خمار
نپٹ نقش بر آب ہے یہ جہاں — ٹک اک موج میں ہم کہاں تم کہاں
ن نہ یہ مَے نہ یہ باغ رہ جائے گا — نہ ملنے کا اک داغ رہ جائے گا ن

حکایت بہ سبیلِ تمثیل:

لگن میں پڑا ایک پروانہ رات — یہ کہتا تھا اربابِ مجلس کے ساتھ
کہ اِس بے پر و بال کی عرض ہے — کہ ابلاغ اِس کا تمہیں فرض ہے

نم عاشقِ بے دل ترا یاں تک تو جی سے سیر تھا — زندگی کا جو اُسے دم تھا دمِ شمشیر تھا

نم کی تو تھی تاثیر آہِ آتشیں نے اُس کو بھی — جب تلک پہنچے ہی پہنچے راکھ کا یاں ڈھیر تھا

نم شیخ کعبے ہو کے پہنچا ہم کنشتِ دل میں ہو — درد منزل ایک تھی ٹک راہ ہی کا پھیر تھا

مدرسہ یا دیر یا کعبہ تھا یا بت خانہ تھا — ہم سبھی مہمان تھے واں تو ہی صاحب خانہ تھا

م وائے نادانی کہ وقتِ مرگ یہ ثابت ہوا — خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سُنا افسانہ تھا

ہوگیا مہماں سرائے کثرتِ موہوم آہ — وہ دلِ خالی کہ تیرا خاص خلوت خانہ تھا

بھول جا خوش رہ عبث وہ سابقے مت یاد کر — درد یہ مذکور کیا ہے آشنا تھا یا نہ تھا

نم جگ میں آکر اِدھر اُدھر دیکھا — تو ہی آیا نظر جدھر دیکھا نم

جان سے ہو گئے بدن خالی — جس طرف تو نے آنکھ بھر دیکھا نم

نالہ فریاد آہ اور زاری — آپ سے ہو سکا سو کر دیکھا نم

اُن لبوں نے نہ کی مسیحائی — ہم نے سو سو طرح سے مر دیکھا نم

اگر یوں ہیں یہ دل ستاتا رہے گا — تو اک دن مرا جی ہی جاتا رہے گا ن

میں جاتا ہوں دل کو ترے پاس چھوڑے — مری یاد تجھ کو دلاتا رہے گا ن

بھلا کوئی تم میں سے ای ہم صفیرو — خبر گل کی ہم کو سُناتا رہے گا

گلی سے تری دل کو لے تو چلا ہوں — میں پہنچوں گا جب تک یہ آتا رہے گا

خفا ہو کے ای درد مر تو چلا تو — کہاں تک غم اپنا چھپاتا رہے گا ن

نقشِ نگیں جو ہم سے ہوا کام رہ گیا — ہم روسیاہ جاتے رہے نام رہ گیا

یا رب یہ دل ہے یا کوئی مہماں سرائے ہے — غم رہ گیا کبھی کبھی آرام رہ گیا

تم نے تو ایک دن بھی نہ ایدھر گزر کیا — ناچار ہو کے ہم نے ہی اودھر سفر کیا

پیکاں ہی دل کے ساتھ ہوا جب معاوضہ — سینے سے تب خدنگ نے میرے گزر کیا

تجھی کو جو یاں جلوہ فرما نہ دیکھا — برابر ہے دنیا کو دیکھا نہ دیکھا

م تحمّلِ آتشِ غم میں دلِ بے تاب کیا جانے — ٹھہرنا ایک دم بھی آگ پر سیماب کیا جانے
م کنارے سے کنارہ کب ملا ہے بحر کا یارو — پلک لگنے کی لذّت دیدۂ پُر آب کیا جانے

یہ ترا بے قرار جانے ہے

گر برقِ تجلی وہ ٹک اک جلوہ گر آئے
تب بھر کے نظر دیکھنا سب کا نظر آئے

تم سب سیتی ہوتے ہو بغل گیر پیارے
معلوم نہیں میری کب اُمید بر آئے

دل داغ سے گلشن ہے، ہیں اشک سے دریا
ہر جا پہ اُسے عیش ہے ظالم جدھر آئے

تمنّا نوشتہ شد۔ خدایش سلامت دارد۔ ازوست:

خدا کے واسطے اِس کو نہ ٹوکو — یہی اک شہر میں قاتل رہا ہے
جواں مارا گیا خوباں کے اوپر میرزا مظہر — بھلا تھا یا برا تھا زور کچھ تھا خوب کام آیا
ہم نے کی ہے توبہ اور دھومیں مچاتی ہے بہار — ہائے کچھ چارہ نہیں کیا مفت جاتی ہے بہار
نرگس و گل کی دیکھو کلیاں کھلی جاتی ہیں سب — پھر اِن خوابیدہ فتنوں کو جگاتی ہے بہار
مرتا ہوں میرزا آج گل دیکھ ہر سحر — سورج کے ہاتھ چونری ونکھا صبا کے ہاتھ
آتش کہو شرار کہو کو ئیلا کہو — مت اس ستارہ سوختہ کو دل کہا کہو
چلی اب گل کے ہاتھوں سے جلا کر آشیاں اپنا — نہ چھوڑا ہائے بلبل نے چمن میں کچھ نشاں اپنا
یہ حسرت رہ گئی کن کن مزوں سے زندگی کرتے — اگر ہوتا چمن اپنا گل اپنا باغباں اپنا
مرا جلتا ہے جی اُس بلبلِ بے کس کی غربت پر — کہ جن نے آسرے پر گل کے چھوڑا آشیاں اپنا
۴ کوئی آزردہ کرتا ہے سجن اپنے کو ہے ظالم — یہ دولت خواہ اپنا مظہر اپنا جانِ جاں اپنا
لوگ کہتے ہیں موا مظہرِ بے کس افسوس — کیا ہوا اُس کو وہ اتنا بھی تو بیمار نہ تھا
آج مت رنگِ حنا سے کفِ پا لال کرو — اے بتاں اس دلِ پرخون کو پامال کرو

(۲۳۲) **میر مدد اللّٰہ**: میر مدد اللہ، والدِ میر حمزہ علی، رندکہ بیشتر مذکور شد۔ جوانِ محمد شاہی بود، تخلص نمی کرد۔ گاہ گاہے دو سہ بیت می گفت، و با شعرا بسیار ربط داشت۔ در علمِ موسیقی نیز مہارتے پیدا کردہ بود، خیالِ نعمت خاں را درست می خواند۔ ازوست:

ایسا نہیں وہ شوخ جسے گھر کوئی پالے — پر مجھ سا نہ ہووے نہ اُسے ڈھونڈ نکالے
اشک آنکھ سے دل ہاتھ سے جی تن سے چلا جائے — اے وائے مصیبت کوئی کس کس کو سنبھالے
کرتے تو ہیں گھر مل یہ بتاں کعبۂ دل میں — سب خوبیاں ہی ہیں پہ خدا کام نہ ڈالے

(۲۳۳) **مراد**: شیخ محمد مراد، مراد تخلص، در سلکِ متوسلین شخصے گزشتہ است۔

نہ می شود۔ دراوائل انچہ گفتہ ہماں گفتہ۔ پارۂ اناں بہ نگارش می آرد:

محسن نے رو دئں میں تو بھلا کہ کہ کیا کروں — اک دل بساط میں تھا سو اُس کو بھی کھو چکا — نم
جس دن تری گلی سے میں عزم سفر کیا — ہر اک قدم پہ راہ میں پتھر جگر کیا — نم
کیا جانیے وہ شوخ کدھر ہے کدھر نہیں — ہم کو تو تن بدن کی بھی اپنے خبر نہیں — ن
جاں بہ لب ہجراں میں نکل جائے نہ یہ جان کہیں — دل میں حسرت ہی رہی جاتی ہے آمان کہیں — نم
مرا رنگِ رُو اس قدر زرد ہے — کہ یاں زعفراں زار بھی گرد ہے — نم
یوسفِ مصر پہنچتا ہے کوئی — تجھ سے دل برِ عزیزِ دل ہا کو — نم
حرف تیرے عقیقِ لب کا شوخ — زندہ کرتا ہے نامِ عیسیٰ کو — نم
ٹک آ کے دیکھ نہیں کچھ بھی جاں آنکھوں میں — پھرے ہے تس پہ بھی تیرا خیال آنکھوں میں — ن
نہ پوچھ دخترِ رز کی تو مجھ سے کیفیت — لیے ہی جاتی ہے دل یہ چھنال آنکھوں میں — نم
جب تخمِ محبت اپنے دل میں بویا — دین و دنیا سے ہاتھ ہم نے دھویا — ن
اس عشق کا ہوئے خانہ ویراں یارب — دونوں عالم سے اِن نے ہم کو کھویا — ن

(۲۴۱) **میر**: میرِ شعرائے ہندوستان و افصح فصحائے زماں، شاعرِ دل پزیر و سخن سنجِ بے نظیر، میاں محمد تقی المتخلص بہ میر۔ رفعتِ رواقِ کاخِ بیانش از طاقِ سپہر برتر، و گوہر کانِ ضمیرش از جوہرِ مہر عالی گوہر۔ فکرِ عالیش در عینِ خوش آبی، و طبعِ روانش بہ نہایتِ شادابی۔ چراغِ نثرش روشن و ساحتِ نظمش گلشن۔ شعرش چوں دُرِ خوش آب و اندازِ سخنش بے حساب صیقلِ ذکائے او زنگ زدائے آئینۂ خورشید، پیشِ ضیائے او رد سے رخشانِ ماہ سفید۔ از استادانِ صاحب قدرت ست۔ طرزش مانا بہ طرزِ شفائی۔ برادر زادۂ سراج الدین علی خاں، آرزو، و ہم از شاگردانِ اوست۔ متوطنِ اکبرآباد۔ جوانِ محمد شاہی۔ الحال در شاہ جہاں آباد ست۔

(۲۳۸) **مکھن و پاک باز** : میاں صلاح الدین، عرف مکھن مشہور بہ پاک باز،
مکھن و پاک باز ہر دو تخلص داشت۔ پسرِ شاہ کمال، نبیرۂ شاہ جلال قدس سرہٗ۔ شخصے بود
گوشہ نشیں از سلکِ متوسطیں، جوانِ محمد شاہی، متوطنِ شاہ جہان آباد۔ اکثر
بہ ورد و وظائف مشغول بود۔ شنیدہ ام کہ در لکھنؤ آمدہ بر موہنا و مکھن کہ
قوّال بچہ مشہور اند نظرِ التفاتے داشت۔ عاشق و معشوق ہر دو ہم نام گویا خود
بر خود عاشق بود۔ چناں چہ در عشقِ او خود گفتہ :

نہیں ندیاں مرے آنسو سے جو میں ہجر میں رویا — کیے ہیں ساری بستی ہائے مکھن نے ہیں کھویا،
جلوے تمھارے حسن کے بت ہیں پہ ہم کہاں — تم تو سجن ہمیشہ ہو افسوس ہم نہیں
نہیں یوسف کی گئی گرمیِ بازار ہنوز — روح پھرتی ہے زلیخا کی خریدار ہنوز

(۲۳۹) **موزوں** : راجا رام نراین، صوبہ دارِ عظیم آباد، موزوں تخلص
از شاگردانِ شیخ علی حزیں۔ صاحبِ دیوانِ فارسی، بسیار خوش گو،
آشنا پرست و سپاہ دوست بود۔ شعرِ ریختہ کم گفتہ، بلکہ نہ گفتہ، مگر در وقتے کہ
خبرِ شہید شدنِ سراج الدولہ در شہر افتاد ہماں وقت فی البدیہہ ایں شعر
می خواند و از خبر داراں خبر می پرسید و می گریست۔ ہمیں شعر از وے یادگار ماند:

غزالاں تم تو واقف ہو کہو مجنوں کے مرنے کی
دِوانا مر گیا آخر کو ویرانے پہ کیا گزرا

(۲۴۰) **محسن** : شیخ محمد محسن، المتخلص بہ محسن، جوانے ست بہ کمالِ علم و حلم،
از اقربائے شیخ سراج الدین علی خاں آرزو۔ برادر زادۂ میر محمد تقی۔
اصلش از اکبر آباد ست۔ تربیت در صحبتِ خانِ مذکور یافتہ۔ در علمِ شعر مہارتے
بسیار دارد۔ الحال، در سرکارِ نوابِ فلک جناب، سالار جنگ بہادر
سرفراز ست۔ از سببِ تکلیفات زمانہ مدّتے شدہ مزاجش راغب بایں طرف

ن تو یوں گالیاں غیر کو شوق سے دے | ہمیں کچھ کہے گا تو ہوتا رہے گا

بے تاب جی کو دیکھا دل کو کباب دیکھا | جیتے رہے تھے کیوں ہم جو یہ عذاب دیکھا

دل کا نہیں ٹھکانا بابت جگر کی گم ہے | تیرے بلاکشوں کا ہم نے حساب دیکھا

لیتے ہی نام اُس کا سوتے سے چونک اٹھے | ہے خیر میر صاحب کچھ تم نے خواب دیکھا

ٹک میرِ جگر سوختہ کی جلد خبر لے | کیا یار بھروسا ہے چراغِ سحری کا

ن گزرا بنائے چرخ سے نالہ پگاہ کا | خانہ خراب ہوجیو اس دل کی چاہ کا

ن یک قطرہ خون ہو کے مژہ سے ٹپک پڑا | قصہ یہ کچھ ہوا دلِ غفراں پناہ کا

طوفِ مشہد کے تئیں جو آؤں گا | تیغِ قاتل کو سر چڑھاؤں گا

وصل میں رنگ اُڑ گیا میرا | کیا جدائی کو منہ دکھاؤں گا

کب تلک یہ ستم اُٹھائیے گا | ایک دن یوں ہی جی سے جائیے گا

شکلِ تصویرِ بے خودی کب تک | کسی دن آپ میں بھی آئیے گا

اپنی ڈیڑھ اینٹ کی جدی مسجد | ق کسی ویرانے میں بنائیے گا

شرکتِ شیخ و برہمن سے میر | کعبہ و دیر سے بھی جائیے گا

گل کو محبوب میں قیاس کیا | فرق نکلا بہت جو باس کیا

صبح تک شمع سر کو دھنتی رہی | کیا پتنگے نے التماس کیا

سوجھتا کچھ نہیں ہمیں اُس بن | شوق نے ہم کو بے حواس کیا

تا بہ مقدور انتظار کیا | دل نے پھر زور بے قرار کیا

ہم فقیروں سے بے ادائی کیا | آن بیٹھے جو تم نے پیار کیا

دل کے تئیں آتشِ ہجراں سے بچایا نہ گیا | گھر جلا سامنے اور ہم سے بجھایا نہ گیا

گل نے ہر چند کہا باغ میں رہ پر اُس بِن | جی جو اچٹا تو کسی طرح لگایا نہ گیا

کھلا نشے میں جو پگڑی کا پیچ اُس کی میر | سمندِ ناز کو اک اور تازیانہ ہوا

سنِ او قریبِ شصت رسیده ـ تذکرهٔ متقدمین و معاصرین از تالیفِ او به یادگار مانده است ـ رباعی و غزل و قصیده ، ہجو و مدح ہمہ می گوید ، لیکن آن چہ گوید از غزلیات کہ بسیار بہ انداز و طرز از وی تراود ، بلکہ گرم بازاریِ او ہمین ست ـ بسیار صاحب دماغ ست ، و دماغِ او را می زیبد ـ خدایش سلامت باکرامت دارد ـ از وست :

کیا دن تھے وہ کہ یاں بھی دلِ آرمیدہ تھا ۔ رو آشیانِ طائرِ رنگِ پریدہ تھا ن
قاصد جو واں سے آیا تو شرمندہ میں ہوا ۔ بے چارہ گریہ ناک و گریباں دریدہ تھا ن
تجھ سے ہر آن مرے پاس کا آنا ہی گیا ۔ کیا گلہ کیجے غرض اب وہ زمانہ ہی گیا ن
ہم اسیروں کو بھلا کیا جو بہار آئی نسیم ۔ عمر گزری کہ وہ گلزار کا جانا ہی گیا ن
جی گیا میر کا اِس لیت و لعل میں لیکن ۔ نہ گیا ظلم ہی تجھ سے نہ بہانہ ہی گیا ن

ن جو ای قاصد وہ پوچھے میر بھی ادھر کو چلتا تھا
تو کہیو جب چلا ہوں میں تب اُس کا جی نکلتا تھا

نم مغاں مجھ مست بن پھر خندۂ قلقل نہ ہوئے گا ۔ مئے گل گوں کا شیشہ ہچکیاں لے لے کے روئے گا
ن کہاں آتے میسر مجھ کو تجھ سے خود نما اتنے ۔ یہ حسنِ اتفاق آئینہ تیرے روبرو ٹوٹا

گلی میں اُس کی گیا سو گیا نہ بولا پھر ۔ میں میر میر اُسے کر بہت پکار رہا

شبِ ہجر میں کم تظلم کیا ۔ کہ ہمسایگاں پر ترحم کیا
کہا میں نے گل کا ہے کتنا ثبات ۔ کلی نے یہ سن کر تبسم کیا

ن آنکھوں میں جی مرا ہے اِدھر یار دیکھنا ۔ عاشق کا اپنے آخری دیدار دیکھنا
صیاد دل ہے داغِ جدائی سے رشکِ باغ ۔ تجھ کو بھی ہو نصیب یہ گلزار دیکھنا

ن جو اِس شور سے میر روتا رہے گا ۔ تو ہمسایہ کاہے کو سوتا رہے گا
میں وہ رونے والا چلا ہوں جہاں سے ۔ جسے ابر ہر سال روتا رہے گا

ترے خیال میں جیسے خیالِ مفلس کا گئی ہی فکرِ پریشاں کہاں کہاں میری
آتا ہی جی میں حال بد اپنا بھلا کہوں پھر آپ ہی آپ سوچ کے کہتا ہوں کیا کہوں
نازِ چمن وہی ہی بلبل سے گو خزاں ہی ٹہنی جو زرد بھی ہی سو شاخِ زعفراں ہی
از خویش رفتہ اکثر رہتا ہی میر اُس بن کہتے ہو بات کس سے وہ آپ میں کہاں ہی
ملنے لگے ہو دیر دیر دیکھیے کیا ہی کیا نہیں تم تو کرو ہو صاحبی بندے میں کچھ رہا نہیں
نازِ بتاں اُٹھا چکا دیر کو میر ترک کر کعبے میں جاکے بیٹھ میاں تیرا اگر خدا نہیں
جب نام ترا لیجیے تب چشم بھر آئے اِس طرح کے رونے کو کہاں سے جگر آئے
ن نسیمِ مصر کب آئی سوادِ شہرِ کنعاں کو کہ پھر جھولی نہ یاں سے لے گئی گل پیرہن کو
ن گل و سنبل ہی نیرنگِ قضامت سرسری گزرے کہ بگڑے زلف و رخ کیا کیا بناتے اس گلستاں کو
ن کوئی کانٹا سرِ رہ کا ہماری خاک پر بس ہی گل و گلزار کیا درکار ہی گورِ غریباں کو
ن کیا سیر اس خرابے کا بہت اب چل کے سو رہیے کسی دیوار کے سایے میں منہ پر لے کے داماں کو
یہ رسمِ آمد و رفتِ دیارِ عشق بازی ہی ہنسی دوں جلئے میری اور رونا یوں چلا آئے
عمر بھر ہم رہے شرابی سے دلِ پُرخوں کی اک گلابی سے
جی ڈہا جاہے آج صبح سے ہائے رات گزرے گی کس خرابی سے
کام تھے عشق میں بہت پر میر ہم ہی فارغ ہوئے شتابی سے
یہ چشم آئینہ دارِ روتھی کسی کی نظر اِس طرف بھی کبھو تھی کسی کی
سحر بے خودی ہائے گل ہم کو لے گئی کہ اُس سست پیمان تھی کسی کی
دمِ نزع دشوار دی جان اُس نے مگر میر کو آرزو تھی کسی کی
ن مر گیا کوہ کن اسی غم سے آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل ہی
ن کل بارے ہم سے اُس سے ملاقات ہو گئی دو دو بچن کے ہونے میں اک بات ہو گئی
ن کتنا خلاف وعدہ ہوا ہوگا وہ کہ یاں نومیدی اور اُمید مساوات ہو گئی

مانندِ شمع آتشِ غم سے پگھل گیا — بزمِ جہاں میں روتے ہی روتے میں گل گیا
ہم خستہ دل ہیں تجھ سے بھی نازک مزاج تر — تیوری چڑھائی تو نے کہ یاں جی نکل گیا
میں غش کیا جو خط لے اُدھر نامہ بر چلا — یعنی کہ فرطِ شوق سے جی بھی اُدھر چلا
یہ چھیڑ دیکھ ہنس کے رخِ زرد پر مرے — کہتا ہے میر رنگ تو کچھ اب نکھر چلا
ن مر گیا میں ملا نہ یار افسوس — ہائے افسوس صد ہزار افسوس
رخصتِ سیرِ باغ ہم کو نہ ہوئی — یوں ہیں جاتی رہی بہار افسوس
نعم گل کی جفا بھی دیکھی، دیکھی وفائے بلبل — اک مشت پر پڑے تھے گلشن میں جائے بلبل
م کی سیر جذبِ الفت گلچیں نے کل چمن میں — توڑا تھا شاخِ گل کو نکلی صدائے بلبل
ٹک لطف سے ملا کر پھر گو کبھو کبھو ہو — سو تب تلک کہ مجھ کو ہجراں سے تیرے خو ہو
ن ہم تو اسیرِ کنجِ قفس ہو کے مر چلے — اے اشتیاقِ سیرِ چمن تیری کیا خبر
م جنوں میرے کی باتیں دشت اور گلشن میں جب چلیاں
نہ چوبِ گل نے دم مارا نہ چھڑیاں بید کی ہلیاں
مطرب نے پڑھی تھی غزل اک میر کی شب کو — مجلس میں بہت وجد کی حالت رہی سب کو
ہوگا کسی دیوار کے سائے میں پڑا میر — کیا ربطِ محبت سے اُس آرام طلب کو
مرتے ہیں تیری نرگسِ بیمار دیکھ کر — جاتے ہیں جی سے کس قدر آزار دیکھ کر
جاتا ہے آسماں لیے کوچے سے یار کے — آتا ہے جی بھرا در و دیوار دیکھ کر
افسوس وے کہ منتظر اک عمر تک رہے — اور مر گئے ترے تئیں یک بار دیکھ کر
ڈھب ہیں تیرے سے باغ میں گل کے — بو گئی کچھ دماغ میں گل کے
جلے روغن دیا کرے ہے عشق — خونِ بلبل چراغ میں گل کے
سیر کر میر اِس چمن کی شتاب — ہے خزاں بھی سراغ میں گل کے
رہی نہ گفتہ مرے دل میں داستاں میری — نہ اِس دیار میں سمجھا کوئی زباں میری

اب جہاں آفتاب میں ہم ہیں — یاں کبھی سو دگل کے سائے تھے

اجرت میں نامہ بر کی دیتے ہیں جان تلک تو — اب کارِ شوق اپنا پہنچا ہے یاں تلک تو

افسانہ غم کا لب تلک آیا ہے مدتوں میں — سو جائیو نہ پیارے اس داستاں تلک تو

دیکھیں تو تیری کب تلک یہ کج ادائیاں ہیں — اب ہم نے بھی کسی سے آنکھیں لڑائیاں ہیں ن

ٹک سن کہ سو برس کی ناموسِ خامشی کھو — دو چار دل کی باتیں اب لب پہ آئیاں ہیں ن

کام آنے کا نہیں ایک بھی یار آخرِ کار — ہاتھ سے جائے گا سررشتۂ کار آخرِ کار ن

چشم وا دیکھ کے ٹک کیجو چمن میں نرگس — آنکھوں میں جاتی رہے گی یہ بہار آخرِ کار

ڈوبے اچھلے ہے آفتاب ہنوز — کبھی دیکھا تھا تجھ کو دریا پر

مدت سے لگ رہی تھیں آنکھیں دیر حرم سے — پردہ اٹھا تو لڑیاں نظریں ہماری ہم سے

ان دنوں یاروں کی نظروں سے نہاں رہتے ہو — خوش رہو میر مری جان جہاں رہتے ہو

ہر صبح غموں میں شام کی ہے ہم نے س — خونابہ کشی مدام کی ہے ہم نے

یہ مہلتِ کم کہ جس کو کہتے ہیں عمر — مر مر کے غرض تمام کی ہے ہم نے

مدت کے بعد جی بہ حسال آتا ہے س — خاطر پہ جہاں جہاں ملال آتا ہے

مے وہ دن گئے جان لیں چلی جاتی ہے آہ — رہ رہ کے ہمیں یہی خیال آتا ہے

متاخّرین

(۲۴۲) **مصیب** : وارثِ رقمِ دقائق و حارثِ اجمِ حقائق، حارسِ محروسۂ رسوم و حاکمِ محکمۂ علوم، در گلشنِ فضل و کمال عندلیب، حضرت شاہ قطب الدین، المتخلّص بہ مصیب۔ برادرِ بزرگوارِ شاہ اجمل کہ پیشتر مذکور شد۔ از فرزندانِ شاہ خوب اللہ الہ آبادی۔ فاضل و عالم، شاعرِ عربی و فارسی۔ گاہ گاہ سے برائے خاطر ریختہ گویانِ آں دیار ریختہ ہم می فرمود۔ از چندے

فقیرانہ آئے صدا کر چلے　　میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے
دو کیا چیز ہے آہ جس کے لیے　　ہر اک چیز سے دل اٹھا کر چلے
دکھائی دیے یوں کہ بے خود کیا　　ہمیں آپ سے بھی جدا کر چلے
کوئی ناامیدانہ کرتے نگاہ　　سو تم ہم سے منہ بھی چھپا کر چلے
کہیو قاصد جو وہ پوچھے ہمیں کیا کرتے ہیں　　جان و ایمانِ محبت کو دعا کرتے ہیں
بے بسی سے تو تری بزم میں ہم بہرے بنے　　نیک و بد کوئی کہے بیٹھے سنا کرتے ہیں
اُس کے کوچے میں نہ کر شورِ قیامت کا ذکر　　ایسے ہنگامے تو یاں روز ہوا کرتے ہیں
ن دلِ پرخوں ہے یہاں تجھ کو گماں ہے شیشہ　　شیخ کیوں مست ہوا ہے تو کہاں ہے شیشہ
ن شیشہ بازی تو ٹک اک دیکھنے آ آنکھوں کی　　ہر مژہ پر مری اشکوں سے رواں ہے شیشہ
ن جا کے پوچھا جو میں کل کارگہِ مینا میں　　ق　دل کی صورت کا بھی اے شیشہ گراں ہے شیشہ
ن کہنے لاگا کہ کدھر بہکا پھرے ہے اے مست　　جس طرح کا جو تو چاہے تو یہاں ہے شیشہ
ن دل ہی سارے تھے یہ اک وقت میں جو کر کے گداز　—　شکل شیشے کی بنائے ہیں کہاں ہے شیشہ؟
گرم ہیں شور سے تجھ حسن کے بازار کئی　　جلتے ہیں رشک سے یوسف کے خریدار کئی
کب تلک داغ دکھائے گی اسیری مجھ کو　　مر گئے ساتھ کے میرے تو گرفتار کئی
دن نہیں، رات نہیں، صبح نہیں، شام نہیں　　وقت ملنے کا مگر داخلِ ایام نہیں
بے قراری جو کوئی دیکھے ہے سو کہتا ہے　　کچھ تو ہے میر کہ اک دم تجھے آرام نہیں
نہیں وسواس جی گنوانے کے　　ہائے رے ذوق دل لگانے کے　ن
میری تغییرِ حال پر مت جا　　اتفاقات ہیں زمانے کے　ن
دمِ آخر ہی کیا نہ آنا تھا　　اور بھی وقت تھے نہ آنے کے
رنج کھینچے تھے داغ کھائے تھے　　دل نے صدمے بڑے اٹھائے تھے
کچھ نہ سمجھے کہ تجھ سے یاروں نے　　کس توقع پہ دل لگائے تھے

سرکارِ نارنول کہ قصبہ ایست از دارالخلافہ شاہ جہان آباد، از شاگردانِ میرزا مظہر جانِ جاناں۔ پیشتر واقف تخلص داشت، چوں از شاہ واقف شد منشی نمود۔ در انشا پردازی خیلے مربوط است۔ شعر فارسی خوب می گوید و ریختہ ہم۔ از چندے واردِ فیض آباد است۔ خوش اوقات و پاکیزہ صفات۔ تلاشِ حرف تازہ می نماید۔ خدا سلامتش دارد۔ از وست:

سجن تیرِ نگہ سے کر مرے دل کو نشاں اپنا — کہ میں قرباں کیا ہے تجھ کماں ابرو پہ جاں اپنا
چُرا لیتا ہے نقدِ حسن کو آئینہ آنکھوں میں — خدا کے واسطے ٹک کر حیا کو پاسباں اپنا
گر پیاسا ہے زخمِ دل تری بیداد کا ظالم — کہ تر کرتا ہے آبِ تیغ سے ہر دم دہاں اپنا
نہ پہنچے مجھ کو آفت ہرگز اس گردوں کی گردش سے — زمینِ خاکساری کو کیا میں آسماں اپنا

(۲۴۶) **مسافر**: مسافر تخلص نمی دانم از کیست و کجائیست۔ ایں قدر می دانم کہ از معاصرینِ من ست۔ یک شعر از و بہ گوش خوردہ۔ از کلامش چاشنیِ تصوف می آید۔ از وست:

اب چھوڑ کر کنشت جو کعبے کو جائیے — واں بھی یہی صنم ہو تو کیا منہ دکھائیے

(۲۴۷) **محب**: شیخ ولی اللہ، المتخلص بہ محب۔ مردے ست نوکری پیشہ، خوش اندیشہ۔ اصلش از شاہ جہان آباد ست از شاگردانِ مرزا محمد رفیع سودا۔ سخنِ او خالی از لطف نیست۔ پیشِ مہرباں خاں بہ طرفِ فرخ آباد بہ سر می برد۔ از وست:

عارض اُس کے تھے عرق سے یوں سحر بھیگے ہوئے — جس طرح شبنم سے دو گل برگِ تر بھیگے ہوئے
اشک سے مژگاں ہیں نم تجھ تک پہنچتی نہیں نگاہ — مانع پرواز ہیں طائر کے پر بھیگے ہوئے

(۲۴۸) **مفتوں**: میاں کاظم علی، المتخلص بہ مفتوں از جوانانِ الہ آباد ست۔ گاہ گاہ فکر می نماید۔ سلامت باشد۔ از وست:

برائے زیارتِ مکۂ معظمہ رفت، بعد از مراجعتِ منزلِ مقصود جاں بہ جاں آفریں سپرد، نوّر اللہ مرقدہٗ۔ از وست:

سیاہ بخت کے گھر کون ہے جو لائے چراغ ‌ ‌ ‌ ‌ مرے مزار پہ جلتا ہے دل بہ جائے چراغ

مشکل کہ پہنچے اُس صفِ مژگاں میں دل نصیب ‌ ‌ ‌ ‌ کیوں کر سپاہی جائے فرنگی کی باڑ میں

(۲۴۳) **محزون**: مولوی غلام حسین، المتخلص بہ محزوںؔ، الٰہ آبادی، عالمِ بے نظیر و فاضلِ خوش تقریر، مبارزِ میدانِ دلائل، چابک سوارِ عرصۂ فضائل۔ شاعرِ فارسی بود۔ بندہ باوے ملاقات نہ کردہ، لیکن اکثر از زبانِ یارانِ آں دیار وصفِ آں بزرگوار شنیدہ۔ در اوائل چندے ریختہ ہم گفتہ۔ طبعِ دردمند داشت، از کلامش ظاہر ست۔ اصلش از شاہ جہان آباد بود، برائے تحصیلِ علم دراں شہر آمدہ، استقامت نمود۔ از بس کہ مدت ہا ماند مشہور بہ الٰہ آبادی شد۔ از مدتے جاں بہ جاں آفریں سپرد۔ رحمہ اللہ:

زمیں پر مت پٹک اس کو نہ ہے یہ سنگ سِل ہے ‌ ‌ ‌ ‌ ارے او بے مروت یہ کسی کم بخت کا دل ہے

کوئی نہ منع کرو اُس کو مے پرستی سے ‌ ‌ ‌ ‌ اجی یہ نامِ خدا عالمِ جوانی ہے

یہ نہیں ممکن کرے زاری دلِ ناکام کم ‌ ‌ ‌ ‌ گرچہ آنکھوں میں نہیں باقی ہے بہرِ نام نم

جب سے دل اٹکا ہے زلفوں میں نہیں کرتا ہے آہ ‌ ‌ ‌ ‌ صید کو لینے نہیں دیتا یہ کافر دام دم

بات کہنا غیر سے اور دیکھنا ہر دم ہمیں ‌ ‌ ‌ ‌ سب سمجھتے ہیں پیارے یہ تری ایہام ہم

(۲۴۴) **منت**: میر قمر الدین، المتخلص بہ منّتؔ، از نجیب زادہائے قصبۂ سونی پت۔ ہم راہِ نوابِ عماد الملک بہ کمالِ خوبی بہ سر می برد۔ حق تعالیٰ سلامت دارد۔ از وست:

منّت ایسے کو دل دیا تو نے ‌ ‌ ‌ ‌ اے مری جان کیا کیا تو نے

(۲۴۵) **منشی**: شیخ غلام احمد قادری، المتخلص بہ منشیؔ، ساکنِ دادری،

ہزار مرتبہ دیکھا ستم جدائی کا — ہنوز حوصلہ باقی ہے آشنائی کا

عشق کے غم سے کوئی عیش مقدم نہ سمجھ — یہ عجب طرح کی شادی ہے اسے غم نہ سمجھ م

ڈروں میں کس لیے رنجش سے یار میں کیا تھا — میں اب خزاں کو جو رو دوں بہار میں کیا تھا

جفائے یار نے کس طرح کر دیا مایوس — اور اپنی خاطرِ امیدوار میں کیا تھا

ترے ہی واسطے آئے عدم سے ہم یاں تک — وگرنہ ہستیِ ناپایدار میں کیا تھا

کوئی ہزار دعا مانگے یا کرے تعویذ — لکھا ہوا نہ مٹے کوئی کیا کرے تعویذ

میں تیرے داغ کو رکھتا ہوں اس لیے دل میں — کہ آشنا کا دیا آشنا کرے تعویذ

کیوں کے سرسبز ہو شاہی و گدائی کی ہوس — رہ گئی آہ مرے دل میں خدائی کی ہوس

بال و پر توڑ کے جب تو نے قفس کو سونپا — وہیں آخر ہوئی صیاد رہائی کی ہوس

طالبِ وصلِ بتاں پھر بھی ہوا ہے ممتاز — دل میں باقی ہے کچھ اک داغِ جدائی کی ہوس

گزرا کبھی شاید کہ وہ بے باک چمن میں — آتا ہے نظر جامۂ گل چاک چمن میں

اک روز میں ممتاز سے پوچھا کہ تو چل باغ — ٹک غنچہ و گل دیکھیو اور تاک چمن میں ق

اتنا ہی کہا سُن کے مری بات کو بھر آہ — بن یار کروں سیرِ چمن خاک چمن میں —

ہمارے رونے میں دل سے بخار اٹھتا ہے — کہ جیسے پانی کے چھڑکے غبار اٹھتا ہے

ہے اِن دنوں دلِ نالاں فرنگ کا گھڑیال — رہے رہے کبھی آپ ہی پکار اٹھتا ہے

عشق میں عرضِ تمنا مانعِ دیدار ہے — میرا ہی دستِ دعا منہ پہ مرے دیوار ہے

دل کے لے جانے سے کچھ خاطر پر اپنی تو نہ لا — چپ تو رہ ممتاز پھر دیوے گا آخر یار ہے

یاد اُس شوخ کی اس دل میں بھری رہتی ہے — لوگ کہتے ہیں کہ اس گھر میں پری رہتی ہے

گو کہ آنسو نہ بہے تو بھی ہے یاں نم باقی — چشمہ ہر چند کہ ہو خشک تری رہتی ہے

مت ہنر پر تو ہو نازاں مددِ بخت ہے شرط — قابلیت جو ہے ممتاز دھری رہتی ہے

جو کیفیت نہ ہو مے میں تو کیا خمار میں ہو — جو رنگ و بو نہ ہو گل میں تو کیا بہار میں ہو

شکایت کیا قیموں کی کروں اُس لاابالی سے | سمجھتا ہی نہیں کچھ نیک بد وہ خرد سالی سے

(۲۲۹) **ممتاز** : شاعرِ دردمند و گداز، حافظ فضل علی المتخلص بہ ممتاز۔ سررشتۂ طرزِ کلامش استوار و گلِ فکرِ بیانش رشکِ لالہ زار۔ بخشش شاعرانہ و طرزش استادانہ۔ مردے ست حافظِ قرآن، از شیخ زادہاے شاہ جہان آباد و از تلامذۂ میرزا محمد رفیع، سودا سلمہ اللہ۔ شنیدہ ام کہ الحال، بہ طرفِ دکن رفتہ۔ یک مثنوی مسمّیٰ بہ لاٹھی نامہ خوب گفتہ کہ سلسلۂ ادراکنا بہ عصاے کلیم رسانیدہ، و لیے مانندِ شاخِ گل بر و گل ہاے فکر دوانیدہ۔ چند بیتے ازاں بہ یادست، نوشتہ می شود۔ من مثنوی :

ہوتی ہے دنیا میں جو کچھ تحفہ چیز	سب سے ہے ممتاز کو لاٹھی عزیز
کوچ و مقام اُس کا ہے سب اپنے ہاتھ	جب کہیں چلیے تو ہے بے عذر ساتھ
ہاتھ میں رکھتے ہیں اُسے ہوش مند	ڈرتے ہیں سب اُس سے درندا و گزند
کھینچ نہ سکیے جہاں شمشیر و تیغ	اُس کو لگا بیٹھیے واں بے دریغ
اتنا کم آزار اور ایسا شفیق	اور بھی کوئی ہے کسی کا رفیق
کس میں یہ توفیق ہے کیجو خیال	ہاتھ پکڑ گرتے کو لیوے سنبھال
چوب نہیں دل بہ خوش خو ہے وہ	یار ہے وہ قوتِ بازو ہے وہ
اُس کے گھرانے کو جو کیجے خیال	چھوٹے بڑے جتنے ہیں سب ذی کمال
کوئی تو ہے خامۂ معجز طراز	کوئی ستم گر ہے نے نغمہ ساز
کوئی تو ہے ہم سرِ تیغ و قلم	نامِ بزرگاں بہ بزرگی علَم
اُس کے گھرانے کو بڑائی قدیم	دال ہے اعجازِ عصاے کلیم
بیہدہ رکھنے سے وہ وارستہ ہے	راستی اپنی پہ کمر بستہ ہے

غرض ازیں قبیل بسیار گفتہ و درہاے معانی سفتہ۔ من اشعارہ :

شعرِ خود بہ پیشِ میر ضیا، سلّمہ اللہ می گزرانَد۔ از مذاقِ کلامش بوے دردمندی می آید۔ از وست:

جی مرا از بس ترا محوِ خیالِ نور تھا — دل سے جو شعلہ اُٹھا تھا سو چراغِ طور تھا
دل میں سو سو بار اُس کے روبرو جانا مجھے — اِس میں سودائی کہے یا کوئی دیوانہ مجھے
کتنا سمجھاؤ کوئی شوخ مرا سمجھے گا — مجھ پہ جو کچھ کہ گزرتی ہے وہ کیا سمجھے گا
خط تو بھیجا ہے پر اب خوف یہی ہے دل میں — میں نے کیا اُس کو لکھا اور وہ کیا سمجھے گا
اب تو بھولا ہے تو باتوں پہ بتاں کی مجنوں — پر کوئی دن کو مرے یار بھلا سمجھے گا
تیری تو گرد کو بھی نہ ہرگز صبا لگی — اے میری خاک تجھ کو کہاں کی ہوا لگی
نہ دل ہے نہ جگرِ داغ دار پہلو میں — بسا ہے آکے کوئی بے قرار پہلو میں
جب سے آیا ہے وہ مکھڑا نظر آئینے کو — تب سے اپنی بھی نہیں ہے خبر آئینے کو
بھول کر منہ کے تئیں اپنے کہیں دیکھا تھا — بے خودی ہے اِدھر اُس کو اُدھر آئینے کو
سر سے لے پاؤں تلک آب ہوا جاتا ہے — لگ گئی واے یہ کس کی نظر آئینے کو
کچھ اور تو نہ اپنے دل کا سراغ پایا — پھر پھر اُسی جگہ پر سینے میں داغ پایا
گرتا ہوا ہت ایک زمیں آسماں رہوں — مانندِ ریگِ شیشۂ ساعت جہاں رہوں
ڈرنا ہی مناسب تھا دلدار کی آنکھوں سے — مارا نہ مجھے آخر کس پیار کی آنکھوں سے

(۲۵۲) **منشی**: عجائب رام، منشی تخلص، از شاگردانِ شاہ قدرت در مرشد آباد بہ سر می برد۔ از مردمانِ ہماں دیارست۔ گاہ گاہ فکرِ شعر می نماید۔ ظاہرا منشی ہم باشد۔ از وست:

تیرے دل سے گرہ کینہ کوئی تب کھولے — غوطہ گر مار سکے آب گہر میں ناخن

(۲۵۳) **مستمند**: از موزونانِ جہاں، یار علی خاں، ساکنِ شاہ جہاں آباد، صاحبِ طبع و دردمند، المتخلص بہ مستمند۔ از شاگردانِ میرزا فدوی ست۔ از وست:

جلا پتنگ تو روتی ہے اُس کے حال پہ شمع
بلا سے یہ بھی کہیں طور اپنے یار میں ہو

شکر تو جبر نصیحت کا ہم پہ ہے ای ممتاز
سخن تو کہتے ہیں اُس سے جو اختیار میں ہو

بے نیازی عشق کی وہ کچھ تمھارا ناز یہ
اُس کا کیا انجام ہوگا جس کا ہے آغاز یہ

(۲۵۰) محترم : از موزونانِ جہان و خوش گویانِ زماں، خاں صاحبِ مہرباں، محترم خاں، [۱] المتخلص بہ محترم۔ جوانے ست خوش معاش و یار باش، نوکری پیشہ۔ ہم راہِ برادرِ خود، خواجہ محمدی خاں کہ صاحب رسالہ در سرکارِ نوّاب قاسم علی خاں بہادر بود، عمدہ روزگار ماندہ۔ ہمہ برادرانش شوقِ شعر دارند۔ دراں میاں از ہمہ طرزِ کلامش مؤثر۔ از شاگردانِ شاہ رکن الدّین، عشق تخلص۔ با فقیر بسیار آشناست۔ خدایش بہ سلامت دارد۔ از وست:

جو دل سے گرے اہلِ دل تو کہے وہ کدھر کا
دنیا کا نہ دیں کا نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا

آہ ہم سیر کو کہاں جائیں
یار بن سونی ہیں سبھی جائیں

کوئی تیرا خیال جاتا ہے
دل کو ہر چند یار سمجھائیں

ملنے کی میاں ترے ہوس کر
رہ جاتا ہے ہائے دل ترس کر

ہزار گر لبوں پر آ میری جان پہنچے
تو بھی نہ دیکھنے کو وہ بدگمان پہنچے

پیغام تو جنوں کے آنے لگے ہیں مجھ تک
شاید بہار کے دن نزدیک آن پہنچے

جس نے دیکھی ہو یار کی صورت
کب خوش آئے بہار کی صورت

محترم کیا بیاں کروں تجھ سے ق
اس دلِ داغ دار کی صورت

خون ہو کر سرشک ہوتا ہے
اُس میں کھنچتی ہے یار کی صورت

پوچھوں اُس کو اگر میں امن سے
شکل پکڑے نگار کی صورت

یعنی مٹتی نہیں ہے آنکھوں سے
ہائے رے ہائے یار کی صورت

(۲۵۱) مجنوں : مجنوں تخلص شخصے ست در عظیم آباد۔ طبعِ موزوں دارد۔

بندہ معنیِ ایں مطلع ہیچ نہ فہمید، برائے نام قلمی نمودہ، الّا دریں شعر سوائے مناسبتِ خال و سویدائے دل معنی او ربطِ کلام پیدا نیست۔

(۲۵۶) **معین**: شہرستانِ معانی و باغستانِ سخن دانی طبعش بہ غایت متین، نظمش نہایت مبین، شیخ محمد معین الدین المتخلص بہ معین از شہر بدایون ست۔ طرزِ کلامش شاعرانہ و طبعِ دقت پسندش بر نکتہ چینی دلدادہ۔ اکثر با شعرائے معاصرین بحث دارد۔ چناں چہ یک بار بہ شعرِ فقیر اعتراضِ بے جا نمود، ہر چند فہمانیدم نہ فہمید۔ سندِ میرزا رفیع دادم قبول نہ کرد۔ گفت دیوانِ میرزا من صحیح دارم، در و ایں طور نیست۔ غرض ہر جا کہ ہم چنیں لفظے یابد دیوانِ استادِ خود را موافقِ طبعِ خود درست می کند، و سخنِ خود را سرسبز مے نماید۔ چوں از شہر بدایون ست حق بہ جانبِ او ست، لیکن با وجودِ ایں ہمہ خود آرائی و خود پسندی مثلِ او ہم صاحبِ طبع پیدا نیست۔ مثنوی و قصیدہ و ہجو ہمہ خوب می گوید۔ ہجوِ کشمیری و قصیدۂ در مقدمۂ آب بُرد کہ ہندی ڈوبا می گویند بسیار بہ آب و تاب گفتہ۔ مدتے در الہ آباد بہ سر بردہ، الحال، شنیدہ ام کہ بہ طرفِ خیر آباد ست۔ خیر آباد باشد۔ از وست:

ویں جگہ تیری جفا کو دلِ صد چاک میں ہم — دیکھیں گر کچھ بھی وفا تجھ بتِ بے باک میں ہم
نقشِ پا کی نمط اے راحتِ جانِ عاشق — تیرے قدموں سے جدا ہو کے ملے خاک میں ہم
لختِ دل نہیں یہ جو ہے نکلے ہے نت قاصدِ اشک — پرزے جان اپنے کے بھیجے ہیں تجھے ڈاک میں ہم

ایں مضموں بسیار خوب ست لیکن، بندشش درست نیست۔ ہر کہ محاورہ دانست می داند۔

خوش ہم عریانی سے اپنی ہیں بہ رنگِ گل — نکلے جاتے ہیں ٹھہرتے نہیں پوشاک میں ہم

"خوش ہم عریانی" ناموزون ست، چرا کہ میم بارزا چنان چسپیدہ است

بھلی لیئے خبر صیاد آیا — موئے جب ہم اُسے تب یاد آیا
نزع تک وصل کی ہے یار امید — ہے مثل ایک دم ہزار امید
لگی ہے جس قدر میرے دلِ بے تاب میں آتش — نہ دیکھی ہو گی تو نے شمع ایسی خواب میں آتش

(۲۵۴) مائل : میاں محمدی، مائل تخلص از ساکنانِ شاہ جہان آباد ست۔ الحال، در مرشد آباد استقامت دارد، و شعر خود را پیشِ شاہ قدرت می گزراند۔ فکرِ معقولے دارد۔ سلامت باشد :

جلوہ گر نے مدرسے ہی میں ترا ای جانانہ تھا — دیر بھی دیکھا تو تیرا خاص خلوت خانہ تھا م
حال کہنے کی نہ دی گریے نے فرصت رات کو — آج پھر کہیو اُسے مائل وہ کیا افسانہ تھا م
کیوں نکالے ہے مجھے ہر گھڑی اپنے گھر سے — میرے رہنے سے تجھے کیا ہے خلل جاؤں گا م
غیر کے پاس کھڑا تھا میں کہا جا یاں سے — لگا کہنے کہ تجھے کیا ہے بے چل جاؤں گا م
تو تو مجھ پہ ہو کے غصہ ایک دم سوتا رہا — شمع کے مانند ساری رات میں روتا رہا م
معلوم کچھ نہیں دلِ غم خوار کی خبر — کیا جانیے کہ کیا ہے مرے یار کی خبر م
بازاریوں نے گو تجھے کچھ کچھ کہا تو کیا — کب معتبر ہے کوچہ و بازار کی خبر م
کیا کیا کہوں میں تجھ سے دلِ زار کی ہوس — مشہور ہے جہان میں بیمار کی ہوس م
ہونے دے قیمت آگے ہی ای دل لگا نہ جا — دیکھیں کہاں تلک ہے خریدار کی ہوس م
کہتا نہ تھا کہ باز آ ہر دم کی اس ہنسی سے — آخر گیا نہ ظالم اک بے گناہ جی سے م
کچھ تعجب نہیں گر مر گیا تیرا مائل — یار کیا لگتا ہے انسان کے مر جانے کو م
مارا مجھے تو فکر نہ کر تو کہ یہ تو بات — مشہور ہے کہ مار کے پیچھے سنوار ہے م

(۲۵۵) منتظر : منتظر تخلص۔ شخصے ست در مرشد آباد۔ احوالش معلوم نیست۔ ہمیں مطلع بہ گوش رسیدہ :

جبکہ برقع سے تمہارے منہ کا تل آئے باہر — دید کو اُس کی سویدائے دل آئے باہر

حسین، عمدہ روزگار، اصلِ او از شاہجہان آباد ست۔ مدتے در خدمت فراش خانۂ سرکارِ نواب عالیہ سرفراز بود، از چندے معزول شدہ، بہ وطنِ خود رفت۔ از شاگردانِ شاہ واقف۔ جستہ جستہ خوب می گوید۔ با فقیر نیز آشنا ست۔ خدا سلامت دارد:

ہاں نکلتا ہو کبھی نالہ جگر سے باہر
اِن دنوں تیری ہے تاثیر اثر سے باہر
شب کو خورشید صفت صبح کو مانندِ ہلال
دیکھنا اُس کا تو ہے شام و سحر سے باہر
لے جا تو دل کو یوں تو ترا اعتبار ہے
پر شرط اس زمانے میں قول و قرار ہے

(۲۵۹) **محمّد علی خاں**: محمّد علی خاں، ولد نعیم اللہ خاں، مشہور بہ بہ مرزا ای، مردے ست بہ کمالِ قابلیّت و انسانیّت خوش معاش و عمدہ روزگار، در سرکارِ نوّابِ عالیہ اکثر بہ خدماتِ و در دست سرافراز می شود۔ در علمِ موسیقی ہم دستے بہم رسانیدہ، و ذوقے پیدا کردہ۔ بیشتر مشغول بہ ہمین ست، گاہ گاہے دو سہ شعر ہم می گوید۔ حق تعالیٰ سلامت دارد:

جو کوئی کسی کو یار کلپائے گا
یہ یاد رہے وہ بھی نہ کل پائے گا
اِس دورِ مکافات میں سُن اے غافل
بیداد کرے گا آج کل پائے گا

(۲۶۰) **محشر**: مرزا علی نقی، محشر تخلص از کشمیر ست، در بلدۂ لکھنؤ استقامت دارد، لیکن واقعی کہ تخلص قیامت دارد۔ سلامت باشد۔ از وست:

دریا میں لے کے لاش کو میری بہا دیا
قاتل نے میرے قتل کا یہ خون بہا دیا

(۲۶۱) **مصحفی**: بہارستانِ باغِ سخن دانی و چمنستانِ گلزارِ معانی، شیخ ہمدانی، المتخلص بہ مصحفی، طبعِ روشنش جدولِ کتابِ فصاحت

کہ معنی چشمِ غزال از میاں گم کردہ ست ، و ایں سخت عیب ست - نیز از وست :

چھپے تاروں سے راتوں کو معینؔ ان اپنے — آہ کب تک ہیں گے گردشِ افلاک میں ہم
یہ جانِ تاب و تبِ عشق سے جلی افسوس — کسی نے آن کے اک دم خبر نہ لی افسوس
. . . . — نہ آیا یار دو پہری بھی اب ڈھلی افسوس

مصرعِ اولیٰ از خاطر رفتہ است - ایں محاورہ درست نیست ، مردمِ شاہ جہان آباد "دو پہر ڈھلی" می گویند ، نہ "دو پہری" مگر مردمِ بیرونجات -

اٹھائے دیتے ہیں اہلِ محلہ اس کو آج — معینؔ سے چھٹتی ہی پیارے تری گلی افسوس
بہ تاب ہو پتنگ جو فانوس میں ہو شمع — یا رب کوئی اسیرِ بتِ خانگی نہ ہو

مضمونِ خوبے یافتہ مگر لفظِ "بتِ خانگی" نامانوس ست فقیر در ہیچ جا نہ شنیدہ -

میاں یہ آرسی ہر اک کو منہ دکھاتی ہے — تو ایسی قحبہ سے کیوں انکھڑیاں لڑاتا ہے

(۲۵۷) **مجنوں** : شاہ مجنوں ، مجنوں تخلص ، نو مسلم ، نبیرۂ بشن ناتھ کہ دیوانِ محمد شاہ بود - پدرش نیز ہماں مذہب داشت ، ایں غریب مسلماں شدہ ، لیکن ، تا حال بوئے کفر و نفاق از دلش نہ رفتہ - سر و پا برہنہ با حالِ پریشاں می گردد - پیشتر حسرت تخلص داشت ، بعدہٗ حافی نمود ، چوں بہ صحبتِ میر انشاء اللہ رفت مجنوں تخلص کرد - خود را از شاگردانِ میر تقی می شمارد ، لیکن ، ہماں مثل ست "خرِ عیسیٰ اگر بہ مکہ رود ، باز آید ہنوز خر باشد" - از وست :

پھر اب یہ چرچا ہے کل دو دن قرار ٹھہرا — کہتا ہے مجھ سے چل بے تو کب کا یار ٹھہرا
بوسے کے بدلے گالی دے بیٹھا مجھ کو جیسے — تو اپنے منہ سے آپ ہی بے اعتبار ٹھہرا

(۲۵۸) **مخلص** : بدیع الزماں خاں ، المتخلص بہ مخلص جوانے ست

کوئی خوابیدہ ہم سے جاگتے ہیں
ندا تنی سی اے بانگِ جرس کر

جہاں کا گل بنے وہ شوخ یا رب
مجھے تو اس چمن کا خار و خس کر

ہے اس کی آئینے میں خط و خال پہ نظر
کرتا ہے کب ہمارے وہ احوال پر نظر

قلیاں ہوا ہے جب سے لبِ یار کا ندیم
مشتاقِ بوسہ رکھتے ہیں نہنال پر نظر

اک حشرِ تازہ ہوئے گا دیوانِ حشر میں
جب ہم کریں گے نامۂ اعمال پر نظر

یار یہ دونوں اگر کم ہوں تو کم ہی بہتر
نہ ترا پیار بھلا اور نہ ستم ہی بہتر

اور نا فہم مری جان کوئی کیا سمجھے
کہ سمجھتے ہیں تری بات کو ہم ہی بہتر

آ چکا خط یہ سرِ مو نہ گیا ناز ہنوز
ہے اسی ڈھب پہ نگاہِ غلط انداز ہنوز

بے پر و بال کیا تو بھی قفس میں مجھ کو
چین دیتی ہی نہیں شوخیِ پرواز ہنوز

ہوں میں اے مصحفی آئینہ تہِ زنگ ولے
مجھ سے غافل ہے مرا آئینہ پرداز ہنوز

ہے دل پرویں میں تو ہی عاشقوں کا اک خوں ریز
لہو بھرا ترا دامن ہے ہم کو دست آویز

اٹھا غبار تو وہ بھی ہوا مشابہِ خط
سوائے ہند کے دیکھی نہ خاک قابل خیز

بادل سے برستے ہیں مرے دیدۂ تر روز
ساون کا سا گزرے ہے میاں مجھ پہ تو ہر روز

اغیار کی مجلس میں جو تم جاتے ہو شب کو
آ رہتی ہے اس بات کی ہم تک بھی خبر روز

اے مصحفی اس کوچے میں دل بس کہ لگا ہے
جاتے نہیں اور کرتے ہیں ہم عزمِ سفر روز

شوق سے لکھیے اگر جانبِ جاناں کاغذ
ہو کبوتر کی طرح آپ پر افشاں کاغذ

دل بہ دل راہ جنھیں ہوتی ہے وہ آپس میں
بھیجتے رہتے ہیں بہت غیرتِ پنہاں کاغذ

پُر زے پُر زے جو کوئی ہو سو لکھے نامۂ شوق
بھیجنا یار کو ایسا نہیں آساں کاغذ

ہوئی ہے بس کہ یہ فصلِ بہار دامن گیر
چلیں چمن سے تو ہوتا ہے خار دامن گیر

سمجھ کے رکھیو قدم دل جلوں کی تربت پر
مبادا ہو کوئی تیرا شرار دامن گیر

دفعتاً اے یکِ نگہ دیدۂ تر ہے درپیش
دن میں برسات کے جاؤں رہ میں خطر در پیش

نگہ بیانش مسطرِ بیاضِ بلاغت۔ رنگینیِ نظمش سرخیِ بابِ گلستانِ و پیچیدگیِ الفاظش چوں سنبلِ بوستاں۔ از نجباے امروہہ، مولدش اکبرپور کہ قصبہ ایست متصلِ دہلی، وطنِ بزرگانش از قدیم۔ الحال، در شاہ جہاں آباد بہ پیشۂ تجارت بسر می برد۔ از دیوانِ او دو سہ جزو بہ نظر در آمدہ، قصیدہ و غزل و مثنوی ہمہ خوب۔ کلامش بیشتر شاعرانہ۔ از تخلصِ او معلوم می شود کہ مردے صالح ست۔ براے حجام پسر مثنویِ خوب گفتہ، چناں چہ ایں چند شعر قلمی سے نماید۔ از مثنویِ اوست:

زبس آئینہ رو ہے طفلِ حجام
نہیں بن دیکھے اُس کے دل کو آرام

جو دیکھے انگلیاں وہ گوری گوری
بنے خورشید پانی کی کٹوری

وہ جس کے روبرو ناگاہ آیا
اُسے حیرت نے آئینہ دکھایا

ملا جب آئینے کو ایسا نائی
بتائی چار ابرو کو صفائی

جو کھینچے خامۂ مو اُس کی تمثال
کہ وہ ہے عاشقوں کی ناک کا بال

سنے ہے مصحفی اب تو بھی فی الحال
منڈا کر سر کو ہو جا فارغ البال

من غزلیاتہ:

بہم زنِ تقریر نہیں پیر و جواں کا
جوں غنچہ میں عقدہ ہوں پر اپنی ہی زباں کا

پیری میں او ربھی ہوئے غافل ہزار حیف
بے اختیار رہ گئی ہم کو یہ خوابِ صبح

گل کترے نہ بلبل مری فریاد کے آگے
سر سبز ہو شاگرد کب استاد کے آگے

ایک دن رو کے نکالی تھی میں وہ ان کلفتِ دل
اب تلک دامنِ صحرا ہے غبار آلودہ

تلخ ہو بولنے میں اُس کے ادا ہے کچھ اور
چھیڑ کر گالیاں کھانے میں مزہ ہے کچھ اور

مار ڈالا ہے مجھے زلف کی دکھلا کے شکن
بے وفائی پہ بھی کتنا جفا ہے کچھ اور

دلا تا چند آہ و نالہ بس کر
کوئی دم تو بھلا ضبطِ نفس کر

مجذوب بہرِ سجدہ و منت تھی شیخ سے
پھر رہے ہیں سبحۂ زنار کے لیے

ہمیں کیا لطف ہے منہ دیکھنا واں یار کا اپنے
جہاں وعدہ اُسے عالم سے ہو دیدار کا اپنے

کیا ہے دل نے مستغنی وصالِ یار سے ہم کو
تصور دل میں نت رہتا ہے اُس دلدار کا اپنے

گھر امن کا آسی کو ملا آسماں تلے
جس نے جہاں میں آن کے مسمار کی ہوس

بتاں قربانیِ عشاق کی تمہید کرتے ہیں
لگا مہندی کو ہاتھوں میں یہ ظالم عید کرتے ہیں

کہو کس طرح تم سے بحث کر میں پیش لے جاؤں
تمہارے ہی سخن کی مل کے سب تائید کرتے ہیں

بھڑک اُٹھتا ہے شعلے کی طرح ہر نخل ای بلبل
چمن میں گر ترے نالے کی ہم تقلید کرتے ہیں

خط بھی نکلے گا ترے ای ماہ دن دو چار میں
غیر کی معلوم ہو گی چاہ دن دو چار میں

ابھی مجذوب اُس صنم کے قول پر بھولا ہے تو
یاد آئے گا تجھے اللہ دن دو چار میں

آہ میں اپنی ثمر ڈھونڈتے ہو ای مجذوب تو
سرو میں ہم نے لگیں اب تک پھلیاں دیکھیاں

عداوت ہے تمہاری کچھ اگر ہوئے تو میں جانوں
بھلا تم زہر دے دیکھو اثر ہوئے تو میں جانوں

تمہارا ہم سے جو عہدِ وفا ہے اُس کی تم جانو
مرے بیاں میں کچھ نوعِ دگر ہوئے تو میں جانوں

نہ اندیشہ کرو پیارے کہ شب ہے وصل کی تھوڑی
تم اپنی زلف کو کھولو سحر ہوئے تو میں جانوں

اشراف یا کمینہ طلب گار ہو کوئی
دوں گا آسی کو دل جو طرح دار ہو کوئی

نہ سایۂ چمن میں، نہ صیاد کے حضور
یارب مری طرح نہ گرفتار ہو کوئی

دیکھوں جو میں نقاب میں رخسار گاہ گاہ
حق کا بنظر پڑے ہے یہ اسرار گاہ گاہ

ہر وقت کی طلب سے مبادا اُسے ہو قدر
دل مانگتا ہے مجھ سے وہ عیار گاہ گاہ

گزرے ہے بلبل خیالِ وطن جوں کرے ہے یاد
خو کردۂ قفس گل و گلزار گاہ گاہ

طاقت کہاں کہ حال کہے اب طبیب سے
ٹھنڈی بھرے ہے سانس یہ بیمار گاہ گاہ

رسوا تمہیں ہوا ہوں کہ ناصح کی بات کا
کر بیٹھتا ہوں دل میں میں اقرار گاہ گاہ

آئے بھی مسیحا مری بالیں پہ تو کیا ہو
بیمار یہ ایسا تو نہیں جس کو شفا ہو

دلِ حیراں کی مرے دیکھیے صورت کیا ہو — اب تو واں آئینہ بھی آٹھ پہر ہے درپیش

کرے ہے جوں جوں اپنے حسن کی وہ شوخ آرائش — ہمارے عشق کی ہوتی ہے یاں اتنی ہی افزائش

نہیں کچھ مصحفی اتنا تو مفلس سوچتے کیا ہو — بہ طورِ امتحاں کیجے کبھی اُس سے بھی فرمائش

دیکھ لیتے ہیں ہم اِس سے گاہ گاہے روئے گل — تا ابد رہیو سلامت چاکِ دیوارِ قفس

ہے نہاں داغِ جگر زخمِ نمایاں کے تلے — جس طرح لالہ کہیں ہو گلِ خنداں کے تلے

آشیاں بندی کی تکلیف نہ کر ہم کو ہوس — گر رہیں گے کسی دیوارِ گلستاں کے تلے

(۲۶۲) **مجذوب**: فصاحت بیان و بلاغت نشاں، بہار پیرائے عبارتِ خوش اسلوبی، چمن آرائے معانیِ مرغوب، میرزا غلام حیدر، المتخلص بہ مجذوب، خلف استادِ استاداں میرزا محمد رفیع سودا، سلمہ اللہ تعالیٰ۔ اگرچہ دیر آشناست، لیکن با ہر کہ آشناست آشناست۔ علوِ طبیعتش باوجودِ سخن دانی بہ خاموشی مربوط، و مزاجش بہ کمالِ کم گوئی مبسوط۔ لحق:

'خاموشیِ کہ داشت علی از کمال داشت — آبِ گہر بہ موجِ صدا نیست آشنا'

گاہ گاہ از غزل و شعر فکر می نماید۔ خدایش سلامت دارد۔ از وست:

اشک آنکھوں میں ہو عشق سے تا دل میں غم رہے — یہ گھر ہے وہ خراب جو آتش سے نم رہے

چھوٹے اگر قفس سے تو خاموش عندلیب — صیاد نے سنا یہ ترانہ تو ہم رہے

چمن میں حسن کی مے جب وہ گل اندام لے آیا — ادھر غنچہ صراحی اور اُدھر گل جام لے آیا

عجب قسمت ہے اپنے دل کی بازارِ محبت میں — جو کوئی صبح اِس کو لے گیا تو شام لے آیا

خوباں سے جو دل ملا کرے گا — دھڑکا ہے یہی کہ کیا کرے گا

شکر ہم اِس طرح جہاں سے چلے — یاد ہی کچھ نہیں کہاں سے چلے

چاہوں مدد کسی سے نہ اغیار کے لیے — میں بھی تو یاد کم نہیں دو چار کے لیے

طوبیٰ کے نیچے بیٹھ کے رووں گا زار زار — جنت میں تیرے سایۂ دیوار کے لیے

پھر ہو بادل شدگاں درپے آزار فلک
متصل چھیڑ کے ہو نا سورِ پہ چھاتی کے نمک

در شادی :

ماہ نے کھول دیا ہو کفِ سیمیں اپنا
دوسرا ہاتھ چھپایا تو بجایا دستک

نشۂ عیش سے ہو سرو یہاں تک سرشار
کر لیا چاہے ہو غنچے کے نمکدان سے گزک

حسن کے غلوتیاں بزمِ حنا بندی میں
شعلے سے باندھیں ہیں پھلانے کے پاؤں پہ کنک

محفلِ عیش میں بلبل نے بجائی شہنا
گوشۂ باغ میں غنچے نے اُٹھائی ڈھولک

درمدحِ معشوقاں :

غمزہ یہ گرم کہ ہو برق زنِ خرمنِ عمر
عشوہ یہ ظلم کہ ہو رہ زنِ قومِ نزدک

چشمِ آشوبِ قیامت سے لکھائے محضر
صفِ محشر کو الٹ مارے ہو ہر ایک پلک

شعلۂ حسن کی گرمی سے عرق ریز جبیں
دیکھی ہو گی کبھی مہتاب میں موتی کی ڈھلک

قلقلِ شیشہ یہ کہتا ہو کہ مت بیٹھ خموش
جام مارے ہو صفِ بادہ کشاں پر چشمک

ساقیِ شوخ کہے ہو کہ غنیمت ہو وقت
ساغرِ عمر تو لب ریز ہو مت جائے چھلک

شیخ اگر کچھ بھی ہو غیرت کی ترے دل میں ترنگ
ساغر و شیشہ اُٹھا سبحہ و سجادہ پٹک

جشنِ نوّابِ فلک رتبہ محبّت خاں ہو
جس کی شادی میں ہیں سب چھوٹے بزرگ و کوچک

سرودِ روہیلہا :

لختے زادوں کو جو دیکھو تو یہ ہنگامِ سرود
مچ رہا ہو یہی غل رعشہ ہلک ہلک

تعریفِ اسپِ ممدوح :

وہ جو گل گون سواری کا ہو تیری مخصوص
کیا کہوں وصف یہاں عقل چلی جائے بہک

ہو نو نعل ہلالِ ادہر کا کہکشاں بہرِ قطاس
اُس کی مدرس ہو فلک پر یہ مرصع اور تمک

کیا بیاں جلدی کا اُس کی ہو کہ جوں مرغِ دعا
ہاتھ اُٹھانے میں گیا فرش سے لے عرش تلک

گر مصوّر کرے تصویر کو اُس کی منظور
قبضۂ وہم سے اڑ جائے ہو بے شبہ و شک

مجذوب تیرے ہجر میں دیکھ تو ہے یوں نالاں
بندہ کبھی جو بیٹھے ہے تو گاہ خدا ہو

جور و جفا پہ یار کی دل مت نگاہ کر
اپنی طرف سے ہوئے جہاں تک نباہ کر

مجذوب گر ہے خواہش عشق بتاں تجھے
ایمان و دین و دل کو تو پہلے تباہ کر

ہم سے جو خفا غیر سے نرباہ کرے ہے
یوسف تو مرا اوروں کی اب چاہ کرے ہے

زلفوں کی گرہ دینے سے کچھ فائدہ ای یار
ناحق تو مری عمر کو کوتاہ کرے ہے

اعجاز جو تجھ لب کے کرے گوش فلک پر
عیسیٰ کے رہیں دم کے نہ پھر ہوش فلک پر

پھرتا تجھے خورشید جو دیکھے بہ سر بام
گردش کو کرے اپنی فراموش فلک پر

تیری ہی بن کے رہتا ہوں میں سخت ایک دو
ہیں غیر میرے سامنے کیا سخت ایک دو

خط آئے پہ یہ کثرت عشاق پھر کہاں
مجذوب سے رہے کوئی کم بخت ایک دو

بد کہنے کو کسی کے معیوب جانتے ہیں
اپنے تئیں کو یارو ہم خوب جانتے ہیں

خاطر میں کون لائے میرا سخن کہ مجھ کو
سودا کا سن کے بیٹا مجذوب جانتے ہیں

(۲۶۳) **مدّعا**: میر عوض علی، اصلش از شاه جهان آباد است۔ مرد بشاش، کشاده پیشانی، خوش معاش، متواضع و یار باش۔ شاعر بے نظیر و منشیِ خوش تحریر، مخزنِ اشعارِ غرّا، معدنِ انشا و املا، المتخلص بہ مدّعا۔ طبیبِ خوش نصیب، بہ حذاقت قریب۔ بہ عنایاتِ یزدانی از راهِ قدرشناسی و نکته دانی خانِ عالی شان، خلفِ حافظ رحمت، عنایت خان غفر اللہ لہ، سہ صد روپیہ می داد۔ چندے در بریلی اقامت داشت، الحال معلوم نیست کہ کجاست۔ لہذا اشعارِ ریختۂ او کم بہ نظر آمده، مگر این چند بیت کہ در تہنیتِ شادیِ خانِ بلند مکان، محبت خان، سلمہ اللہ در زمینِ قصیدۂ لیک ٹیک گفتہ، چنان چہ بہ نگارش می آید۔ بعضے مضامینِ تازه یافتہ، و زبانِ فاغنہ بستہ است۔ خدایش سلامت دارد۔ از وست:

دل بر تو مرا کل سے نہیں ناصح مشفق — آج اور تماشا ہی کہ دل پر میں نہیں ہی
نہیں ملتا ہی تو مجھ سے بتِ خودکام کس باعث — نہ ملتا تھا تو پھر مجھ کو کیا بدنام کس باعث
یوں دیکھتا ہوں زلف سیہ فام کی طرف — گھبرا کے صید دیکھے ہی جوں دام کی طرف
جی چاہے بوسہ دے مجھے جی چاہے اور کچھ — دیجو پر اپنے دیکھ کے تو نام کی طرف
ہوا سردار پر منصور کے ہونے سے یوں ظاہر — کہ بعد از مرگ بھی عاشق کی سرداری نہیں جاتی
جو چاہے ہوش تو بے ہوش ہو جام محبت سے — یہ بے ہوشی ہی ایسی جس سے ہشیاری نہیں جاتی

(۲۶۵) **مدہوش** : صاحبِ ہوش وگوش، میر نبی جان، المتخلص بہ مدہوش، نبیرۂ حضرت خواجہ محمد باسط، قدس سرہٗ۔ جوانے ست خوش رو و نیک خو، از شاگردانِ میر سوز، سلمہٗ۔ ہنوز ابتدائے مشق ست، اگر زمانہ فرصت می دہد، گاہ گاہے دو سہ شعر می گوید۔ با فقیر بسیار آشنا ست۔ سلامت باشد۔ از وست :

لیا جس ناز سے تو نے مرا دل — خدا جانے ہی اس کو یا ترا دل

(۲۶۶) **مشتاق** : میر حسن، متخلص بہ مشتاق از سلکِ متوسطین، مولدِ وے شاہ جہان آباد ست۔ اکثر شعرا و دراطرافِ شہر مشہور اند۔ با فقیر در فیض آباد ملاقات شدہ است، در احاطۂ ایلچ خاں مسکن دارد۔ گاہ گاہے در بازار برخورد می شود۔ ظاہرا بہ پیشۂ معلمی جائے قرار دارد۔ عمرش قریبِ شصت رسیدہ باشد، لیکن، با ایں بزرگی بہ عجز و انکسار پیش می آید غرض منصف مزاج ست۔ چند اشعارِ او بہ دست آمدہ بود، بہ طورِ متوسطین می گوید :

نہ لطف نہ کچھ مہر نہ کچھ پیار ہی دیکھا — ظالم سے جو دیکھا سو میں آزار ہی دیکھا
مشتاق کو کیا غم ہی خدا جانیے یارو — جب دیکھا اُسے ہم نے تو بیمار ہی دیکھا

ازیں قبیل تعریف ہر یکے نمودہ، بعد قصیدۂ میرزا رفیع، سودا درین زمین الحق کہ خوب گفتہ است۔

(۲۶۴) **محبت** : نواب ذی شان، نواب محبت خاں، خلفِ حافظ الملک، حافظ رحمت خاں۔ المتخلص بہ محبت۔ باوجودِ اسبابِ امارت طبعِ موزوں بہ تواضع مقروں دارد۔ بعضے اوقات کہ آں منبعِ جود و سخا قدردانِ شعرا بہ مضمونِ تازہ مائل می شود، بہ اصلاحِ خواجہ حسن یا میاں حسرت جرات نمودہ، اشعارِ برجستہ ادا می نماید۔ اکثر با صاحب سخنانِ زماں از روے خوش خلقی صحبت می دارد۔ از مغتنماتِ وقت ست۔ سلمہ اللہ:

آپ کچھ غیروں کو چھپ چھپ کے رقم کرتے ہیں
یہ جو ہے جھوٹ تو ہم ہاتھ قلم کرتے ہیں

مذکور جو مجلس میں ہوا دوش کسی کا
سنتے ہی ٹھکانے نہ رہا ہوش کسی کا

تھا ارادہ تو نہ آتے اب کے ہم تیری طرف
پر کریں کیا جو پڑا اپنا قدم تیری طرف

غور کیجو ٹک محبت کی نگہ سے حسرتیں
نزع میں بھی دیکھتا ہے دم بدم تیری طرف

زلف سے تیری اتصال ہوا
خوش مرا آج بال بال ہوا

عاشقوں میں مجھے لکھا تو نے
آج چہرہ مرا بہ حال ہوا

غیر کے گھر قدم رکھا تو نے
دل محبت کا پایمال ہوا

دیکھتے تھے جو کہ ہم عشق اب تجھے دکھلائے گا
کوئی دن میں آپ تو اپنے کیے کو پائے گا

جوں ہمارا دل نہیں لاتا تھا گلیوں میں تری
اُس کے کوچے میں ترا دل اب تجھے لیجائے گا

کی کس نے دلا تجھ پہ یہ بیداد بغل میں
سنتا ہوں جو ہر شب تری فریاد بغل میں

اُس یار سے کچھ مجھ کو نہیں شکوہ جفا کا
جو ہے سو یہ اپنا ستم ایجاد بغل میں

کیا دیوے گا کوئی ہمیں تعلیمِ محبت
رکھتے ہیں ہم اس فن کا تو استاد بغل میں

درویش کی خوبی تو تونگر میں نہیں ہے
اکسیر میں جو کام ہے سو زر میں نہیں ہے

صاحب سخنانِ ایں فن و معنی شناسانِ نغز سخن طرزِ زبان ہر دو یار را معیوب نمی دانند و پیرویِ معانی می کنند۔ ماحصل کلامش از کلام نامی بوسے درد مندی مہویداست۔ رحمہ اللہ۔ ازوست :

بجھ کو برہ کے پنتھ میں کاہل نکو کرد ‌ ‌ ‌ ‌ یعنی اپس کی یاد سے غافل نکو کرد
ہم دل دیا تمھن کو بسارو نکو ہمن ‌ ‌ ‌ ‌ دل ہاتھ لو مرا مجھے بے دل نکو کرد
کا ٹو جلا ؤ راکھ کرو راضی ہیں ہمن ‌ ‌ ‌ ‌ سب کچھ کرو پر ایک کٹھن دل نکو کرد
اوراں ترے ہیں یار ہمن ہیں ترے غلام ‌ ‌ ‌ ‌ اوراں کے ساتھ نامی کو شامل نکو کرد

(۲۶۹) **نوری** : سیّد شجاع الدّین دیگر نوری تخلّص، از ساداتِ بلدہ گجرات ست۔ نوکری پیشہ، مدّتے بہ علاقۂ روزگار در حیدرآباد بہ سر بردہ از بس کہ قابلیت داشت، و مردمِ آں دیار دراں وقت قابل دوست بودند، رفتہ رفتہ بہ تعلیمِ پسرِ وزیرِ سلطان ابوالحسن، تانا شاہ مقرر گشت، و عروجے بہم رسانید۔ آخرالامر، حاسدانِ آں دیار اورا بہ محبتِ وزیر زادہ متہم ساختند، بے چارہ ازاں جا غربت گزیدہ، در بلدۂ سرہند استقامت ورزیدہ، چندے بہ سر بردہ، بہ رحمتِ الٰہی پیوست۔ غفراللہ لہٗ۔ ازوست :

نوری اپس کے دل کی کسی سے نہ کہہ سکا ‌ ‌ ‌ ‌ حاصل بھلا اب اس سے دوانے جو تھا سو تھا ۴

(۲۷۰) **ندیم** : از شعراے قدیم، میرزا علی قلی، ندیم تخلّص متوطن شاہ جہان آباد۔ مردے بود بہ کمالِ قابلیت شعرِ فارسی و مرثیہ و ریختہ بہ خوبی می گفت، چناں چہ اکثر مرثیہ ہاے او مشہور اند۔ رحمہ اللہ۔ ازوست :

جدائی میں تری ہم کیا کہیں کس طرح جلتے ہیں ‌ ‌ ‌ ‌ بجاے مو بدن سے آگ کے شعلے نکلتے ہیں ۴

بے قرارِ عشق کو ہے زندگی نقصِ کمال
مر چکے سیماب تب کہتے ہیں یہ اکسیر ہے ۴

جو ناز ساتھ آگئے نازک مزاجیاں تھیں
اب تو وہ رفتہ رفتہ بیداد ہو چلی ہیں

ہم غریبوں کی اگر تو نے نہ کی غم خوارگی
جو رضا تیری پیارے بندگی بے چارگی

نہیں اس قدر دل لگانے کی وحشت
جو کچھ ہم کو ہے اس زمانے کی وحشت

ملا تو ہوں تجھ سے مری جان لیکن
ابھی دل میں ہے روٹھ جانے کی وحشت

چلے تم میرے چشم و دل سے اے سرو رواں کیدھر
مکاں پیدا کیا ہے دوسرا اے میری جاں کیدھر

غنیمت جان لے مشتاق یہ رنج و تعب اپنا
جہاں دم چل بسا یاں سے تو پھر آہ و فغاں کیدھر

پاسِ خاطر ہم غریبوں کی کہاں منظور ہے
تو تو اپنے حسن ہی پر مہرباں مغرور ہے

جی میں خطرہ بھی نہیں تیرا اگر تا لطفِ یاں
سینہ و دل حسرتوں سے یاں تلک معمور ہے

یار جب تک کہ آشنائی ہے
ہم ہیں اور تیری بے وفائی ہے

اپنی ہم بندگی یہ بھولے تھے
پھر جو دیکھا تو واں خدائی ہے

حرفِ (ن)

متقدّمین

(۲۶۷) **نوری** : ملّا نوری، از قاضی زادہائے قصبۂ اعظم پور بود۔ با ملّا فیضی کمال ربط داشت۔ شعرِ فارسی می گفت، گاہ گاہے ہندی ہم می گفت۔ از تذکرۂ محمد قائم ہمیں یک شعر یافتہ شد، قلمی می نماید۔ ازوست:

ہر کس کہ خیانت البتہ بہ ترسد
بے چارۂ نوری نہ کرے ہے نہ ڈرے ہے م

(۲۶۸) **نامی** : نامی تخلص از نام دارانِ دیارِ دکن ست، بہ زبانِ شہرِ خود دیوانِ خوبے دارد۔ چوں بنیادِ ریختہ اوّل از زبانِ دکن ست بنا بریں

جو کوئی کچھ کہے پگھل جائے — شمع رو ہی ہمارا موم کی ناک

نہ سیرِ باغ نہ ملنا نہ میٹھی باتیں ہیں — یہ دن بہار کے ای جان مفت جاتے ہیں

ہمیں تو بوسہ نہ دینے کہا نہ کہہ کے دیا — جنھوں سے وعدہ کیا ہی انھیں جتاتے ہیں

اُس کے رخسار دیکھ جیتا ہوں — عارضی میری زندگانی ہی

تجھ کو کیوں کر جدا کروں ای جان — زندگانی بہت پیاری ہی

جان ہی چھوڑا ہی دل بر ہی — پہ یہ مشکل کہ طالبِ زر ہی

لبِ جاں بخش آگے تیرے سجن — جو مسیحا کا نام لے خر ہی

اِن بتوں کو ہم فقیروں سے کہو کیا کام ہی — یہ تو طالب رکھے ہیں اور یاں خدا کا نام ہی

سخن سن اُس بتِ کافر ادا کا — جیا ہوگا کوئی بندہ خدا کا

نہ بوجھو خود بہ خود ہی عارضِ خورشید کی خوبی — لیا ہی ذرہ ذرہ حسنِ مہ رویاں سے کر چندا

بلند آواز سے گھڑیاں کہتا ہی کر ای غافل — کٹی یہ بھی گھڑی تجھ عمر سے اور تو نہیں چیتا

(۲۷۲) نادر: نادر تخلص مردے در عہدِ محمد شاہ، غفر اللہ، در کوٹلۂ فیروز شاہ می ماند۔ بہ ندرت سخن می گفت۔ اشعارش کم بہم می رسد۔ مثل مشہور کہ النادر کالمعدوم۔ فکرش پر مایہ و سخنش با استاداں ہم پایہ۔ خدایش بیامرزد۔ ازوست:

زلف کو کہنا پریشاں عقل کی دوری ہی یہ — ہر گرہ میں اس کی دل ہی گانٹھ کی پوری ہی یہ

دل بر کہیں ہو چشم سے عاشق کے دور نہیں — دل مل رہے ہیں چشم کا ملنا ضرور نہیں

لپٹی ہی جا ہی مکھڑے سے خورشید رو کے زلف — اتنی بڑی ہوئی ہی پہ ذرہ شعور نہیں

(۲۷۳) نور اللہ: میرزا نور اللہ از مردم شاہ جہان آباد بود کہ بر یک فرنگی بچہ تعشق بہم رسانیدہ، آوارہ می گشت، یعنی کارش بہ سودا کشیدہ بود۔ دگر احوالش معلوم نیست۔ ازوست:

متوسطین

(۲۷۱) **ناجی** : محمد شاکر، ناجی تخلص، معاصرِ میاں آبرو، اوائلِ سلطنتِ محمد شاہ، مردے ظریف طبع بود۔ اکثر از لطائف و ظرائف مردماں را بخندہ می آورد، و خود نہ می خندید۔ مگر، تبسمے می کرد۔ متوطنِ شاہ جہان آباد بود۔ تلاشِ صنعتِ ایہام بسیار داشت کہ رائج الوقتِ متوسطین بود۔ خدا ایشں بیامرزد۔ ازوست :

نمکین حسن دیکھ کر پی کا ‏‏‏ رنگ گل کا لگا مجھے پھیکا ‏ ن
دیکھ موہن تری کمر کی طرف ‏ پھر گیا مانی اپنے گھر کی طرف ‏ نم
رکھیو مت چشم کرم دولت سے اپنے خورد کی ‏ لب صدف کے تر نہیں ہر چند ہے گوہر پر آب ‏ ن
تری نگاہ کی گرمی سے ای کماں ابرو ‏ ہمارے سینے میں تودہ ہوا ہے تیروں کا ‏ ن
پیالہ پوسے ہے سو نوروں سے ‏ کھولے ہے لب ہزار زوروں سے ‏ نم
ن ‏ کر لو کرم ای دوستاں پھر ہم کہاں اور تم کہاں ‏ نہیں دیکھ سکتا آسماں پھر ہم کہاں اور تم کہاں
ن ‏ آج تو ناجی سجن سے کر لے اپنا عرض حال ‏ جینے مرنے کا نہ کر دسواس ہونا ہو سو ہو
ن ‏ غم نہیں گر دل بری سے سل کو لے جاتا ہے ذ ‏ پاس میرے تب تو آتا ہے جو دل پاتا ہے وہ
م ‏ تبسم یہ رقیبوں سے خلل ہے ‏ تری بھادیں ہنسی میری اجل ہے
نم ‏ کیا فردا کا وعدہ سرو قد نے ‏ قیامت کا جو دن سنتے تھے کل ہے
ن ‏ ہوا جب آئینے میں جلوہ گر تب میں لیا بوسہ ‏ جو آیا اپنے قابو میں تو پھر منہ دیکھنا کیا ہے
نم ‏ نرگس کے تئیں میں ہرگز لاتا نہیں نظر میں ‏ دیکھی ہیں میں نے پیارے آخر تمہاری آنکھیں
نم ‏ مجھ کو باتوں میں لگا گیا جانیے کیا کہہ گیا ‏ لے چلا جب دل کے تئیں منہ دیکھتا میں رہ گیا
نم ‏ ڈوب گئی کئی ٹک جب کھولی لب دریا پہ زلف ‏ حیف ناجی کو نہ پوچھا کس لہر میں بہ گیا

ٹک دیکھ تو چمن کا کیسا ہی ڈھنگ تجھ بن — منہ سے اُڑا ہی گل کے گلشن میں رنگ تجھ بن نم
ہر سمت صد تمنا تڑپے ہی خاک و خوں میں — ہی صحنِ خانہ میرا میدانِ جنگ تجھ بن نم
یاں گل رکھے پھرے ہے دستار پر تو اپنی — واں عاشقوں کے سر پر پڑتے ہیں سنگ تجھ بن نم
جی کرتے نثار اُس پہ ڈرو دل میں ہیں کہ وہ شوخ — اِس بھی حرکت سے کہیں بیزار نہ ہوئے
ہاتھ سے اِن جامہ زیبوں کے نکل جائیں گے ہم — یہ گریباں دامنِ صحرا کو دکھلائیں گے ہم نم
کیا ہوا ہم بھی جو دنیا میں یہ ناشاد رہے — تو سلامت رہے اور یہ تری بیداد رہے
مے نہ مینا میں رہے ایسے نہ فانوس میں شمع — شیشۂ دل میں مرے جون دو پری زاد رہے
انتہا شوق کا پاؤں تو لکھوں اے قاصد — کہیو کچھ حال زبانی جو تجھے یاد رہے
ہم اُس جفا شعار کے آفت رسیدہ ہیں — پہنچے نہ آسماں کا ستم جس کی گرد کو

متاخّرین

(۲۷۷) **نثار**: محمد پناہ خاں، نثار تخلص۔ جوانے ست مؤدب و متواضع۔ با فقیر بسیار دوستی دارد۔ بیشتر کہ بہ فیض آباد می ماند اکثر در فقیر خانہ بہ روزِ مشاعرہ می آمد۔ اگرچہ دراں ایام شعر نہ می گفت، لیکن گوشِ دل بر سخن ہائے رنگیں داشت۔ ہم راہِ نواب بیرم خاں الحال در شاہ جہان آباد مقیم ست۔ شنیدہ ام کہ مشقِ سخن از اصلاحِ حضرت خواجہ میر، درد دام افضالہٗ می نماید۔ اشعارش مشہور نہ شدہ است، سوائے دو سہ بیت ازو بہ گوش نہ رسیدہ۔ زو مشق ست۔ خوب خواہد گفت:

آنکھوں سے بختِ دل کو آنسو نکال دے ہے — مرغے کو جس طرح سے پانی اچھال دے ہے

(۲۷۸) **نعیم**: نعیم اللہ، المتخلّص بہ نعیم۔ از شاگردانِ میاں محمد حاتم۔ مردے ست متوطنِ شاہ جہان آباد۔ می گویند کہ بسیار بر خود غلط۔

کبھی تو آ کے مرے دل کے داغ کو دیکھو　　یہ یوں جلے ہے کہ جیسے چراغ کو دیکھو

(۲۷۴) **مرزا مدّو**: علی نواز خاں، عرف مرزا مدّو از عمدہ رفقایانِ عمدۃ الملک بودند، چناں چہ الحال، در ہمیں شہر موجود اند۔ ایں شعر بہ نامِ او شنیدہ شد۔ خدایش سلامت دارد:

بہار آئی سنی اڑتی خبر سی　　چمن میں آج ہے بلبل کی برسی

(۲۷۵) **نزار**: خواجہ محمد اکرم، المتخلص بہ نزار، از شاگردانِ میر تقی ست۔ فقیر اورا نہ دیدہ، ہمیں غزل بہ نامِ او شنیدہ، چناں چہ بہ نگارش می آرد۔ از وست:

کیا کہیے غرض صبر کا مقدور نہیں ہے　　اک زخم نہیں دل پہ کہ ناسور نہیں ہے

ہر طرح کی باتیں ہیں تری بزم میں پر ایک　　افسانہ مرے حال کا مذکور نہیں ہے

آنا ہے تو آجا مری بالیں پہ دگر نہ　　کوئی دم میں سنے گا کہ یہ رنجور نہیں ہے

کیا پرسشِ احوالِ جگر سوختۂ عشق　　اِس مملکتِ حسن میں دستور نہیں ہے

نزدیک ہے مرنے کے وفا کشتہ نزار اب
ٹک دیکھتے چلیے تو بہت دور نہیں ہے

(۲۷۶) **نثار**: میر عبدالرسول نثار، از نجباے روزگار و از شرفاے نام دار۔ مردے ست سنجیدہ و فہمیدہ، اصلش از اکبر آباد ست و بزرگانش در عصرِ فرخ سیر بہ اقتدار بسر می بردند۔ بندہ اورا در شاہ جہان آباد دیدہ بود۔ از یارانِ میر محمد تقی ست طبعش و فکرش مسرت افزا سلّمہ اللہ۔ الحال، احوالش معلوم نیست کہ کجاست، ہر جا کہ ہست سلامت باشد۔ از وست:

جو ہے یعقوب یوسف دیکھنا منظور آنکھوں سے　　تو اتنا پھوٹ کر مت رو کہ جائے نور آنکھوں سے

حال سنتا ہی نہیں جو کسی شیدائی کا | باوجود آپ ہی عاشق ہو و رسوائی کا
مجھے جو گور میں بھی یاد وہ گل فام آئے گا | تو حیران ہوں وہاں بھی کس طرح آرام آئے گا
جو ایسی بے قراری میں خبر اُس کی نہیں لاتا | تو پیارا نامہ بر کس دن تو میرے کام آئے گا

(۲۷۹) **نثار** : میاں امان اللہ، معمار، المتخلص بہ نثار۔ مردے از مردم شاہ جہان آباد است۔ تازہ گوست۔ اکثر الفاظ را بہ عمارت عبارت کرسی نشیں می کند و کار ریختہ و غزل را بہ خوبی در ہر بیت بہ سر انجام می رساند۔ تا حال در جہاں شہرت۔ ہمیں یک شعر او بہ گوش خوردہ :

غیر دروازے پہ بیٹھا راہ ہی تکتا رہا | شب کو وہ کوٹھوں ہی کوٹھوں گھر ہمارے آرہا

(۲۸۰) **نالاں** : از موزونان جہاں، محمد عسکری، المتخلص بہ نالاں۔ متوطن شاہ جہان آباد است۔ از تازہ گویان آں دیار۔ ہماں جا مسکن دارد۔ از شاگردانِ میاں حاتم :

تھا منتظر کہ یار کا پیغام آگیا
قاصد تو آج زور مرے کام آگیا

(۲۸۱) **ندا** : از مردم شرفا و نجبا میر مرتضیٰ اسلم اللہ، المتخلص بہ ندا۔ متوطن دہلی۔ بسیار متواضع آشنائے درست۔ طبع موزونے دارد، و اکثر بہ وضع خود می گوید۔ سلامت باشد :

صنم کا طاقِ ابرو دل عبادت گاہ جانے ہے
بڑا کافر ہے بت خانے کو بیت اللہ جانے ہے

بندہ او را نہ دیدہ است، واللہ اعلم۔ دیوانِ مختصر دارد۔ از کلامِ او چنیں معلوم می شود کہ فکرش سرسری ست، بہ عالمِ اعلیٰ نہ رسیدہ است مگر، بعضے جستہ جستہ خوب می گوید۔ ایں غزلش مشہورِ عالم ست:

کیا فائدہ جو غیر سے وہ ہم کنار ہے
ہم سے تو اب تلک وہی دار و مدار ہے

بن دیکھے اُس کے جان تو دوں گا میں ای اجل
مدت سے مجھ میں اور یہ اُس میں قرار ہے

یہ جور اگر اور یہ بیداد رہے گا
تو کاہے کو عالم میں کوئی شاد رہے گا

یہ گالیاں دے دے کے ترا آنکھیں دکھانا
مجھ کو تو لبِ گور تلک یاد رہے گا

جان بھی ادھر گئی جس طرف کو قاتل گیا
میں بھی جاتا ہوں اُدھر جس سمت میرا دل گیا

گر کہے گا کچھ ہمیں ہم بھی کہیں گے کچھ نہ کچھ
گالیاں دے دے کے غیروں کو بہت تو پِل گیا

آیا نہیں ہے اُس کا جو پیغام اب تلک
اس واسطے نہیں مجھے آرام اب تلک

بلبل تجھے ہے صحبتِ گل اور سیرِ باغ
ہم کو وہی قفس ہے وہی دام اب تلک

اپنے ہی کچھ نصیب کا شاید قصور ہے
ورنہ وہی ہے صبح وہی شام اب تلک

کھبا ہے جب سے ترا یہ جمال آنکھوں میں
ترا ہی مجھ کو رہے ہے خیال آنکھوں میں

خیال کر کے ترے مو کمر کو روتا ہوں
وہ کیوں نہ روئے پڑے جس کے بال آنکھوں میں

کس سے لگائیں دل کوئی محبوب ہی نہیں
اور سچ کہو تو کام یہ کچھ خوب ہی نہیں

کبھو دل سے نعیم کو اپنے
یاد کرتے ہو یار سچ کہیو

گو فرض کیا ہم نے غم خوار بہت ہوں گے
ہم سا نہ کوئی ہوگا یوں یار بہت ہوں گے

دیکھ آئینہ خانے میں گر تجھ کو نہیں باور
تجھ سے تو جہاں میں بھی دلدار بہت ہوں گے

شتابی ہے ابھی سے دل تو وعدہ خلافی کا
ایسے تو کئی آگے اقرار بہت ہوں گے

ایک دن بھی نہ کیا تو نے گزر حیف ادھر
ہم ترے واسطے یک عمر سرِ راہ رہے

اب تو کرتے ہو میاں ہم سے محبت لیکن
دیکھیے دل کے لیے پر بھی یہی چاہ رہے

ا پھر میری خبر لینے وہ صیاد نہ آیا
شاید کہ مرے حال مرا یاد نہ آیا

ہمیشہ ہی بہارِ سروِ آزاد
نہ جائے دولتِ حسنِ خدا داد

جب آیا مست ساقی جام لے کر
گیا یک بارگی آرام لے کر

نہ جانوں خط ترا کس بے خطا پر
چلا ہی آج فوجِ شام لے کر

میں اُس کو جوں نگیں کرتا ہوں سجدہ
جو کوئی آتا ہی تیرا نام لے کر

م صنم کے لعل پر وقتِ تکلم
رگِ یاقوت ہی موجِ تبسم

نہ دو آزار میرے دل کو ای آرامِ جاں سمجھو
یہ خوبی کچھ نہیں رہتی سدا ای مہرباں سمجھو

م زندگی جامِ عیش ہی لیکن
فائدہ کیا اگر مدام نہیں

جوں گل شگفتہ رو ہیں سخن کے چمن میں ہم
جوں شمع سربلند ہیں ہر انجمن میں ہم

اک بار ہنس کے بول سجن ورنہ حشر تک
جوں برق بے قرار رہینگے کفن میں ہم

م سن کے احوال مرا ناصحِ مشفق نے ولی
ہاتھ سے ہاتھ ملا درد سے سینہ کوٹا

تل میں دل کو ملائے لیتے ہیں
پھر گویا اِن تلوں میں تیل نہیں

جب تلک شہ دیکھا تھا تجھ دل بند تھا اوراق میں
تیری بھواں کو دیکھ کر جزدان چھوڑا طاق میں

نم عجب کچھ حال رکھتا ہی شبِ خلوت میں مہ رو سے
سوال آہستہ آہستہ جواب آہستہ آہستہ

م اک بار مری بات اگر گوش کرے تو
ملنے کو رقیبوں کے فراموش کرے تو

ن ای جانِ ولی وعدۂ دیدار کو اپنے
ڈرتا ہوں مبادا کہ فراموش کرے تو

م دیکھوں ہوں جسے وہ مبتلا ہی
خوباں کی نگاہ میں بلا ہی

نم دل چھوڑ کے یار کیوں کے جائے
زخمی ہی شکار کیوں کے جائے

ہی حسن ترا ہمیشہ یکساں
جنت سے بہار کیوں کے جائے

م غنیمت بوجھ ملنے کو ولی کے
نگاہِ پاک بازاں کیمیا ہی

نہ تنہا حسنِ خوباں دل ربا ہی
ادا فہمی سخن دانی بلا ہی

حرف (و)

متقدّمین

(۲۸۲) **ولی** : از سلکِ متقدّمین غفراللہ لہم، درویشِ خفی و جلی، شاہ ولی اللہ، المتخلص بہ ولی، مشہور و معروف مردے بود از خاکِ گجرات۔ بریک صنمے عاشق شدہ، در وقتِ محمّد عالم گیر بہ ہندوستانِ جنت نشان آمدہ، در خدمتِ شاہ گلشن قدس اللہ سرّہٗ۔ استفادہ حاصل نمودہ، از توجہِ آں بزرگوار مشمولِ اعلیٰ و ادنیٰ گردید۔ تعریفش از احاطۂ تحریر و تقریر بیرون ست۔ بنائے ریختہ را چنیں مستحکم نمود کہ الحال از بلندیِ طاقِ سپہر افزود۔ چوں دکنی ست اکثر بہ زبانِ خود حرف زدہ است ابتدائے ریختہ از وست، اوّل استادیِ ایں فن بنامِ اوست۔ تیمّناً و تبرّکاً بہ قلم می آرد۔ رحمہ اللہ:

دل کو گر مرتبہ ہو درپن کا — دیکھنا مفت ہے سریجن کا
یاد کرنا ہر گھڑی اُس یار کا — ہے وظیفہ مجھ دلِ بیمار کا
دیکھنا ہر صبح اُس رخسار کا — ہے مطالعہ مطلع الانوار کا
آرزوے چشمۂ کوثر نہیں — تشنہ لب ہوں شربتِ دیدار کا

جب تجھ عرق کے وصف میں جاری قلم ہوا — عالم میں ناؤں اُس کا جواہر رقم ہوا
طاقت نہیں کہ حشر میں ہوئے وو داد خواہ — جس بے گنہ پہ تیری نگہ سوں ستم ہوا
اگرچہ حسبِ ظاہر میں ہے فرقت درمیاں لیکن — تصور دل میں میرے جلوہ گر ہے صبح و شام اُس کا
نہ پوچھو عشق میں جوش و خروشِ دل کی ناپیتی — بہ رنگِ ابر دریا بار ہے رومال عاشق کا

کہیں یہ جوٹ دیکھا ہو تجھے جب میں بلاتا ہوں | مری گا تو چلا جاتا ہو ادھر کہتا ہی آتا ہوں ۴
ایک جا گہ پہ نہیں ہو مجھے آرام کہیں | ہو عجب حال مرا صبح کہیں شام کہیں

(۲۸۵) ولایت: میر ولایت اللہ خاں، حقائق و معارف آگاہ، مقبولِ درگاہِ الٰہ، صاحبِ کمالاتِ وافیہ و حالاتِ شافیہ، مفتخر الاعیان، میر ولایت اللہ خاں۔ گوہرِ دریاے سیادت و جوہرِ تیغِ شرافت، چراغِ بزمِ ہدایت، المتخلص بہ ولایت، ابنِ میر باقی۔ اصلش از خوست ست۔ از مریدانِ حضرت خواجہ جعفر قدس سرہٗ۔ بندہ در شاہ جہان آباد اکثر آں بزرگ را بہ مجالسِ فقرا دیدہ، در عالمِ پیری رخش مثلِ ماہ می درخشید، در لباسِ فقیری شاہانہ معاش می نمود۔ عالم عالم اکرام و احترامش می کردند۔ طبعِ شریفش مائلِ تصوف بسیار بود، چہ از فارسی و چہ از ریختہ ہمہ بہ تصوف و توحید بر طرزِ خود فرمودہ است۔ عارفے می باید کہ مغزِ کلامش را دریافت نماید۔ قریبِ دوازدہ سال شدہ باشد کہ بہ رحمتِ الٰہی پیوست۔ یک رباعی از و قلمی می نماید۔ مشتے نمونہ از خروارے۔ غفر اللہ لہٗ۔ از وست:

در بحرِ محیط غیرِ پانی کیا ہے | ظاہر ہے جو کچھ کہ یاں نہانی کیا ہے
گر پیاسا ہے پی پیر، نہا، غوطے مار | باہر تو بہ جز خاک فشانی کیا ہے

متأخّرین

(۲۸۶) وفا: مقبولِ خاطرِ اربابِ صفا، لالا نول رائے، المتخلص بہ وفا۔ از تذکرۂ محمد قائم چناں ظاہر گشت کہ جوانے ست نوخاستہ، بہ زیورِ علم و عمل آراستہ۔ ہوش و گوش و فہم و ذکا، صاحبِ علم و حیا، لطافتِ مزاجش از گل زیادہ، مانندِ بلبل دل از دست دادہ۔ برا درخروشش را جا گلاب ہائے

نہ وہ بالا وہ بالی بلا ہی — بلاے عاشقاں نازو ادا ہی
غرورِ حسن نے تجھ کو کیا ہی اس قدر سرکش — کہ خاطر میں نہ لائے تو ترے ہاں گر ولی آئے
آغوش میں آنے کی کہاں تاب ہی اُس کو — کرتی ہی نگہ جس قدِ نازک پہ گرانی
عالم میں ترے ہوش کی تعریف میں کی ہی — ایسا تو نہ کر کام کہ مجھ پر سخن آئے
ولی اُس گوہرِ کانِ حیا کی کیا کہوں خوبی — مرے گھر اِس طرح آتا ہی جوں سینے میں راز آئے

سن ولی رہنے کو دنیا میں مکانِ عاشق
کوچۂ زلف ہی یا گوشۂ تنہائی ہی

متوسّطین

(۲۸۳) **واحد**: محمد واحد، متخلص بہ واحد، اوائلِ سلطنت محمد شاہ طفلے بود، شیریں می گفت۔ در صغر سن درگزشت۔ متوطنِ شاہ جہان آباد، در محلۂ بیجل مسجد سکونت داشت۔ از متوسطاں بود۔ از وست:

سورج کی بھانت آینۂ دل صفا کرے — اک قرصِ نان پر جو کوئی اکتفا کرے

(۲۸۴) **وحشت**: غنچۂ گلستانِ سخن، میر ابوالحسن صاحب ہمت، المتخلص بہ وحشت، مردے بود از سلکِ متوسلیں، نبیرۂ تیرانداز خاں مرحوم۔ سپاہی پیشہ، بہ علاقۂ نوکری بہ سر می برد۔ مشقِ شعر بہ مشورۂ میرزا رفیع، سودا سلمہ اللہ می کرد، در ایامے کہ مشاعرہ در شاہ جہان آباد بہ خانۂ خانِ آرزو مقرر بود۔ مدتے شد کہ بہ قضاے الٰہی فوت شد۔ جوانِ اہل بود۔ رحمہ اللہ:

قاتل اگر کہے کہ سکتا ہی چھوڑ یو — خنجر تو ایک دم کے لیے منہ نہ موڑیو
لگتا ہی مجھ کو آج یہ سارا جہاں خراب — شاید کہ مرگیا ہی کوئی خانماں خراب

اپنی غرض کو ہم تو سبھی دکھ سہیں گے لیک — ہوتی ہے گالیوں سے تمھاری زباں خراب م

بس کہ اپنے انقلابِ بخت سے ڈرتے ہیں ہم — بسترِ گل پر بھی لرزاں ہی قدم دھرتے ہیں ہم م

کل کا وعدہ کر لیا ہے اُس نے ای محرم تو کیا — یاں تو بے تابی سے دل کی آج ہی مرتے ہیں ہم م

حالِ دل کیونکے کہوں اُس سے وفا غیروں میں — جی دھڑکتا ہے کہ کوئی پسِ دیوار نہ ہو م

راضی وہ ہو کے رات سحر میں مچل گیا — عنقا پھنسا تھا دام میں لیکن نکل گیا م

مہ کشوں نے مے میں پایا بھنگیوں نے بھنگ میں — جل رہا ہے وہ طرح پانی کی ہر اک رنگ میں م

شعلہ زن ہے ہمیشہ داغ اپنا — بجھ نہیں جانتا چراغ اپنا م

یاں تلک از خویش رفتہ ہوں کہ مدام — آپ کرتا ہوں میں سراغ اپنا م

نہ کشتی پار ہی بہ کر گئی اپنی نہ وار آئی — ہمیں ہیں غرقِ دریا اُس گھڑی جب بیچ جا آئی م

ساتھ تجھ سے کے اگر مہر و وفا کی ہم نے — عفو کر عفو کہ ای شوخ خطا کی ہم نے م

(۲۸۷) میر مبارک علی: میر مبارک علی، ولدِ شاہ قدرت اللہ قدرت۔ پیشِ پدرِ خود در مرشدآباد سکونت دارد:

ہوئی ہے مشتعل میرے دلِ بے تاب میں آتش
نہ دیکھی تھی کسی نے اب تلک سیماب میں آتش

(۲۸۸) وحشت: میر بہادر علی، از یارانِ میاں حسرت المتخلص بہ وحشت۔ سید زادۂ خوش اوقات و نیک صفات۔ جوانِ وضع دار، در پیشۂ سپہ گری استوار۔ اکثر در تعیناتی بہ طرفِ گورکھپور بہ جہتِ روزگار بہ سر می برد۔ طبعِ موزونے دارد۔ با فقیر بسیار آشناست۔ بہ فرمایشِ یارانِ آں دیار بارہ ماسہ دیگر مانند بکٹ کہانی گفتہ است۔ حق تعالیٰ سلامت دارد۔ از وست:

شب و روز وصل کو رو یئے کہ عجب و لیل و نہار تھا
کبھی ہم سے یار کو لطف تھا کبھی ناز تھا کبھی پیار تھا

دیوانِ مدار المہام امیر الدولہ، نواب نجیب خاں مرحوم بود، لیکن این عزیز مصروفِ اکتساب و غریقِ مطالعۂ کتاب۔ طلبِ ہر کمال دامن گیرِ حال۔ طبعِ درد مند داشت۔ عاشق مزاج بود۔ اکثر فکرِ فارسی و ریختہ می نماید۔ خدا بر عمرش بیفزاید۔ از دست:

م	کہے ہے کس سے دل احوال اپنا	پڑا ہے یاں ہمیں جنجال اپنا
م	ہوئے گا دل سے محو غمِ یار کب تلک	کیوں ہمنشیں یہ جائے گا آزار کب تلک
م	کہنے لگا وہ سن کے مرا نالہ و فغاں	یا رب جیا کرے گا یہ بیمار کب تلک
م	کس گلِ تازہ نے اِس باغ میں کی جلوہ گری	ہم زرِ داغ سے جس کے نہ خریدار ہوئے
م	پوچھو ہو کیا کہ حال ترا کس طرح سے ہے	کیا جانتے نہیں ہو میاں جس طرح سے ہے
م	ہوتے تو دل سہج میں گرفتار ہو گیا	اب چھوٹنا یہ زلف سے دشوار ہو گیا
م	دینا تو دل نہ آپ کو منظور تھا ولے	جب مل گئی یہ آنکھ میں ناچار ہو گیا
م	کچھ خیریت نظر نہیں آتی مجھے کہ آج	لگتے ہیں اُس کے کان سے اغیار دم بدم
م	اپنی ہی چشم کے تئیں تابِ نظر نہیں	ورنہ وہ آفتاب کہاں جلوہ گر نہیں
م	حسنِ عمل پہ اپنے نہ بھول اِس قدر کہ شیخ	واں کے معاملے کی کسی کو خبر نہیں
	کس تیغ برق جلوہ کو دیکھا کہ اب تلک	اُن بن ہے التیام سے زخمِ کہن کے تئیں
م	الفتِ دل کیا زیادہ ہم سے ہے اغیار کی	ریجھ ہے لیکن نرالی ہے کچھ اپنے یار کی
م	آنے کا مرے وہ سن کے چرچا	نکلا نہ تمام روز گھر سے
م	دل کو کہیں ہے جی میں گرفتار کیجیے	یعنی کسی صنم کے تئیں یار کیجیے
م	گر مانگتا ہے جی کے تئیں دیجیے وفا	کیا چیز ہے کہ دوست سے انکار کیجیے
	رفیقِ ہرزہ گو ہے دشمنِ جاں	بلدرہ زن کو ہے نالہ جرس کا
م	دکھ نہ دے اس قدر وفا کے تئیں	آخرش وہ بھی جان رکھتا ہے

نقشِ قالی کی طرح سو کے نہ چونکے ہم آہ ٹھوکروں سے تو بہت یار جگاتے ہی رہے
کہیو اے بادِ صبا واہ میاں واہ میاں جی سے جاتے رہے ہم اور تم آتے ہی رہے

مانع ہوئے آنے سے جو مجھ کو ترے در کے روِیا سرِ بازار میں سر زانو پہ دھر کے
جب دیکھیے اُس کو یہی حسرت رہے دل میں جوں نورِ نظر ٹک مری آنکھوں سے نہ سرکے
کوئی علم پہ نازاں ہے کرامات پہ کوئی اک رو سیہ ہم ہیں کہ اِدھر کے نہ اُدھر کے
دیتے ہی نہیں چین مجھے چشم و دل اُس بن بیگانے کا کیا دوس جو دشمن ہوئے گھر کے

صبا کہیو چمن کی عندلیبانِ غزل خواں کو کرد تم پیچھے ہم دام میں ہو جائیں زنداں کو
ڈھلا دی آج کا بھی اور نہ آیا تو تو پھر ہم نے چراغِ آہ سے روشن کیا شامِ غریباں کو

جنت و سایۂ طوبیٰ نہیں درکار مجھے بس ہے اے یار ترا سایۂ دیوار مجھے
ہوسِ سیرِ چمن لے تو چلی ہے یاں سے پر کسی دام میں مت کیجو گرفتار مجھے

کبھی ایسا بھی اے خدا ہو گا وہ صنم ہم سے آشنا ہو گا
روز و شب مجھ کو ہے یہی دھڑکا نہ ملو گے ملو گے کیا ہو گا
خوب رو ہو کے باوفا ہوئے میں نہ مانوں اگر خدا ہوئے

جب کہ یاد آتا ہے گلشن میں مرا گل رو مجھے خنجرِ راہِ بےخودی ہوتی ہے گل کی بو مجھے
یہ دل پھر آہ مژگانِ بتاں سے بےطرح اٹکا مجھے جس خار کا ڈر تھا سو پہلو میں مرے کھٹکا

وداعِ یار سے دل پر ملال ہے سو ہے زباں سے گو نہ کہا جی کا حال ہے سو ہے
نہ پوچھ حسنِ سلوک آہ مجھ سے اُس بت کا وہی ستم وہی ایذا کی چال ہے سو ہے

تم تو شب وعدے پہ اپنے گھر سے چل کر رہ گئے صبح ہوتے ہوتے ہم جوں شمع جل کر رہ گئے
آن کے ملنے کا اُس کے یاد آتا ہے سماں اک قدم رکھا تو وہیں جا گہہ مچل کر رہ گئے

جب تک کہ وہ مقابل بتِ مغرور نہ ہوئے بےتابیِ دل کوئی طرح دور نہ ہوئے
سرگوشی سے جو سامنے کرتا ہے مرے بات ڈرتا ہوں اُسی کا کہیں مذکور ہوئے

مرا دل ہو اشک ٹپک گیا جگر آہ و نالہ سے پک گیا

تو نظر سے جو ہیں سرک گیا ہیں اجل سے دو ہیں دو چار تھا

جب تک کہ کہیں نہ تھا ٹھکانا دل کو ... دشوار تھا اک قدم بھی جانا دل کو

کوچہ ترا دیکھا ہی سو جانے کے لیے ... اب لحظہ بہ لحظہ ہی بسانہ دل کو

(۲۸۹) واقف : شاہ واقف، المتخلص بہ واقف۔ عارفِ اسرارِ طریقت، و واقفِ رموزِ حقیقت، کاشفِ مکاشفاتِ وجدانی، سالکِ مراتباتِ وحدانی۔ اصلِ وے از شاہ جہان آباد ست۔ در اوائل کہ مشقِ سخن در عالمِ مستی و بے باکی داشت بسیار بہ صفا حرف می زد، الحال بہ سببِ فضیلت عقلِ فکرش چناں بر سپہرِ معانی بلند پرواز شدہ کہ بہ نظرِ ہم چو ما پست نظراں نہ می آید۔ ازاں جملہ انچہ بہ فہم می رسد قلمی می نماید۔ حق تعالیٰ طائرِ بیانش را چوں ہلال از تیز بالی روز بہ روز بلند تر گرداند۔ در وقتے کہ بہ سرکارِ نواب شجاع الدولہ بہ تہمتِ نقش نویسی ناحق گرفتار شدہ بود، دراں مقدمہ حسبِ حالِ خود ایں غزل گفتہ :

دور آیا ہی کہ ہوں شاہ و گدا پھرے ہیں ... بے خطا پھرے ہیں اور اہلِ خطا پھرے ہیں

تمام غزل ہمیں طور ادا کردہ است۔ طرزِ کلامش ما نا بہ طرزِ ناصر علی و جلالِ اسیر ست۔ الحال ازیں فنِ شعر گزشتہ، مصروف بہ خواندنِ منطق و معانی و رمل و نجوم ست۔ خدا بہ انصرام رساند۔ با فقیر بسیار دوستی دارد سلمہ اللہ تعالیٰ:

خیالِ وعدہ ترا بس کہ شب نظر میں رہا ... تمام رات مرا جی صدائے در میں رہا

جلایا مجھ کو مرے ضبطِ آہ نے جوں شمع ... اٹھا جو شعلہ جگر سے تو پھر جگر میں رہا

چمن سے کون با تیں اپنے جلنے کی سنا تا ہی ... کہ گل کا ایک رنگ آتا ہی اور اک رنگ جاتا ہی

اشک سے آتشِ دل ہم تو بجھاتے ہی رہے ... آہ پر نالے تو اور آگ لگاتے ہی رہے

صبا گلشن میں جائیگی تو یہ کہ دیجیو گل سے
تجھے ای بے وفا کیا فائدہ ہے خونِ بلبل سے
شکیب و طاقت و صبر و توان و دین و دل اپنے
سبھی آوارہ ہو کر اُڑ گئے تیرے تغافل سے

خون آنکھوں سے ہم جو روئے ہیں
تیری مژگاں کے کانٹے بوئے ہیں
جو صنم تجھ سے دل لگاتے ہیں
سو وہ ہم سے خدا کے کھوئے ہیں

کبھی کبھی جو کرم کی نگاہ کرتے ہو
غرض کہ جان مرے دل میں راہ کرتے ہو
ہمارا تھوڑے دنوں میں یہ حال پہنچایا
بھلا رقیب سے کیونکر نباہ کرتے ہو
یہ کون ڈھب ہے کہ واقف سے میں نہیں واقف
وہی نہ جس پہ کرم کی نگاہ کرتے ہو

میں تو کیا تھا سونپ کے دل کو وفا کے ہاتھ
ای آہ چڑھ گیا یہ کہاں سے جفا کے ہاتھ
جب ہم سے قولِ وعدۂ دیدار کا ہو ذکر
مارے ہے میرے ہاتھ پہ تب منہ چھپا کے ہاتھ

کہوں کیا اُس کے وعدے کی حقیقت پوچھتے کیا ہو
وہی شام و سحر ہے اور وہی امروز و فردا ہے

توقع زندگی کی دوستاں رکھیے گا کم ہم سے
کہ جوں نقشِ قدم چھٹتا نہیں کوچے صنم ہم سے
ہے جس کی خرمی سے زندگانی اپنی وابستہ
خفا رہتا ہے سو ساعت بساعت دم بدم ہم سے

پیار کی باتوں سوا ہم بھی تو رہ سکتے نہیں
دل میں آتا ہے کہ کچھ کہیے پہ کہہ سکتے نہیں

ہر آن ہم سے کیوں ہے عبث بدگمان تو
اپنا سا اور کو نہ سمجھ میری جان تو
اک روز کی جدائی میں مرتے ہیں یا نہیں
یک بار یہ بھی کر لے مرا امتحان تو
کیا کیا کہا تھا کیوں کے لیا تھا ہمارا نام
قاصد خدا کے واسطے پھر کر بیان تو

نہ پوچھو فتنہ برپائی کو میرے سرو قامت کی
اُٹھا مجلس سے وہ اور اہلِ مجلس پر قیامت کی

یہ دل پھر آہ مژگانِ بتاں سے بے طرح اٹکا
مجھے جس خار کا ڈر تھا سو پہلو میں مرے کھٹکا
نہ آیا پھر نظر جب سے گیا جوں عمرِ رفتہ تو
بنارس کی میں گلیوں میں بہت ڈھونڈا بہت بھٹکا

جگر میں آہ ہے آنکھوں میں نم ہے
خدا جانے یہ کس کا تازہ غم ہے

درد جو بے اختیار ہم سے ہم آغوش ہے
یاد ہے واقف تو آج کس کی فراموش ہے

غیر کی جا تو اگر ہم سے بھی ای یار ملے
عکس سے اپنے بھی پھر آنکھ زنہار ملے

سب سے ملتے تو ہو ظاہر میں یہ دھڑکا ہے مجھے
کہیں مجھ سا نہ کوئی اور گرفتار ملے

واقف سے ملتے جو کوئی لٹ کے تجھے تو کہہ
بھولا ہوں راہ پوچھوں ہوں آیا تھا کام کو

کروں میں شکوہ اگر تیری بے وفائی کا
جہاں میں نام نہ لے کوئی آشنائی کا

ابھی حواس بھی ثابت مجھے نہیں آئے
خدا کے واسطے مت نام لے جدائی کا

صد نالۂ جاں کاہ گرہ در تہِ لب ہے
کیا جانیے کیا آج مرے دل پہ تعب ہے

غرہ نہ ہو قربِ کرمِ یار پہ واقف
اِس ابر کے دامن میں نہاں برقِ غضب ہے

نہ قاصد ہی پہنچ سکتا ہے اب اُن تک نہ گام اپنا
الٰہی مضطرب ہوں کس طرح بھیجوں پیام اپنا

بہت موقوف شکوے وصل پر تھے اُس جفا جو کے
کیا سو یک نگہ نے اُس کی قصہ ہی تمام اپنا

دام سے زلف کے پھر دل کو چھڑایا نہ گیا
سر سے اِس بختِ سیہ کا مرے سایہ نہ گیا

اچپلاہٹ اِسے کہتے ہیں کہ شوخی سے وہ شوخ
میری آنکھوں کے تصور میں سمایا نہ گیا

ہجرِ جاں کاہ کس طرح گزرے
یا رب آہ کس طرح گزرے

تو کہیں میں کہیں بھلا اوقات
اپنی دل خواہ کس طرح گزرے

صبح پر وصلِ یار کی ٹھہری
آہ پھر انتظار کی ٹھہری

کیا طرح اُس گلی میں کہہ تو صبا
میرے مشتِ غبار کی ٹھہری

مت بگڑ اُس سے بس کر ای واقف
اب تو دار و مدار کی ٹھہری

روزِ خزاں چمن میں جو دیکھا ہزار کے
اک مشتِ پر پڑے تھے تلے شاخسار کے

آوارہ ہو گئے دل سے شکیب و قرار و صبر
یا رب کہاں بسیں گے یہ اُجڑے دیار کے

یارانِ ہم نشین و رفیقانِ دوست دار
ق سب آشنا ہیں زندگیِ مستعار کے

جب مند گئی یہ آنکھ تو ای دوست بعدِ مرگ
پھٹکے ہے یاں کون کسی کے مزار کے

المتخلص بہ خیال کہ بہ فرمائشِ فردوس آرام گاہ قصّۂ بوستانِ خیال گفتہ است۔ بست و سہ جلد دارد۔ القصہ تمام عمر دراں قصہ صرف نمود۔ کارے کردہ است کہ مقدورِ بشر نیست۔ چوں تخلص پدرش خیال بود، بنا بریں تخلصِ خود وہم کردہ است۔ از سببِ فکرِ روزگار کم بہ ایں طرف راغب می شود۔ در انتخاب نمودنِ اشعار ذہنے و شعورے خوب دارد۔ چوں از یارانِ بندہ است تعریفِ او بہ زبانِ خود گفتن خوش نما نیست، بر ہمہ ظاہر است۔ خدا سلامتش دارد۔ از وست:

خدا ہی دوستو حافظ ہے اب مرے دل کا
ہوا ہے دشمنِ جاں یار بے سبب دل کا
کچھ اس سے تو متعرض نہ ہو کہ آنے کا
تری گلی میں یونہیں پڑ گیا ہے ڈھب دل کا

جا کہے اُس سے اتنا اب کوئی
ہے ترے غم سے جاں بہ لب کوئی
صبر و ہوش و قرار و تاب و تواں
چل بسے رفتہ رفتہ سب کوئی
مرتے ہیں تب تو پاتے ہیں آرام
نہیں مرتا ہے بے سبب کوئی

حرف (ہ)

متقدمین

(۲۹۲) ہاشم: ہاشم تخلص در دکن شاعرے گزشتہ۔ او راست:

دکھن اور ہند کے دل بر ہیں سوں بے حجاب اچھے
کہ ٹکڑے چاند سے پر جن کے خط کے پیچ و تاب اچھے ۔ ننم

(۲۹۳) ہاتف: ہاتف تخلص نیز از دکن ست۔ او راست:

تمری انکھیاں او رزلف سی کافر ہوا سارا جہاں
اسلام او ر تقویٰ کہاں زُہد او ر مسلمانی کہاں ۔ ننم

ان رقیبوں سے گئے گزرے ہیں کیا اے یار ہم
وہ شریک بزم ہوویں اور نہ پائیں بار ہم

جو صنم خاطر نہ رکھے عاشقِ رنجور کی
ایسے ملنے سے بھلی صاحب سلامت دور کی

مژگاں تری ادھر سے کدھر پھر کے رو کریں
اب کس کے دل میں دیکھیے ناخن فرو کریں

ہر چند وہ جمال ہو آنکھوں کے سامنے
لیکن کہاں مجال جو کچھ گفتگو کریں

تیری نگہِ لطف سے وابستہ ہیں یاں ہم
جوں عکس ذرا پھیرنے میں رو کے کہاں ہم

گہ اٹھتے گہے بیٹھتے ناطاقتیوں سے
جوں سایہ جہاں تو گیا اے دوست وہاں ہم

دیارِ عشق میں ٹک دیکھ تو کیا ہے ستم واقف
کریں ہیں ستم اس سے نہیں ہیں جس سے ہم واقف

(۲۹۰) **وارث**: محمد وارث الٰہ آبادی، المتخلص بہ وارث۔ فقیر او را نہ دیدہ، بعضے از یارانِ آں دیار شنیدہ کہ مردے ست طالبِ علم، ریختہ و فارسی می گوید۔ طبعِ موزونے دارد، بہ جائے تخلص کہ وارث ست اکثر بہ الفِ ندا خود را یاد می کند، یعنی وارثا در ہر مقطع می آرد۔ از سببِ بُعد و کم شہرتی اشعارش بہ گوش نہ خوردہ، آنچہ میسر آمد نوشتہ شد۔ حالا در شہرِ خود یعنی بہ الٰہ آباد مقیم ست۔ سلامت باشد۔ از وست:

بتا تو ہاں مرے ظالم مثالِ نقشِ قدم
تری گلی میں کوئی گر کے پھر اٹھا بھی ہے

الٰہی خیر ہو قاصد تو جلد آتا ہے
ہمارے خط کا جواب اس نے کچھ لکھا بھی ہے

ہم کو تو رند کہتے ہو پر آپ شیخ جی
کیا کچھ تکار کرتے ہو ڈاڑھی کی آڑ میں

وارث چھٹے ہے کب تپِ عشق مجھ سیتی
پیوست ہو گئی ہے مرے ہاڑ ہاڑ میں

خوبیِ کلام از کلام ظاہر ست احتیاجِ شرح و بیاں نیست:

اک عمر تجھے چاہیے اس سیر کو وارث
عالم کا تماشا جو میں اک آن میں دیکھا

(۲۹۱) **وہم**: غنچۂ گلشنِ کیاست وفہم، میر محمد علی، المتخلص بہ وہم جوانے ست بسیار اہل، و اہلِ دل، خوش وضع نیک خصال۔ فرزندِ ارجمندِ میر تقی،

شہیدِ تیغِ ابرو ہے اسیرِ دامِ گیسو ہے
ہدایت بھی تو کوئی زور ہے شہدا شکستہ ہے ن

یاد کرتے ہی زلف کی ہے قہر
پھر گئی دل پہ سانپ کی سی لہر نم

تیری زلفوں کی کچھ چلی تھی بات
روتے ہی روتے گزری ساری رات نم

حیرت میں ہوں کہ تیرے تئیں اے شبِ وصال
ظاہر میں دیکھتا ہوں کہ عالم ہے خواب کا ن

بھلا بتا تو مری جان کچھ ہدایت نے ق
تمھارے جور سے شکوہ کبھی کیا ہوگا نم

مگر یہی نہ کہ بے اختیار ہو کے کبھی
کچھ اور بس نہ چلا ہوگا رو دیا ہوگا نم

تم تو فریاد کسی کی نہ فغاں سنتے ہو
اپنے مطلب ہی کی سنتے ہو جہاں سنتے ہو

آئینہ سا ہے مکھ ترا روشن
چشمِ بد دور چشمِ ما روشن

اے ہدایت شبِ جوانی کا ق
کچھ ہوا تجھ پہ ماجرا روشن

صبحِ پیری نمود ہوئی تیری
چل مسافر کہ دن ہوا روشن

موجبِ صد عیش و عشرت ہم کو تیری دید ہے
مل گئے جس دن گلے تیرے اسی دن عید ہے

خدا جانے صنم آئے نہ آئے
بھروسا کیا ہے دم آئے نہ آئے

غنیمت ہے کوئی دم سیرِ گلشن
پھر اپنا یاں قدم آئے نہ آئے

باتیں اشارتوں ہی سے کرتی ہیں انکھڑیاں
بیمار ہیں نہیں انھیں طاقت جواب کی

گویا کہ تیرے ہجر میں میں مر گیا ہوں رات
تعبیر جز وصال نہیں میرے خواب کی

کوچے میں ترے جو آن کر بیٹھ گئے س
یاں تک روئے کہ چشمِ تر بیٹھ گئے

جس طرف کو تو نے آنکھ اٹھا کر دیکھا
مانندِ حباب گھر کے گھر بیٹھ گئے

جی تو کرتا نہیں کوچے سے ترے جانے کو
گر تری اس میں خوشی ہے تو چلا جاتا ہوں

(۲۹۷) **ہاتف** : مرزا محمد، المتخلص بہ ہاتف شخصے ست۔ در شاہجہان آباد۔ در عالمِ درویشی بشغلِ شعر و رباعی بسر می برد۔ اکثر مخمس تضمین می کند۔ ہمیں یک شعر از و بہ گوش خوردہ

مت پوچھ ہم نشیں کہ جہاں میں کہاں رہے
دل جس جگہ کہ لگ گیا اپنا وہاں رہے

متوسّطین

(۲۹۴) **ہدایت** : سیّد ہدایت علی خاں، صوبۂ عظیم آباد - ابتدائے سلطنتِ محمد شاہ، غفر اللہ۔ ہدایت تخلص می نمود۔ یک شعر از و بہ گوش خوردہ۔ رحمہ اللہ :

ہرگز یہ مرے عشق کا پرفاش ہوتا　　کرتا نہ اگر آ کے مرا پردہ دری رنگ

(۲۹۵) **میر منگیا** : میر منگیا شخصے از نجبائے دہلی بود، بر شخصے تعشق داشت۔ پاپیش ما در زا دلنگ می کرد۔ طبعِ موزونے داشت، گاہ گاہے دو سہ بیت می گفت۔ از مشاہیر نہ بود۔ حاسدان و رقیباں بہ جرمِ عشق وے را کشتند۔ یک رباعی از و بہ گوش خوردہ۔ خدایش مغفرت کناد۔ از دست :

میری ایذا سے منہ نہ موڑا دل نے　　شیشہ مری زندگی کا توڑا دل نے
کام اُس بتِ سنگ دل سے ڈالا مجھ کو　　مارا آخر مجھے نہ چھوڑا دل نے

متاخّرین

(۲۹۶) **ہدایت** : میاں ہدایت اللہ، شمعِ انجمنِ فصاحت و بلاغت، المتخلص بہ ہدایت۔ مردے ست متواضع و مؤدب، مثل و محاورہ بند، عالی طبع و درد مند، شاعرِ دل پذیر، سخن سنجِ بے نظیر۔ اصلِ وے از شاہ جہان آباد ست۔ در زمرۂ حضرت خواجہ میر، درد۔ چندے ہم راہ سدھ رائے، یک دل تخلص کہ شاعرِ فارسی گو بود در بنارس اوقات بہ سر بردہ۔ در تعریفِ بنارس مثنویِ خوبے گفتہ۔ حالا در خدمتِ خواجہ میر، درد گوشہ نشینی اختیار کردہ۔ خدایش سلامت دارد۔ از دست :

خلق یک رنگ کی ہوئی دشمن جب سے تیرا دو دوست دار ہوا ن

مجھے مت پوچھ پیارے اپنا دشمن کوئی دشمن بھی ہو ہے اپنی جاں کا ن

اگر آئے مرے گھر وہ پیارا کروں اُس ماہ کو بجلی کا تارا ن

بڑا دشمن ہوا وہ شوخ یک رنگ کیا کیوں عشق میں نے آشکارا ن

حق کہے جو کوئی سو مارا جائے راستی ہے گی دار کی صورت ن

وصل اور ہجر اُس صنم کا مجھ پہ یک ساں ہو گیا درد میرا ہی مجھے آخر کو درماں ہو گیا

مجھ کو اِس دل سے توقع تھی مدد کی وقت پر تیرِ خوباں کا تو وہ یک رنگ پیکاں ہو گیا

بنا بر مصلحت ہے یہ جو تم سے رہا ہوں دو دن دو چار یک رنگ ن

کیوں تیغ کھینچتے ہو میاں ہم میں دم نہیں پنہاں نگہ تمھاری یہ گیتی سے کم نہیں ن

نہ کہو یہ کہ یار جاتا ہے میرا صبر و قرار جاتا ہے نم

گر خبر لینی ہے تو لے صیاد ہاتھ سے یہ شکار جاتا ہے نم

چاہتا تھا کہ کہے عشق کی باتیں یک رنگ کیا کرے ہائے اُسے طاقتِ گفتار نہیں م

برگِ حنا اوپر لکھو احوالِ دل مرا شاید کبھو تو جا لگے اُس دل ربا کے ہاتھ نم

کیا جانیے وصال ترا ہو کسے نصیب ہم تو ترے فراق میں اے یار مر گئے ن

نہ تو ملنے کے اب قابل رہا ہے نہ اپنا وہ دماغ و دل رہا ہے ن

مت تلون اُس میں سمجھو آپ سا مصطفیٰ خاں عاشقِ یک رنگ ہے ن

سنتا نہیں تو بات کسی کی اے سجن تیرا غرور تجھ کو نہ جانوں کرے گا کیا ن

زبانِ شکر ہے مہندی کا ہر پات رکھے ہے خوب رو ظاہر کرامات ن

خیالِ چشم و ابرو کر کے تیرا کوئی مسجد گیا کوئی خرابات ن

عبث تو بے کسی پر اپنی کیوں ہر وقت روتا ہے نہ کر غم اے دوانے عشق میں ایسا بھی ہوتا ہے

حرف (ی)

متقدّمین

(۲۹۸) **حکیم یونس** : حکیم یونس از قدیم ست۔ احوالش معلوم نیست :

ہے معطر اب تلک صحرا تمام | اس زمیں اوپر کوئی گل ہو گیا ن
سو گیا جب سے جگایا تھا مجھے | بخت میرا جاگ اُٹھا تھا سو گیا ن

متوسّطین

از ایہام بندانِ آں دیار مسموع شدہ، معلوم نیست کہ از کیست۔ معانی پُر پیچ دارد :

توحید عشق کی ہوں اثبات کو نہ پوچھو | باقی رہا فنا سے جس نے جپی ہے مالا

یعنی لفظِ ما و لا ہر دو نفی ست و نفیِ نفی اثبات می شود۔

(۲۹۹) **یک رنگ** : مصطفیٰ قلی خاں، یک رنگ، در گلشنِ بہارِ سخن آب و رنگ، و در چمنِ گلزارِ معانی بلبلِ خوش آہنگ، مصطفیٰ قلی خاں، المتخلّص بہ یک رنگ، مردِ عمدہ بود در عہدِ فردوس آرام گاہ، نبیرۂ خانِ جہاں لودھی، در سلک ملازمانِ بادشاہی منسلک بود۔ معاصرِ میاں آبرو۔ خدا ایش بیامرزد۔ از دست :

ہاتھ اُٹھا جور اور جفا سے تو | یہی گویا سلام ہے تیرا ن
اس قدر کیا ہے حمایت غیر کی | ہم بھی تو تم سے کبھی تھے آشنا ن

کتبِ عربی تا شرحِ ملا خوانده بود۔ میر ضیاء سلمہ اللہ بہ او نظرِ الفت داشتند، چناں چہ تا حال ہر وقت کہ یادِ او می کنند می گریند۔ غرض کہ در عینِ نوجوانی از جہانِ فانی در گزشت۔ رحمہ اللہ:

اِس چمن میں ناتواں میں سب کے اوپر بار تھا ۔۔۔ خوش رہو ای بلبل و گل تم کو میں ہی خار تھا
چاہے سنگِ لوحِ تربت نصب کیجو آئینہ ۔۔۔ تا کوئی جانے کہ یہ حسرت کشِ دیدار تھا
آفریں ای دستِ گستاخِ محبت آفریں ۔۔۔ یہ گریباں ایک مدت سے گلے کا ہار تھا

(۳۰۴) **یقین**: شاعرِ دردمند و حزیں، انعام اللہ خاں، تخلص بہ یقیں، ولدِ اظہر الدین خاں۔ جوانے بود در عہدِ محمد شاہ، غفر اللہ لہٗ از تلامذۂ میرزا مظہر، جانِ جاناں۔ اصلش از شاہ جہان آباد ست۔ بسیار نازک مزاج و میرزا منش بود، صاحبِ دیوان ست، از بس کہ اشتہار دارد محتاجِ تعریف نیست۔ میر تقی در تذکرۂ خود نوشتہ کہ مشہور چنیں ست کہ میرزا مظہر تمام دیواں گفتہ دادہ است، خود موزوں نیست۔ مرا یقیں نہ بود، لیکن میرزا رفیع، سودا و میر سوز، سلمہما اللہ گواہی دادند کہ روزے ما یاں در خانۂ انعام اللہ رفتہ، برائے امتحاں غزلے طرح نمودیم، ہر چند مبالغہ کردیم، یک مصرع موزوں نہ کرد، ذائقۂ سخن فہمی ہم نہ داشت۔ واللہ اعلم۔ باشد، مارا ازیں چہ کار۔ متاعِ نیک ہر دکاں کہ باشد، اشعارش بسیار نمکیں و موثر اند۔ سخنِ او خالی از دردمندی نیست۔ می گویند کہ پدرش بے گناہ او را کشت، و پارچہ پارچہ کردہ، در دریا انداخت۔ سببش چنیں معلوم شد کہ پدرش تعلقِ خاطر با دخترِ خود داشت، نعوذ باللہ، و او ازیں چیز ہا ممانعت می کرد۔ برائے اخفائے ایں حرکت او را شہید کرد۔ اکثر چنیں شہادت می دہند۔ خدا بہتر می داند۔ ایں چند اشعار انتخاب نمودہ، قلمی می نماید۔ از وست:

چند بیت در مرثیۂ امام علیہ السلام خوب گفتہ است و آں این ست:

زخمی بہ رنگِ گل ہیں شہیدانِ کربلا ‏ گلزار کی نمط ہے بیابانِ کربلا ‏ ن

کھانے چلا ہے زخم ستم شامیوں کے ہاتھ ‏ دھو ہاتھ زندگی سیتی مہمانِ کربلا ‏ ن

اندھیر ہے جہاں میں کہ اب شامیوں کے ہاتھ ‏ ہے سر بریدہ شمعِ شبستانِ کربلا ‏ ن

(۳۰۰) **یک رو**: یک رو تخلص مردے بود از شاگردانِ میاں آبرو، لیکن، فکرش عالی معلوم می شود۔ ہمیں یک شعر از و شنیدہ ام:

ہیں دل پہ میرے داغ ترے ہجر کے کئی ‏ گننے میں جن کے عمر مری سب گزر گئی ‏ ن

(۳۰۱) **یک دل**: میر عزت اللہ، یک دل تخلص، سیدِ عالی نسب بود۔ عاشقِ سخن، اکثر با شعرا دوستی داشت۔ شعر کم می گفت، بیشتر فکرِ مدح و منقبتِ ائمۂ اطہار، صلوات اللہ الملک الغفار، بہ شوق و ذوقِ تمام نظم می نمود، چناں چہ این منقبتِ مشہور از وست۔ خدایش بیامرزد:

تو گلِ باغِ لا فتیٰ کی قسم ‏ سروِ گلزارِ ھل اتیٰ کی قسم ‏ ن

میرِ میدانِ لا فتیٰ کی قسم ‏ میں تو عاشق ہوں مرتضیٰ کی قسم ‏ ن

دل فدا ہوں مجھے خدا کی قسم ‏ ن

(۳۰۲) **یار**: میر احمد، محبوبِ روزگار و یارِ طرح دار، میر احمد المتخلص بہ یار، ولدِ شاہ اللہ یار، متوطنِ شاہ جہان آباد۔ جوانے بود بہ کمالِ وجاہت و ملاحت کہ یوسفِ ثانی تواں گفت۔ دراں زماں عالم عالم فریفتۂ رخِ نیکو و آشفتۂ زلفِ او بود۔ در وقتِ احمد شاہ ہنگامۂ حسنِ او گرم بود۔ ایں ہمہ شعرائے متوسلین مانندِ پروانہ دلِ خود را بر شعلۂ حسنش می سوختند، و او نیز بہ ایں ہا صحبت می داشت۔ اکثر اصلاحِ سخن از میر محمد تقی، سلمہ اللہ می گرفت۔ طبعِ موزونے داشت، گاہ گاہے دو سہ بیت می گفت۔ از

نم کیا مری مژگانِ تر کے ابر نے ڈالا ہی شور
آج بادل بے طرح اُمڈے ہیں یہ برسیں گے زور

نم خال گورے منہ کا لیتا ہی مرے دل کو چرا
اِس نگر میں چاندنی راتوں کو بھی پڑتے ہیں چور

ن اب جو آ کر بیٹھیں قفس کے بام پر مقدور نہیں حیف آگے ہم نہ بوجھے اپنے بال و پر کی قدر
دل ہمیں کہہ کر چلا تھا اپنے جلنے کی خبر پھر نہ دی آ کر کسی نے اُس دوانے کی خبر
بلبلیں پیہم چلی جاتی ہیں باغوں کی طرف کچھ تو اُڑتی سی سنی ہی گل کے آنے کی خبر
سچ کہو اے بلبلو کس باغ سے آتی ہو تم کچھ بھی ہی تم کو ہمارے آشیانے کی خبر
آج اِس لطف کی دیکھی ہی میں بیداد کہ بس سر پہ آیا مرے اِس طور سے جلاد کہ بس
کچھ پر و بال میں طاقت نہ رہی تب چھوٹے ہم ہوئے ایسے برے وقت میں آزاد کہ بس
تو نہ تھا حیف یقیں ورنہ دوانا ہوتا آج اِس طرح کا دیکھا ہی پری زاد کہ بس
سحر کی ڈوری جو سنتے تھے سو یہ دیکھی یقیں دل کھنچا جاتا ہی اُس زلف پریشاں کی طرف
ناصح سے غم نے مجھ کو کیا شرمسار حیف سو بار پھٹ چکا یہ گریباں ہزار حیف
جاتی نہیں دو بے مزگی ہجر کی یقیں کچھ وصل کے نشے نے نہ کھویا خمار حیف

جلتے بلتوں سے نہ مل اِن تیلیا کپڑوں کے ساتھ
جی دھڑکتا ہی مبادا لگ اُٹھے دامن کو آگ

چمن میں مجھ سے دیوانے کے لے جانے کا حاصل
دکھا کر گل جنوں کو شور پر لانے کا کیا حاصل
جنہیں بالوں کی پھانسی دی سو وہ ہرگز نہیں بچتے
جو زلفوں میں پھنسا دل اُس کے غم کھانے کا حاصل

ن دوبارہ زندگی کرنا مصیبت ہی کہ کہتے ہیں پھر اُٹھنا بے دماغوں کا قیامت اِس کو کہتے ہیں

م ہو ترے داغ سے پُر سینۂ سوزاں میرا — آبِ رنگ سے آگ، رکھتا ہی گلستاں میرا
نم روا گر دیجیے اِس کو بھی تو کچھ عیب نہیں — آئینے سے بھی گیا گیا دلِ حیراں میرا
کبھو یہ تھا کہ ہم پر وہ بتِ مغرور رو دیتا — برا جب دیکھتا حالِ دلِ رنجور رو دیتا
نم اگر مر کر نہ میں اُس شوخ کی خاطر نشاں کرتا — خدا جانے وفا میری کے حق میں کیا گماں کرتا
م رہا میں بے خبر افسوس لذت سے اسیری کی — جو میں یہ جانتا کنجِ قفس میں آشیاں کرتا
اُس کو اب خشم و رضا میرا برابر ہو گیا — حیف مضموں رو ٹھنے کا بھی مکرر ہو گیا
نم کیا بدن ہوگا کہ جس کے کھولتے جامے کا بند — برگِ گل کی طرح ہر ناخن معطر ہو گیا

عجب اتفاق ست کہ ایں شعر توارد شد با شعرا نند رام، مخلص کہ ہم عصر اوبود۔ معلوم نیست کہ ایں معنیٰ در اصل از کیست:

"ناخن تمام گشت معطر چو برگِ گل
بندِ قبائے کیست کہ وا می کنیم ما"

اِس قدر غرق لہو میں یہ دلِ زار نہ تھا — جب حنا سے ترے پاؤں کو سروکار نہ تھا
ن دل میں زاہد کے جو جنت کی ہوا کی ہو ہوس — کوچۂ یار میں کیا سایۂ دیوار نہ تھا
اُس گل سے کچھ حجاب ہمیں درمیاں نہ تھا — جس دن کہ یہ بہار نہ تھی گلستاں نہ تھا
دام و قفس سے چھوٹ کے پہنچے جو باغ تک — دیکھا تو اُس زمیں میں چمن کا نشاں نہ تھا
اتنا جہاں میں کوئی کبھی بے وفا نہ تھا — ملتے ہی تیرے مجھ سے یہ دل آشنا نہ تھا
جو کچھ کہیں ہیں تجھ کو یقیں ہو سزا تری — بندہ جو تو بتاں کا ہوا کیا خدا نہ تھا
ہمارا شور سن مجنوں کو بھولی طرح نالے کی — کوئی شیروں کے منہ پر نے بجا سکتا ہی کیا قدرت
بتاں کی مجھ سے خاطر جمع ہو یاں تک کہ کہتے ہیں — کہاں اِس دام سے یہ صید جا سکتا ہو کیا قدرت
ن عاشق اور معشوق عالم کے سند کرتے ہیں سب
تجھ سے خوں خواری کی لذت اور مجھ سے غم کھانے کی طرح

اگرچہ عشق میں آفت ہے اور بلا بھی ہے — برا برا نہیں یہ شغل کچھ بھلا بھی ہے
اِس اشک و آہ سے سودا اگر نہ جائے کہیں — یہ دل کچھ آب رسیدہ ہے کچھ جلا بھی ہے
یہ آرزو ہے کہ اُس بے وفا سے یوں پوچھوں — کہ میرے بے مزہ رکھنے میں کچھ مزہ بھی ہے
خبر کیا پوچھیے مرغِ چمن سے آشیانے کی — اسیروں کو توقع کب ہے پھر گلشن میں جانے کی
گئے پکڑے شروعِ گل میں اور پرواز اوّل میں — نہ دی فرصت زمانے نے ہمیں دو دن چہچہانے کی
یہ لذت جس نے اپنے یار سے پائی ہو سو جانے — نشے میں گالیاں کھانے کی اور پیالے پلانے کی
مفت کب آزاد کرتی ہے گرفتاری مجھے — جی ہی آخر لے کے چھوڑے گی یہ بیماری مجھے
میں جو بِن غمخوار ہرگز رہ نہ سکتا تھا کبھی — اِن دنوں کرنی پڑی ہے دل کی غمخواری مجھے
رفیقانِ موافق ساتھ زنداں بھی گلستاں ہے — ہوا ہے دام ہم کو آشیاں آپس کی الفت سے
عبث پالی تھی سینے بیچ آہِ بے اثر ہم نے — یہ کیوں اِس خاک میں بویا تھا نخلِ بے ثمر ہم نے
نہ روئے ہجر میں پر وصل کے دن بہہ چلے آنسو — اِسی دن کے لیے رکھے تھے گویا یہ گہر ہم نے
گئی یہ کہہ کے آنے سے خزاں کے پیشتر بلبل — پھر اِن آنکھوں سے کیوں کر دیکھ سکیے گا چمن خالی
نم خوش آئی ہے مجھے یہ بات ٹک مجنونِ عریاں سے — سیا کیجے کہاں تک چاک ہم گزرے گریباں سے
جو سر پاؤں پہ دھر دیجے تو راضی ہوں بتاں ہم سے — ولیکن ہائے ہو سکتی ہے یہ جرأت کہاں ہم سے
ن جو چھپ کر دیکھتے گل کو تو کب صیاد واقف تھا — ہمارے آہ و نالے نے چھڑایا آشیاں ہم سے
یار اگر منظور ہے دنیا و عقبیٰ سے گزر — منزلِ مقصود ہے دونوں جہانوں سے پرے
جب ہوا معشوق عاشق دل ربائی کیا کرے — بندگی سے جس نے خو کی ہو خدائی کیا کرے
نم وصل کی گرمی سے مجھ کو ضعف آتا ہے یقیں — دیکھیے مجھ ساتھ خوباں کی جدائی کیا کرے
معاوضے میں وفا کے جو یہ جفا ہوئے — کہو کسی سے کوئی کیوں کے آشنا ہوئے
یہ سب تو کرتے ہیں دعوائے عشقِ یار کبھو — جو آزمانے پہ آئے تو کیا مزہ ہوئے
سم ٹک اک انصاف کر اتنی بھی کرتا ہے جفا کوئی — کرے گا بعد میرے کس توقع پر وفا کوئی

ہوئی جا بجا یہ شیریں کوہ کن کے بعد خسرو کی — وہ کیا تھا زخم تیشے کا جراحت اس کو کہتے ہیں
یقیں مارا گیا جرم محبت پر زہے طالع — شہادت اس کو کہتے ہیں سعادت اس کو کہتے ہیں
کوئی دن چلنے پھرنے دیں عبث زنجیر کرتے ہیں — دوانا مجھ سا کب جیتا ہے کیوں تم بیر کرتے ہیں
اس طرح صیاد کب آزاد کرتا ہے تحسیں — بلبلو دھومیں مچالو یہ گلستاں پھر کہاں
نم کرتا ہے کوئی یار دو اس وقت میں تدبیریں — مرتا ہے یہ دیوانہ اب کھول دو زنجیریں
ن نہ گزرا ہوگا کوئی مجھ سا رنگیں بانکے پن میں — گریباں آ پڑا ہے پھٹ کے گل کی طرح دامن میں
یقیں سے جلتے بلتے کی خبر کیا پوچھ کر لوگے — پڑا ہوگا دوانا باؤلا سا کوئی گلخن میں
شکوہ جفا کا یار سے کرنا بھلا نہیں — بندوں کو اعتراض خدا پر روا نہیں
نم جب دیکھتا ہوں تنہا تجھ کو کسی چمن میں — کس کس طرح کی باتیں آتی ہیں میرے من میں
نم مجنوں کی خوش نصیبی کرتی ہے داغ دل کو — کیا عیش کر گیا ہے ظالم دوانے پن میں
ہم تو حاضر ہیں عشق یار کہاں — خار و خس جمع ہے شرار کہاں
باغ باں در نہ بند کر آخر — ہم کہاں تو کہاں بہار کہاں
م اسیران چمن کی نامرادی پر نظر کیجو — بہار آئے تو اے صیاد مت ہم کو خبر کیجو
م منہ اپنا نہ دیکھ آ کر ہو جائے گا دیوانہ — آئینے کو کہتے ہیں اے شوخ پری خانہ
کچھ عمر نہیں باقی ساقی تو شتاب آ جا — ڈرتا ہوں چھلک جائے لب ریز ہے پیمانہ
ن خواب میں کس طرح دیکھوں تجھ کو بے خوابی کے ساتھ — جمع آسایش کہاں ہوتی ہے بے تابی کے ساتھ
ن مفت نہیں لیتے وفا کو شہر خوباں میں یقیں — کس قدر بے قدر ہے یہ جنس نایابی کے ساتھ
گئے سب بھول شکوے دیکھ روئے یار کیا کہیے — زباں حیرت سے اپنی ہو گئی بے کار کیا کہیے
یقیں کے واقعے کی سن خبر وہ بدگماں بولا — یہ دیوانہ کچھ اتنا تو نہ تھا بیمار کیا کہیے
ن زنجیر میں بالوں کی پھنس جانے کو کیا کہیے — کیا کام کیا دل نے دیوانے کو کیا کہیے
دل چھوڑ گیا مجھ کو دل بر سے توقع کیا — اپنے نے کیا یہ کچھ بیگانے کو کیا کہیے

وصل ہو تجھ سے بتا ای یار جانی کس طرح
اور نہ ہووے وصل تو ہو زندگانی کس طرح

نام لیتے اُڑ گئے پیغام بر تیرے حواس
جا کہے گا اُس سے پیغام زبانی کس طرح

مجھ کو یقین ہو گیا تیرا وہ دل رہا نہیں
اتنا نہ ناز کر صنم بندے کا کیا خدا نہیں

اوروں کے حال پر کرم مجھ پہ بہ جز جفا نہیں
یوہیں رضا گر آپ کی بندے کا کیا خدا نہیں

میں نے کہا کہ میرے ماہ ٹک تو ادھر تو کر نگاہ
کہنے لگا تو کون ہے تجھ سے میں آشنا نہیں

منظور قتل ہے تو تجھے کیا درنگ ہے
یہ میں، یہ تو، یہ تیغ، یہ تیر و تفنگ ہے

وہ دن گئے کہ جان و دل آپس میں تھے خوشی
اب یہ خفا ہے اُس سے یہ اُس سے بہ تنگ ہے

بولی ٹھٹولی غیر سے ہم کو سنا سنا
ظالم بھلا ستانے کا یہ کوئی ڈھنگ ہے

لطف و کرم سے پاس بلانا تو اک طرف
احوال پوچھنے سے مرے اُس کو ننگ ہے

دیکھیں فلک وہ دور دکھائے گا یا نہیں
اِس دل میں وصلِ یار کی کیا کیا اُمنگ ہے

چھوٹے وہ درد و غم سے جو جی سے گزر گئے
تیری شبِ فراق میں ہم کیوں نہ مر گئے

گو جی گیا پہ دیکھ لیا تجھ کو اک نگاہ
منظور تھا جو اپنے تئیں کام کر گئے

ہرگز نہ کام نکلا کچھ دیر اور حرم سے
آخر ہمارا مقصد حاصل ہوا تو ہم سے

گلِ نرگس میں بھیجوں ہوں یعنی
چشم تیرے ہی انتظار میں ہے

عاشق جو ترے گھر سے جانا نہ نکل جائے

. . . .

اِس دل سے مجھے کیا کیا ای یاس توقع تھی
جاتا ہی رہا جیسے بیگانہ نکل جائے

گزرا بوسۂ وصل سے گر جیوں دیکھے رضا اس کی — محبت میں یقیں ایسا ہو تا ہم مدعا کوئی
حرم کو چھوڑ دل بے طرح بت خانے پہ چلتا ہے — توقع یار رہنے کی نہیں دین کو خدا رکھے
خدا مجھے ترے داغوں سے لالہ زار کرے — یہ خارِ خشک مگر آگ سے بہار کرے
قیامت آپ پر اس قد سے لا چکے ہم تو — کہاں تلک کوئی محشر کا انتظار کرے

متاخرین

(۳۰۴) **یاس** : از خوبانِ جہاں و از موزونانِ زماں، خانِ عالی شان، حسن علی خاں، ولدِ زین العابدین خاں نبیرۂ نواب اسلام خاں، بن عقیدت خاں، ابنِ نواب امیر خاں، کلاں، نعمت اللّٰہی۔ جوانے ست بسیار خلیق، و با غربا شفیق، قدردان و قدرشناس، المتخلص بہ یاس۔ اکثر مشورۂ سخن با میاں حسرت دارد۔ ہنوز نومشق ست، اگر طبیعتش بہ این فن راغب شود، خوب خواہد گفت۔ دریں ولا مائلِ خواندنِ عربی ست۔ خوشا بہ حالش کہ عمرِ عزیزِ خود را بدیں نحو صرف نماید۔ از متوسلانِ قریبۂ نواب عالیہ است۔

ایں چند اشعار بہ طریقِ یادگار بہ قلم می آید۔ از وست۔ دام اقبالہٗ :

عشق نے تیرے مجھے خلق میں تشہیر کیا — میری الفت نے ترے دل میں تاثیر کیا
جی تلک دے کے خفا یہ تو نہ ہوتا ہرگز — تو نے کیا جانیے کیوں یاس کو دل گیر کیا
تو آپ ہی سن رہے گا ہجر میں جو کچھ گزرا — خدا وہ روز نہ لائے تری جدائی کا
کسی کو ہجر میں رونا کسی کو وصل میں عیش — میں کیا کہوں ہے تماشا عجب خدائی کا
بتوں کو سجدہ کیا جا کے دیر میں آخر — بہت ہی یاس کو دعویٰ تھا پارسائی کا
شیریں نے پائی کب یہ حلاوت سخن کے بیچ — جو بات لطف دیتی ہے اس کے سخن کے بیچ
ہوتا ہے جا غریب کوئی اور شہر میں — آوارہ میں تو پھرتا ہوں اپنے وطن کے بیچ

خاتمہ

الحمدللہ والمنۃ کہ ایں تذکرہ من تالیفِ فقیرِ حقیر، پروردۂ آغوشِ رنج و محن، میر حسن در تاریخ یک ہزار و یک صد و نود و یک ہجری بہ اتمام رسید۔ پوشیدہ نہ ماند کہ احاطہ نمودنِ کلامِ جمیع شعرا از قبیلِ دریا بہ کوزہ کردن ست، چرا کہ ہیچ جائے نیست کہ دروے صاحب سخنے نہ خواہد بود۔ پس، ایں بے استعداد را چہ یارا کہ از ملک بہ ملک یا از شہر بہ شہر احوالِ ہر کسے را تفتیش نماید، و اشعارِ ہر صاحب سخن را درج کند، مگر احوالِ بعضے اشخاص کہ شنیدہ شد، یا در تذکرہائے متقدمین دیدہ شد، یا خود ملاقات نمودہ شد، پارۂ دریں جا ثبت نمود۔ اگر مذکورِ کسے بہ سببِ ناواقفیت نیامدہ باشد، معذور باید داشت۔ بعد ازیں ہر سخن سنجے کہ خواہد بود، احوالِ معاصرینِ خود ماسوائے ایں تذکرہ خواہد نوشت۔ چناں چہ ہمیں طور نوشتہ آمدہ اند، و خواہند نوشت۔ بہ قولِ عمر خیّام، رباعی:

ہر نقشِ قدم بہ افسرے می گوید
ہر کہنہ خرابہ با درے می گوید
دنیاست فسانہ پارۂ ما گفتیم
واں پارہ کہ ماندہ دیگرے می گوید